78885

# اِصلاح الرُّسوم

از

حضرت مولانا شاہ اشرف علی رحمۃ اللہ علیہ

ARABIC SECTION PUNJAB UNIVERSITY LIBRARY

دینی بک ڈپو دہلی

Marfat.com

PUNJAB
ARABIC
SECTION
66053

قیمت

ایک روپیہ

آٹھ آنہ

Marfat.com

دینی بک ڈپو

کی

طرف

سے

پہلا ایڈیشن

مطبوعہ

ہمدرد پریس دہلی



Marfat.com

فہرست

# اصلاح الرسوم


| | | |
|---|---|---|
| مقدمہ | | ۹ |

## پہلا باب

| | | |
|---|---|---|
| پہلی فصل | ناچ و گانا | ۱۱ |
| دوسری فصل | شطرنج و گنجفہ | ۱۹ |
| تیسری فصل | آتشبازی | ۲۷ |
| چوتھی فصل | ڈاڑھی منڈوانا یا کتروانا | ۲۹ |
| پانچویں فصل | سیاہ خضاب | ۳۱ |
| چھٹی فصل | ڈاڑھی چڑھانا | ۳۴ |
| ساتویں فصل | انگریزی بال | ۳۵ |
| آٹھویں فصل | ٹخنوں سے نیچے ازار لٹکانا | ۳۵ |
| نویں فصل | کتا یا تصویر رکھنا | ۳۷ |
| دسویں فصل | غیر مذہب والوں کی وضع اختیار کرنا | ۴۱ |

## دوسرا باب

| | | |
|---|---|---|
| پہلی فصل | پیدائش اولاد | ۴۶ |
| دوسری فصل | عقیقہ | ۵۲ |
| تیسری فصل | بچہ کی تعلیم | ۵۴ |
| چوتھی فصل | ختنہ | ۵۶ |
| پانچویں فصل | منگنی | ۵۹ |
| چھٹی فصل | رسوم نکاح | ۶۳ |
| | نکاح حضرت فاطمہ زہرا رض | ۱۰۵ |




Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| چھٹی فصل | ازواج مطہرات | ۱۰۹ |
| " | نکاح کے مسائل | ۱۱۱ |
| " | حجاب کے مسائل | ۱۱۴ |
| ساتویں فصل | دوسرے نکاح کو عیب جاننا | ۱۲۰ |
| آٹھویں فصل | انگریزی تعلیم | ۱۲۱ |
| نویں فصل | حق تصنیف بیچنا | ۱۲۲ |
| دسویں فصل | کھیل تماشا دیکھنا | ۱۲۳ |


## تیسرا باب


| | | |
|---|---|---|
| پہلی فصل | جن رسوم کو عبادت جان کر کیا جائے | ۱۲۵ |
| دوسری فصل | اولیاء اللہ کا عرس و فاتحہ | ۱۳۸ |
| تیسری فصل | شب برات کا حلوہ | ۱۵۰ |
| چوتھی فصل | مرنے کے بعد کی رسمیں | ۱۵۹ |
| پانچویں فصل | رمضان المبارک کی رسمیں | ۱۶۷ |
| چھٹی فصل | عورتوں کا غیر محرم سے قرآن شریف سننا | ۱۷۲ |
| ساتویں فصل | مساجد کے لئے چندہ جمع کرنا | ۱۷۳ |
| آٹھویں فصل | طالب علم کی دستار بندی | ۱۷۴ |
| نویں فصل | تبرکات کی زیارت | ۱۷۵ |
| دسویں فصل | مساجد کی زینت | ۱۷۶ |
| ضمیمہ اصلاح الرسوم | | ۱۷۹ |




Marfat.com

حضرت کے ترجمہ کے قرآن شریف

پنجسورہ و دیگر کتب منگانے

کا

پتہ یاد رکھئے

دینی بک ڈپو دھلی



Marfat.com

چونکہ اس زمانہ میں اکثر مسلمان شادی اور غمی وغیرہ کی سُنی سنائی اور من گھڑت رسوم کے اس درجہ پابند ہو گئے ہیں کہ اُن کی ادائگی میں اگر فرائض اور واجبات ترک ہو جائیں تو بلا سے ہو جائیں مگر یہ رسوم اپنے معینہ ومقررہ اوقات ہی پر ادا ہوں

Marfat.com

# اصلاح الرسوم

جس میں پیدائش سے لے کر مرتے دم تک کی رسوم قبیحہ کا تذکرہ کرکے اس کی دینی و دنیوی خرابیوں پر کافی روشنی ڈال کر مسلمانوں کو اس بلا سے بچانے کی سعی مشکور فرمائی ہے جو ان رسوم کی پابندی کی وجہ سے پریشانی، تنگدستی، افلاس اور دیگر مصائب کی صورت میں ان پر نازل ہوتی ہے۔ اس کتاب میں تین باب ہیں اور ہر باب میں دس دس فصلیں ہیں۔ پہلے باب میں ان رسوم کا ذکر ہے جن کو کرنیوالے بھی گناہ سمجھتے ہیں اور دوسرے باب میں ان رسوم کا تذکرہ ہے جن کو کرنیوالے جائز سمجھ کر کرتے ہیں اور تیسرے باب میں ان رسوم کو بیان کیا گیا ہے جن کو کرنیوالے عبادت سمجھ کر کرتے ہیں اور آخر میں ایک ضمیمہ کا اضافہ بھی کیا گیا ہے

## مقدمہ

صابری گیلانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

الحمد للہ الذی اخرجنا من الظلمات الی النور والصلوٰۃ علیٰ رسولہ سیدنا محمد الھادی الی مایوجب السرور والحبور وعلیٰ اٰلہ وصحبہ الذین نشر والحق طبیعھم المشکور ۞

اما بعد اس زمانہ میں اکثر مسلمانوں کو دیکھا جاتا ہے کہ اپنی رسوم اختراعیہ کے اس قدر پابند ہیں کہ فرض و واجب کے قضا ہو جانے کا غم نہ ہو مگر ان رسوم میں رائی برابر بھی کمی نہ ہو اور ان کی بدولت طرح طرح کی پریشانی اور تنگ دستی اور مصیبت میں مبتلا ہوتے ہیں اور دین و دنیا دونوں کھوتے ہیں اور چونکہ ان کا رواج عام ہے اس لئے ان کی برائی بھی دل میں بس برائے نام ہے بلکہ بعض امر تو بعض کے نزدیک اچھا بلکہ ثواب کا کام ہے یہی وجہ ہے کہ ناصحین سے الجھتے ہیں اور لغو شبہات و تاویلیں کر کے اپنے عمل کو حق سمجھتے ہیں پھر بعض رسوم کو اعتقاداً معصیت بھی جانتے ہیں گو عملاً اس کو ہلکا اور اپنے کو اس کے کرنے میں مجبور و معذور جانتے ہیں لیکن بعض کو بالکل مباح و حلال ٹھیرایا ہے اور اس سے بڑھ کر یہ غضب ہے کہ بعض کو اطاعت و عبادت بنایا ہے چونکہ اس میں دنیا کا نقصان عاقبت کا خسران تھا اس لئے مسلمانوں کو اس پر مطلع کرنا مقتضائے خیر خواہی اہل ایمان تھا بناً علیہ ضروری معلوم ہوا کہ بعض رسوم کثیر الشیوع



Marfat.com

کے باب میں کچھ عرض کیا جاوے اور برعایت عام فہم اس باب میں بہت سلیس عبارت و تقریر سے کام لیا جاوے اور باعتبار اقسام سہ گانہ مذکورہ کے اس کی تین باب پر تقسیم ہے اور ہر باب کے فصول متعددہ میں ایک رسم کے حکم کی تعلیم ہے اور چونکہ قسم اول کی قباحت بدیہی اور جلی ہے اور قسم دوم کی اس سے زیادہ اور قسم سوم کی اس سے زیادہ نظری اور خفی ہے اور بدیہی کی تقدیم نظری پر واجب ہے۔ اس لئے ترتیب ابواب اسی طرح مناسب ہے اور ہر چند کہ اس کے علاوہ اور بھی ہر جگہ بہت سی مختلف رسوم ہیں جو کہ عوام و خواص سب کو معلوم ہیں مگر چونکہ ان میں بھی قریب قریب یہی خرابیاں ہیں۔ اس لئے سب کی تفصیل ضرور نہیں سمجھ دار آدمی ذرا بھی غور کرے تو سمجھ لینا دور نہیں ہے

واسمیتہا باصلاح الرسوم
وابدءھا متوکلاً علی واھب العلوم

(مولانا) محمد اشرف علی



Marfat.com

پہلا باب

# پہلی فصل

ان رسوم میں جن کو اکثر کرنیوالے بھی گناہ سمجھتے اور کرتے ہیں۔ ان میں ایک رسم شادی میں ناچ کرانے کی ہے جس میں یہ قبائح[1] ہیں۔ (۱) نامحرم عورتوں کو اہلِ مجلس دیکھتے ہیں جو آنکھ کا زنا ہے۔ اس کے بولنے اور گانے کی آواز سنتے ہیں جو کان کا زنا ہے۔ اس سے باتیں کرتے ہیں جو زبان کا زنا ہے۔ اس کی طرف قلب کو میلان[2] ہوتا ہے جو دل کا زنا ہے جو زیادہ بے حیا ہیں اس کو ہاتھ بھی لگاتے ہیں جو ہاتھ کا زنا ہے، چنانچہ حدیث شریف میں یہ مضمون[3] صراحتًا[4] موجود ہے۔ دوسری حدیث میں ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت لوگوں کو مبتلائے عذاب دیکھا منجملہ ان کے ایک مقام پر دیکھا کہ ایک غار بشکل تنور کے ہے جو اوپر سے تنگ ہے اور نیچے سے فراخ ہے اس میں آگ بھری ہے اور اس میں بہت مرد اور عورتیں ننگی ہیں جس وقت آگ کا شعلہ بلند ہوتا ہے اس کے ساتھ وہ سب اوپر کو آجاتے ہیں اور جب وہ شعلہ نیچے جاتا ہے تو اس کے ساتھ وہ سب بھی نیچے چلے جاتے ہیں۔ آپ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں انہوں نے جواب دیا کہ یہ زناکار لوگ ہیں۔ روایت کیا اس کو بخاری نے اور ایک حدیث میں ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت کرے اللہ تعالیٰ بدنگاہ کرنیوالے کو اور جس کی طرف بدنگاہ کی جاوے یعنی جب وہ بھی اس کا ارادہ وقصد کرے روایت کیا اس کو بیہقی نے اور ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص بدنگاہ سے دیکھے قیامت کے دن اس کی آنکھوں میں پگھلا ہوا سیسہ ڈالا جائے گا۔ (۲) اتنے گناہوں کا علی الاعلان ہونا کیونکہ یہ بات مقرر ہے کہ پوشیدہ گناہ کرنے سے علانیہ زیادہ برا ہے۔ حدیث میں ہے رسول

[1] برائیاں ۱۲ [2] رغبت ۱۲ [3] بات [4] صاف ۱۲



Marfat.com

مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے علامات قرب قیامت میں فرمایا کہ جب فلاں فلاں امر واقع ہوں اور گانے والیاں اور باجے والے علی الاعلان ظاہر ہونے لگیں اس وقت لوگوں کو اندیشہ کرنا چاہیئے سرخ ہوا کا اور زلزلہ کا اور زمین میں دھنس جانے کا اور صورت مسخ ہو جانے کا اور پتھر برسنے کا اور بڑی بڑی سخت نشانیوں کا کہ اس طرح لگا تار آویں گی جیسے کسی لڑی کا تاگا ٹوٹ جاوے اور اس کے دانے لگا تار گرنے لگتے ہیں روایت کیا اس کو ترمذی نے۔ واقعی یہ حدیث گویا ناچ ہی کی پیشینگوئی ہے کہ کسی وقت ایسا بھی ہوگا کہ جو لوگ بیاہ کی سے اس میں شریک ہوتے ہیں وہ سن لیں کہ اس میں کیسی وعیدیں ہیں۔ اور حدیث میں ہے کہ ارشاد فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں ظاہر ہوئی بے حیائی اور فحش کسی قوم میں یہاں تک کہ اس کو کھلم کھلا کرنے لگیں مگر پھیل پڑتا ہے طاعون ان میں اور ایسی بیماریاں کہ اُن کے گذشتہ بزرگوں میں کبھی نہیں ہوئیں۔ روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور کوئی شک نہیں کہ ناچ میں شریک ہونے سے زیادہ اور کیا بے حیائی ہوگی۔ طاعون اور نئی نئی بیماریوں کا پھیلنا ہمارے ملک میں ظاہر ہے یہ نتیجہ انہی فحش افعال کا ہے۔

(۳) بانی اور مہتمم مجلس کے لئے خصوصاً یہ کہ وہ اتنے آدمیوں کو گناہ کی طرف بلاتا اور جمع کرتا ہے پس جس قدر جدا جدا سب کو گناہ ہوتا ہے اسی قدر سب ملا کر اکیلے اس بانی و مہتمم کو ہوتا ہے بلکہ اس کی دیکھا دیکھی جو کبھی اس قسم کا جلسہ کرے گا۔ اس میں بھی یہ شخص شریک گناہ ہوگا بلکہ

اس کے مرنے کے بعد بھی جب تک اس کا بنیاد ڈالا ہوا سلسلہ چلے گا اس وقت تک برابر اس کے نامۂ اعمال میں گناہ لکھے جاویں گے۔ حدیث میں ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص راہ ہدایت کی طرف بلاوے جتنے آدمی اس کی پیروی کریں گے جس قدر ان سب کو ثواب ملے گا اسی قدر اس کو بھی ثواب ہوگا اور ان کے ثواب میں سے کچھ کم نہ ہوگا اور جو شخص کسی گمراہی کے طریقے کی طرف بلاوے جتنے اس کی پیروی کریں گے جس قدر ان سب کو گناہ ہوگا اتنا اس اکیلے کو ہوگا اور ان کے گناہ میں کچھ کمی نہ ہوگی روایت کیا اس کو مسلم نے۔

(۴) جو لوگ مجلس میں موجود نہیں دور دراز رہتے ہیں ان کو بذریعہ خطوط کے اور رنگین رقعوں کے اطلاع دیتا ہے کہ اس طرح فسق و فجور کروں گا یا کیا ہے یہ بھی خود ایک سخت گناہ ہے۔ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سب کے لئے معافی ہے مگر جو کھلم کھلا گناہ کرتے ہیں اور یہ بھی کھلم کھلا کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ستاری فرمائی تھی مگر صبح کو اس نے خود اپنے کو فضیحت کرنا شروع کیا کہ میاں فلاں نے ہم نے فلانے دن فلاں کام کیا تھا۔ خود اپنی پردہ دری کی۔ حالانکہ خدائے تعالیٰ نے چھپالیا تھا۔ فقط۔ سو ظاہر ہے کہ شادی کے رقعوں میں بقید تاریخ اطلاع ناچ کی دور دور کی جاتی ہے اور اس مضمون میں اس فعل کا استحسان اور دوسروں کو ترغیب شرکت اور اپنی منت کشی ہوتی ہے۔

(۵) اس مجلس میں معازف[1] مزامیر[2] بے دھڑک بجائے جاتے ہیں۔ جو خود

---

[1] ہاتھ سے بجانے کے باجے ۱۲ [2] منہ سے بجانے کے باجے ۱۲

سامانِ معصیت ہیں۔ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حکم فرمایا ہے مجھ کو میرے پروردگار نے معازف اور مزامیر کے مٹانے کا حکم کیا۔ روایت کیا اس کو احمد نے خیال کرنے کی بات ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم جس چیز کے مٹانے کے لئے تشریف لائیں اس کے رونق دینے والے کے گناہ کا کیا ٹھکانا ہے۔

(۶) شرکاء مجلس کو تو نماز کیا خاک نصیب ہوگی اور پاس پڑوس والوں کی نماز میں گانے بجانے کی آواز سے خلل و نقصان واقع ہوتا ہے بعض لوگوں کو اس پریشانی میں نیند بے وقت آتی ہے اور نماز قضا ہو جاتی ہے۔ سو ان نمازوں کے برباد ہونے کا وبال اس شخص پر پڑتا ہے ایک ایک نماز کے ترک پر حدیث میں جہنم کی وعید آئی ہے جس شخص نے اتنے آدمیوں کی نماز خراب کی اس کے عذاب کا کیا ٹھکانا ہے۔

(۷) اکثر ناچ دیکھنے کی جب عادت ہو جاتی ہے اس کی برائی دل سے نکل جاتی ہے بجائے اس کے کہ گناہ کر کے غم ہوتا اور الٹی فرحت ہوتی ہے یہ مقام بڑے اندیشہ کا ہے۔ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان ہونے کی یہ علامت فرمائی ہے کہ اگر نیکی کر کے دل خوش ہو اور گناہ کر کے دل برا ہو تو بھی تم مومن ہو جب گناہ کر کے دل خوش ہونے لگا پھر فرمایئے کہ ایمان کہاں رہا یہ تو ہر دیکھنے والے کا حال ہوا اور جس نے سب کو دکھلایا ہے وہ اکیلا ان سب کی برابر عقوبت کا مستحق ہوتا ہے۔

(۸) بعض لوگ ناچ والی کے عشق میں مبتلا ہو کر اپنا سب مال اور آبرو



Marfat.com

اور دین برباد کرتے ہیں اس کا سبب یہی بانی مجلس ہوا تو اسی تمامتر وبال میں یہ بھی شریک ہوگا۔ اور عشق مجازی ایسی بری بلا کی چیز ہے کہ آدمی کو بعض اوقات کافر بنا کر رہتی ہے کیونکہ انسان کا قلب تو ایک ہی ہے اس میں ایک ہی محبت سما سکتی ہے۔ جب کسی مردار کی محبت اس میں آوے گی خالق کی محبت گھٹتی جاوے گی یہاں تک کہ جب قلب کو بالکل محیط ہو جاوے گی تو وہ بالکل دل سے نکل جاوے گی اور یہی مقام کفر ہے۔ ایک شخص کی حکایت ہے کہ وہ اپنے گھر کے ڈیوڑھی پر کھڑا تھا اور دروازہ اس کے گھر کا حمام کا سا دروازہ تھا ایک خوبصورت نوجوان لڑکی وہاں گزری اور پوچھا کہ حمام منجاب کا راستہ کدھر ہے اس شخص نے کہا کہ حمام منجاب یہی ہے وہ اندر چلی گئی اور یہ اس کے پیچھے پیچھے چلا جب لڑکی نے یہ حالت دیکھی تو سمجھ گئی کہ اس نے دھوکا دیا اس نے براہ چالاکی بشاشت ظاہر کی اور کہا کہ کچھ سامان عیش و نشاط مہیا کر لینا چاہیئے کہنے لگا جو کہو ابھی تیار ہو جاتا ہے اس نے کچھ فرمائش کی یہ گھر سے اس کا سامان کرنے کے لیئے باہر نکلا۔ اور اس کو گھر میں چھوڑ گیا یہ لڑکی نکل کر چل دی وہ شخص لوٹ کر جو آیا اور اس کو نہ پایا بہت پریشان ہوا اور اکثر اس کو یاد کیا کرتا اور گلی کوچوں میں کہتا پھرتا ہے

یارب قائلۃ یوما وقد تعبت
این الطریق الی حمام منجاب

خلاصہ شعر کا یہ ہے کہ وہ جو حمام منجاب کا راستہ پوچھتی تھی وہ کہاں گئی اسی طرح تمام عمر مصیبت میں گزری جب مرنے کا وقت پہنچا اور لوگ



Marfat.com

کلمہ پڑھنے کو کہتے تھے اور وہ بجائے کلمہ کے یوں کہتا تھا ؎

یارب قائلۃ یوماً وقد تعبت  این الطریق الی حمام منجاب

آخر اسی میں ختم ہوگیا۔ نعوذ باللہ من سوء الخاتمہ۔ ایک اور شخص کی حکایت ہے کہ کسی پر عاشق ہوگیا اور اس غم میں صاحب فراش ہوگیا۔ کچھ لوگوں نے درمیان پڑ کر معشوق کو لانے پر آمادہ کیا۔ یہ سنکر عاشق تازہ ہوگیا اور منتظر وعدہ ہو کر بیٹھا دفعتہً ایک شخص نے آکر بیان کیا کہ وہ میرے ساتھ آنے کو چلا تھا راستہ میں کہنے لگا کہ میں موضع تہمت میں نہیں جاتا میں نے ہر چند سمجھایا مگر اس نے نہ مانا اور واپس ہوگیا اس کو سنتے ہی اُس کی پہلے سے بدتر حالت ہوگئی اور علامات مرگ ظاہر ہونے لگے اور اس حالت میں یہ کہنا شروع کیا ؎

اَسلم یا راحت العلیل  وَ یا شفاء المدنف الخلیل

رضاک اشھی الی فوادی  من رحمۃ الخالق الجلیل

جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اپنے معشوق کو خطاب کر کے کہتا ہے کہ تیری رضامندی نعوذ باللہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بھی زیادہ مرغوب ہے ایک شخص کہنے لگا کہ کم بخت خدا سے ڈر کیا کہتا ہے کہنے لگا جو کچھ ہونا تھا ہو چکا۔ ناصح اٹھ کر دروازہ تک پہنچا تھا کہ اس کی روح قبض ہوگئی۔

ایک اور حکایت ہے کہ مصر میں ایک شخص مسجد میں رہتا تھا اور اس کے چہرہ پر نور عبادت چمکتا تھا ایک روز اذان کہنے کے لئے منارہ پر چڑھا اس منارہ کے نیچے ایک نصرانی کا گھر تھا اس کی دختر پر نظر پڑ گئی اور عاشق



Marfat.com

ہوگیا اور اذان چھوڑ چھاڑ نیچے اترا اس کے گھر پہنچا لوگوں نے دریافت کیا کہ کیا بات ہے اور کیا چاہتا ہے اس شخص نے اپنا حال بیان کیا اور کہا کہ میں اس لڑکی کو چاہتا ہوں لڑکی نے جواب دیا کہ تو مسلمان میں نصرانی میرا باپ تجھ سے ہرگز نکاح نہیں کرسکتا۔ کہنے لگا کہ اگر نصرانی ہو جاؤں تو اس نے کہا اس وقت ممکن ہے۔ یہ شخص نکاح کی امید میں نصرانی ہو گیا۔ ابھی نکاح نہیں ہوا تھا کہ کسی کام کے لئے کوٹھے پر چڑھا وہاں سے اتفاقاً گرا اور مر گیا خسر الدنیا والآخرۃ۔

یہ آفتیں عشق[1] صورت کی ہیں اکثر لوگ اس بلا کو خفیف سمجھتے ہیں اور بعضے اس کو نعوذ باللہ موجب قرب الٰہی و آئینہ مشاہدہ جمال حقیقی جانتے ہیں جو سراسر الحاد[2] و زندقی کا اعتقاد ہے اور بزرگوں کے بعض کلام سے جو سند پکڑتے ہیں اس کے کچھ معنی نہیں سمجھتے۔

(۹) بعضے بدکردار اکثر ناچ کرانے والے اس کو سبب ناموری اور آبرو کا جانتے ہیں اور اس کے نہ ہونے کو موجب اہانت و بے رونقی شادی کا سمجھتے ہیں ظاہر ہے کہ جب گناہ پر آدمی فخر کرنے لگے اور اس کے نہ ہونے کو بے عزتی سمجھے تو اس میں گناہ کا استخفاف[3] بلکہ استحسان[4] لازم آتا ہے جس کو علما نے موجب زوالِ ایمان فرمایا ہے۔

(۱۰) اس میں مال خوب دل کھول کر برباد کرتے ہیں اور قرآن و حدیث میں اسراف کرنے کی حرمت اور وعید موجود ہے اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ

---

[1] صورت عشق ظاہری ۱۲ [2] بددینی ۱۲ [3] ہلکا سمجھنا ۱۲ [4] اچھا جاننا ۱۲



Marfat.com

بیہودہ اڑانے والے شیطان کے بھائی ہیں۔ اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے اس شخص نے بڑی ناشکری اور بے قدری نعمت کی کی کہ اس کو اس طرح برباد و تلف کیا۔

(۱۱) جن جن لوگوں کو دور دور اطلاع ہوتی ہے اور مبارکباد کے خطوط بھیجتے ہیں ان کو بھی ایسا ہی گناہ ہوتا ہے جیسا کہ شرکاء مجلس کو۔ ابوداؤد میں ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص گناہ میں شریک نہ ہو مگر اس سے راضی ہو وہ مثل اسی شخص کے ہے جو اس میں شریک و حاضر ہو۔ اور اسی طرح کی بہت سی خرابیاں اس میں جمع ہیں جن کے بیان کی حاجت نہیں صاف ظاہر ہیں۔

بعضے لوگ کہتے ہیں کہ صاحب کیا کریں لڑکی والا نہیں مانتا باصرار فرمائش کرتا ہے ان سے پوچھنا چاہئے کہ اگر لڑکی والا کسی ایسی بات کے لئے زور ڈالے جو تم کو ناگوار ہو مثلاً فرض کرو یوں ہی کہے کہ تم اپنی ماں بہن کو لاکر نچاؤ گے تو ہم لڑکی دیں گے ورنہ نہ دیں گے۔ اس وقت یہ لوگ کیا کریں گے اس بے عزتی کو محض لڑکی لینے کی ضرورت سے گوارا کریں گے یا نہایت برہم ہو کر غیظ و غضب میں آکر مرنے مارنے کو تیار ہو جاویں گے اور لڑکی نہ ملنے کی ذرا بھی پروا نہ کریں گے۔ مسلمانوں کا فرض ہے کہ شریعت نے جس چیز کو حرام ٹھیرایا ہے۔ اس سے ایسی ہی نفرت ہونی چاہئے جیسا اپنی طبیعت کے خلاف امور سے ہوتی ہے اور جیسے اس میں شادی ہونے نہ ہونے کی کچھ پروا نہیں ہوتی اسی طرح خلاف شرع امور میں صاف جواب دیدینا چاہئے۔

کہ خواہ شادی کرو یا نہ کرو ہم ہرگز ناچ نہ ہونے دیں گے غرض یہ کوئی عذر اور وجہ مجبوری کی نہیں اسی طرح برادری اور احباب کو چاہیے کہ اگر کوئی شخص نہ مانے تو ہرگز اس کے ساتھ شرکت نہ کریں صاف جواب دیدیں کہ جب تم کو اللہ تعالیٰ کی ناراضی کی پروا نہیں ہم کو تمہاری ناراضی کی پروا نہیں ؎

ہزار خویش کہ بیگانہ از خدا باشد    فدائے یک تن بیگانہ کآشنا باشد

# دوسری فصل

منجملہ ان رسوم کے اکثر نوجوانوں کو گنجفہ شطرنج وغیرہ کھیلنے اور کبوتر بازی اور مرغ اور بٹیر لڑانے اور کنکوا وغیرہ اڑانے کی عادت ہے اللہ تعالیٰ نے جہاں شراب وقمار کے حرام ہونے کو فرمایا ہے اور اس کی وجہ بیان فرمائی ہے کہ شیطان یوں چاہتا ہے کہ تمہارے درمیان میں عداوت اور بغض پیدا کر دے اور تم کو اللہ تعالیٰ کی یاد اور نماز سے دور کرے سو ظاہر ہے کہ جب حرام ہونے کی علت یہ ٹھیری تو جس چیز میں یہ علت پائی جاوے گی اس کو حرام کہا جاوے گا ان سب کھیلوں میں جس قدر قلب کو مشغولی ہوتی ہے اس کو دیکھنے والے جانتے ہیں جو بشری طبعی حوائج ہیں جیسا کھانا پینا پیشاب پائخانہ ان کی خبر بھی نہیں رہتی نماز کا تو ذکر کیا ہے اور ان کھیلوں کی بدولت اکثر آپس میں گالی گلوچ اور رنج وتکرار بلکہ کبھی کبھی ہاتھا پائی کی بھی نوبت آجاتی ہے۔ پھر اس کے حرام ہونے میں کیا شبہ ہے۔



Marfat.com

# شطرنج وغیرہ کا بیان

حدیث میں ہے جو شخص نرد سے کھیلا اُس نے اللہ و رسول کی نافرمانی کی۔ روایت کیا اس کو احمد اور ابن ماجہ اور مالک نے اور حدیث میں ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص نرد سے کھیلے پھر اٹھ کر نماز پڑھے اس کی ایسی مثال ہے کہ جیسے کوئی شخص پیپ اور خنزیر کے خون سے وضو کرے اور پھر اٹھ کر نماز پڑھ لے۔ روایت کیا احمد نے۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ شطرنج اہل عجم کا قمار ہے۔ اور حضرت ابو موسیٰ اشعری رضؓ کا ارشاد ہے کہ شطرنج نہیں کھیلتا مگر گنہگار یعنی اس کے کھیلنے سے گناہ ہوتا ہے اور ان ہی سے یہ روایت ہے کسی نے ان سے شطرنج کھیلنے کو پوچھا فرمایا کہ یہ باطل ہے اور باللہ تعالیٰ باطل کو پسند نہیں کرتا۔ ان تینوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے اور ہدایہ و دُرِ مختار وغیرہ میں شطرنج کو تصریحاً حرام لکھا ہے۔ خواہ اس میں بازی بدی جائے یا ویسے ہی کھیلیں۔

بعضے لوگ کہتے ہیں کہ ان سے ذکاوت بڑھتی ہے اور فنونِ حرب میں اس سے مدد ملتی ہے۔ سو اول تو یہ بات بالکل لغو ہے اس کو ذکاوت سے کیا علاقہ بلکہ اور عقل خبط ہو جاتی ہے اس میں ایسا منہمک ہوتا ہے کہ اور کسی چیز کی خبر نہیں رہتی البتہ عجب نہیں کہ کھیلتے کھیلتے خاص شطرنج بازی میں خوب چالیں یاد ہو جاتی ہیں اور اس میں ذہن دوڑنے لگتا ہو سو اس سے کیا کام نکلا اور کونسا فائدہ ہوا۔ اسی طرح فنونِ حرب سے اس کو کوئی تعلق نہیں۔ اس میں تو اصطلاحی



Marfat.com

چالیں ہیں کہ اسپ اس طرح چلتا ہے اور فیل اس طرح وعلیٰ ہذا القیاس۔ واقعی لڑائی میں یہ چالیں تھوڑا ہی ہیں۔ اس کے جداگانہ اصول و قواعد ہیں۔ غرض دونوں عذر واہیات ہیں اور علیٰ سبیل التسلیم دلائل شرعی کے روبرو قیاسی گھوڑے دوڑانا سخت گناہ اور بے باکی کی بات ہے۔ بعضے کہتے ہیں کہ امام شافعی رح کے مذہب میں درست ہے ہم ان کے مذہب پر عمل کرتے ہیں سو اول تو اپنے امام کا مذہب جبکہ وہ قرآن و حدیث کے موافق ہو چھوڑ کر دوسرے مذہب پر عمل کرنا محض حظِ نفس کے واسطے بلا ضرورت شدید جائز نہیں اگر ایسی گنجائش دی جائے تو دین کیا ایک کھیل ہو جائے گا۔ ہر امر میں کسی نہ کسی کا مذہب تو موافق خواہش نفسانی ضرور نکل آوے گا۔ مثلاً وضو کر کے خون نکل آیا جو کسی نے کہا کہ وضو ٹوٹ گیا پھر کر تو کہنے لگے ہم نے امام شافعی رح کے مذہب پر عمل کر لیا پھر اتفاق سے عورت کو بہ شہوت ہاتھ لگایا جو کسی نے کہا کہ اب تو شافعی مذہب کے موافق بھی وضو ٹوٹ گیا اب تو دوسرا وضو کر لو۔ کہنے لگا اس میں امام ابو حنیفہ رح کے مذہب پر عمل کر لیا حالانکہ اس کا وضو بالاجماع باطل ہو گیا مگر اس نے بے وضو نماز پڑھائی۔ اسی طرح ہزاروں خرابیاں دین کے اندر لازم آئیں گی۔ اسی وجہ سے علماء معتبرین نے اجماع کیا ہے کہ ایک مذہب معین کی تقلید واجب ہے تاکہ دین میں خبط نہ کرے اور بندۂ نفس نہ بن جائے پھر یہ کہ امام شافعی رح کا یہ قدیم قول ہے اور اس میں بھی انہوں نے یہ شرط ٹھہرائی ہے کہ کثرت سے نہ ہو اور اس میں ایسا انہماک نہ ہو

---

لے اگر مان لیا جاوے ۱۲ ۲ مزہ جی کا۔ ۱۲ ۳ سب کے نزدیک ۱۲

کہ نماز اپنے وقت سے ٹل جائے۔ سو ظاہر ہے کہ یہ شرطیں کہیں بھی نہیں پائی جاتیں پھر یہ کہ اس سے بھی امام شافعی رح نے رجوع فرمایا ہے۔ چنانچہ نصاب الاحتساب میں خلاصہ سے نقل کیا ہے اب کسی حال میں امام شافعی رح کے مذہب کو آڑ بنا کر شطرنج کھیلنے کی گنجائش نہیں رہی اور اس میں انہماک ایسا وبال ہے کہ خدا کی پناہ جواب کافی میں ایک شاطر کی حکایت لکھی ہے کہ سکرات موت میں اس سے کلمہ پڑھنے کو کہا گیا بجائے کلمہ پڑھنے کے کہتا ہے کہ شہ رخ تجھ پر غالب ہوا اور وہ فوراً مر گیا۔ بات یہ ہے کہ جب کوئی چیز دل میں رچ جاتی ہے اور رگ و پے میں سما جاتی ہے، مرتے وقت اس کا غلبہ ہوتا ہے اور اسی دھندے میں آدمی مرتا ہے۔ مصرعہ "ہر چہ میرد مبتلا میرد چو خیزد مبتلا خیزد"

## کبوتر بازی!

اب کبوتر بازی کی نسبت سنیئے۔ حضرت ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا کہ ایک کبوتر کے پیچھے دوڑا جا رہا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ایک شیطان دوسرے شیطان کے پیچھے پیچھے جا رہا ہے روایت کیا اس کو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور بیہقی نے۔ پھر کبوتر بازوں کی عادت دوسروں کے کبوتر پکڑنے کی بھی ہے۔ یہ سراسر ظلم و غصب ہے جس کی نسبت حدیثوں میں آیا ہے کہ اگر کسی کا حق کسی کے ذمہ رہ گیا ہوگا تو قیامت کے روز ظالم کی نیکیاں مظلوم کو اور مظلوم کے گناہ ظالم کو دیئے جاویں گے پھر ظالم دوزخ میں ڈالا جاوے گا۔ اور اگر کوئی کبوتر باز یوں کہے کہ دوسرے

6605 3 ... 2552 0110

Marfat.com

بھی ہمارا کبوتر پکڑ لیتے ہیں۔ ہم نے ان کا پکڑ لیا تو کیا مضائقہ ہے سو سمجھنا چاہئے کہ یہ مبادلہ شرعاً اس وقت صحیح و معتبر ہے۔ جب باہمی رضا مندی کے ساتھ ہو اور تمام شرائط انعقاد و بیع کی موجود ہوں۔ جس طرح تمام دنیا میں خرید و فروخت ہوتی ہے اور یہ چھینا جھپٹی کا مبادلہ سراسر ظلم ہے۔ کبھی ایک شخص ظلم میں بڑھ گیا کبھی دوسرا اور جس نے ظلم کیا ہے اس کی بھی نیت تو آخر خراب ہی رہتی ہے کہ جس قدر زیادتی ہو سکے دریغ نہ کروں گا۔ قابو نہ پڑنے کی وجہ سے مجبور رہے سو جب ظلم زائد کی نیت کر لی اس کا گناہ لکھا گیا۔ خواہ اس فعل پر قادر ہوا یا نہ ہوا حدیث میں ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دو مسلمان ناحق آپس میں لڑیں اور ایک دوسرے کو قتل کر دے تو قاتل اور مقتول دونوں دوزخی ہیں کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ قاتل کا دوزخ میں جانا تو سمجھ میں آ گیا مگر مقتول کے جانے کی کیا وجہ؟ آپ نے فرمایا کہ جی تو اس کا بھی یہی چاہتا تھا کہ اپنے مقابل کو قتل کرے اور اگر کوئی کہے کہ کبوتر بازوں کا گروہ اس مبادلہ پر رضا مند ہے کہ جس کے ہاتھ آ دے لے جاوے اس کا جواب یہ ہے کہ اگر یہ رضا مندی تسلیم بھی کر لی جائے تو جوے میں داخل ہے۔ جوا رضا مندی سے حلال نہیں ہوتا اس کا حرام ہونا قرآن مجید میں منصوص[1] ہے غرض کسی طرح اس میں جواز کی صورت نہیں ہے پھر اس میں جو مشغولی ہوتی ہے جس میں نہ نماز کی خبر رہتی ہے نہ اہل حقوق کے حقوق ادا کرنے کی نہ اہل و عیال کی خدمت گزاری کی خود ایک مستقل وجہ اس شغل کے حرام ہونے کی ہے کیونکہ عبادات و حقوق مذکورہ واجب ہیں اور ترک واجب حرام ہے اور یہ شغل اس حرام کا سبب ہو جاتا ہے اور حرام کا سبب

[1] قرآن کی نص یعنی قطعی طرح آیت سے ثابت ہے ۱۲

حرام ہے۔ چنانچہ سب مقدمات ظاہر ہیں۔ اور ان لوگوں کا بے دھڑک کوٹھوں پر چڑھ جانا اور پردہ داروں کی بے پردگی کی کچھ پرواہ نہ کرنا اور کبوتروں کو ڈھیلے مارنا اس سے پڑوسیوں کا پریشان ہونا یہ ایک معمولی بات ہے جس کا قبیح اور موجب بے عزتی ہونا محتاج بیان نہیں۔ درمختار میں ایسی صورت کی نسبت لکھا ہے کہ اگر منع کرنے سے باز نہ آئے تو محتسب[۱] کو چاہئے کہ ان کبوتروں کو ذبح کر ڈالے۔ الغرض جس چیز میں اس قدر مفاسد ہوں وہ کسی طرح جائز نہیں ہو سکتی ہے۔

## کنکوا اڑانا

اب کنکوے بازی کی نسبت بھی سن لیجئے جس قدر خرابیاں کبوتر بازی میں ہیں، قریب قریب اس میں بھی موجود ہیں۔ (۱) کنکوے کے پیچھے دوڑنا جس میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے دوڑنے والے کو شیطان فرمایا ہے۔ (۲) دوسرے کنکوے کو لوٹ لینا جس کی ممانعت حدیث میں صراحتاً وارد ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں لوٹتا کوئی شخص ایسا لوٹنا جس کی طرف لوگ نگاہ اٹھا کر دیکھتے ہوں اور پھر بھی وہ مومن رہے روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے یعنی یہ خصلت ایمان کے خلاف ہے اس حدیث کے خواہ کچھ ہی معنی ہوں مگر ظاہراً تو پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص کو خارج از ایمان فرما دیا۔ اگر کوئی شخص کہے کہ اس لوٹنے میں

[۱] منہیات سے روکنے والا۔ ۱۲



Marfat.com

تو مالک کی اجازت ہوتی ہے تو اس کے ساتھ یہ وعید متعلق نہیں ہے۔
جواب اس کا یہ ہے کہ یہ بالکل غلط ہے مالک کی ہرگز اجازت نہیں ہوتی چونکہ عام رواج اس کا ہو رہا ہے اس لئے خاموش ہو جاتا ہے دل سے ہرگز رضامند اور خوش نہیں اگر اس کا بس چلے ڈور اور کنکوا ہرگز بھی دوسرے کو نہ لینے دے یہی وجہ ہے کہ جب کنکوا کٹ جاتا ہے تو وہ بڑی کوشش سے جلدی جلدی ڈور کھینچتا ہے کہ جو ہاتھ لگ جائے غنیمت ہے۔
(۳) ڈور کو لوٹ لینا بلکہ اس میں ایک اعتبار سے کنکوے کے لوٹنے سے بھی زیادہ قباحت ہے کیونکہ کنکوا تو ایک ہی کے ہاتھ آتا ہے سو ایک ہی آدمی گنہگار ہوتا ہے اور ڈور تو بیسیوں کے ہاتھ لگتی ہے بہت سے آدمی گناہ میں شریک ہوتے ہیں اور باعث ان تمام آدمیوں کے گنہگار ہونے کے وہی کنکوا اڑانے والے ہیں تو حسب قاعدہ مذکورہ بالا ان سب کے برابر ان اکیلے اڑانے والے کو گناہ ہوتا ہے۔
(۴) ہر شخص کی نیت کہ دوسرے کے کنکوے کو کاٹ دوں اور اس کا نقصان کر دوں سو کسی مسلمان کو ضرر پہنچانا حرام ہے اس حرام فعل کی نیت سے دونوں گنہگار ہوتے ہیں۔
(۵) نماز سے غافل ہو جانا جس کو اللہ تعالیٰ نے شراب اور جوئے کے حرام ہونے کی علت فرمائی ہے۔ جیسا اوپر مذکور ہوا ہے۔
(۶) اکثر کوٹھوں پر کھڑے ہو کر کنکوا اڑانا آس پاس والوں کی بے پردگی ہونا
(۷) بعض اوقات کنکوا چڑھاتے چڑھاتے پیچھے کو ہٹتے جاتے ہیں اور کوٹھے



Marfat.com

سے نیچے آگرتے ہیں۔ چنانچہ اخبارات میں اس قسم کے واقعات شائع ہوتے رہتے ہیں اس میں صریح اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالنا ہے جو کہ آیت قرآنی سے حرام ہے۔ اور حدیث میں ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی چھت پر سونے سے منع فرمایا ہے جس پر آڑ نہ ہو اس کی وجہ یہی احتمال ہے کہ شاید گر پڑے۔ سبحان اللہ ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر کس قدر شفیق ہیں کہ ایسے ایسے احتمالات مضرت سے ہمیں روکیں اور ہم ان احکام کی ایسی بے قدری کریں افسوس صد افسوس۔

(۸) ایک خرابی خاص اس میں یہ ہے کہ کاغذ جو کہ آلات علم سے ہے اس کی اہانت ہوتی ہے اور گڈی آٹے سے بنتی ہے اس کی اہانت ہوتی ہے۔ اور حدیث میں ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضؓ سے فرمایا کہ روٹی کا اکرام کرو۔ اس سے معلوم ہوا کہ اہانت رزق کی ممنوع ہے اسی طرح علم کے ادب کو کون نہیں جانتا کہ ضروری ہے اس میں دونوں کی اہانت ہے۔

(۹) ان سب کھیلوں میں مفت مال ضائع ہوتا ہے اور فضول خرچی کا حرام ہونا اوپر قرآن مجید سے ثابت ہو چکا ہے۔

# مرغ بازی وغیرہ

اب مرغ بازی و بٹیر بازی کی نسبت ملاحظہ فرمائیے۔ حدیث میں ہے کہ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لڑائی کرانے سے درمیان بہائم کے اس حکم میں مرغ، بٹیر و تیتر و مینڈھے وغیرہ سب آ گئے اور واقعی عقل کے بھی



Marfat.com

خلاف ہے خواہ مخواہ بے زبان جانوروں کو بلا کسی ضرورت و مصلحت کے تکلیف دینا ہے اور کبھی اس میں جوا بھی ہوتا ہے یہ دوسرا گناہ ہوا اور نماز اور ضروری امور سے غفلت ہونا اور تمام تماشائیوں کے گناہ کا باعث بننا یہ مزید براں ہے۔ جن کی برائی جدا جدا کئی بار بیان ہو چکی ہے۔

# تیسری فصل

منجملہ ان رسوم کے آتشبازی ہے اس میں بھی متعدد خرابیاں جمع ہیں۔

(۱) مال کا ضائع کرنا جس کا حرام ہونا قرآن مجید میں منصوص ہے۔

(۲) اپنی جان کو یا اپنے بچوں کو یا پاس پڑوس والوں کو خطرہ میں ڈالنا۔ صدہا واقعات ایسے ہو چکے ہیں جن میں آتشبازوں کا ہاتھ اڑ گیا۔ منہ جل گیا یا کسی کے چھپر میں آگ لگ گئی جس کی حرمت قرآن مجید میں منصوص ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے مت ڈالو اپنی جانوں کو ہلاکت میں۔ اسی واسطے حدیث میں بلا ضرورت آگ کے تلبس و قرب سے ممانعت آئی ہے۔ چنانچہ کھلی آگ اور جلتا چراغ چھوڑ کر سونے کو منع فرمایا ہے۔

(۳) بعض آلات آتشبازی میں کاغذ بھی صرف ہوتا ہے جو آلات علم سے ہے اور آلات علم کی بے ادبی خود امر قبیح ہے جیسا اوپر بیان ہوا۔ پھر غضب یہ ہے کہ لکھے ہوئے کاغذ بھی استعمال ہوتے ہیں خواہ اس پر کچھ ہی لکھا ہو۔ قرآن یا حدیث چنانچہ مجھ سے ایک معتبر شخص نے بیان کیا کہ میں نے کاغذ کے بنے ہوئے کھیل دیکھے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ قرآن مجید کے ورق ہیں۔



Marfat.com

(۴) بچوں کو ابتدا سے تعلیم معصیت کی ہوتی ہے جن کے واسطے شرعی حکم ہے کہ ان کو علم و عمل سکھاؤ گویا نعوذ باللہ حکم شرعی کا پورا مقابلہ ہے۔ بالخصوص شب برات میں یہ خرافات کرنا جو کہ نہایت متبرک شب ہے یہ بات مقرر ہے کہ اوقات متبرکہ میں جس طرح طاعت کرنے سے اجر بڑھتا ہے اسی طرح معصیت کرنے سے گناہ بھی زائد ہوتا ہے۔

(۵) بعض آلات آتشبازی اوپر کو چھوڑے جاتے ہیں جیسے بیل اور اڑن انار و خفنگا وغیرہ اول تو بعضوں کے سر پر آکر گرتے ہیں اور لوگوں کو چوٹ لگتی ہے علاوہ اس کے اس میں یاجوج ماجوج کی مشابہت ہے۔ جس طرح وہ آسمان کی طرف تیر چلاویں گے اور کفار کی مشابہت حرام ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ مکہ معظمہ میں ایام حج میں توپیں چلتی ہیں اس سے معلوم ہوا کہ آتشبازی درست ہے ورنہ وہاں ایسا کیوں ہوتا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو عوام لشکریوں کا فعل شرع میں حجت نہیں البتہ عالم محقق دیندار کا فتوے جو مطابق قواعد شرعیہ کے ہو حجت ہوتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ توپیں وغیرہ چلانا لشکریوں کا فعل ہے نہ کسی عالم کا فتوے دوسرے اس میں کچھ مصالح بھی نکل سکتے ہیں اظہار شوکت اسلام و تعظیم شعائر حج و اعلان ارکان وغیرہ ہا اور آتشبازی میں کونسی شوکت ہے البتہ اگر کسی مقام پر ضروری امر کے اعلان کے اصطلاح ٹھیرالی جائے تو بقدر ضرورت جائز ہوگی جیسے وقت افطار و سحر کے اعلان کے لئے ایک آدھ گولہ چھوڑ دینا اس کا مضائقہ نہیں اور اگر اس کی حاجت سے زائد ہوگا تو وہ بھی ممنوع ہے۔



Marfat.com

# چوتھی فصل

منجملہ اُن رسوم کے ڈاڑھی منڈانا یا کٹانا اس طرح کہ ایک مشت سے کم رہ جائے یا مونچھیں بڑھانا جو اس زمانہ میں اکثر نوجوانوں کے خیال میں خوش وضعی سمجھی جاتی ہے۔ حدیث میں ہے کہ بڑھاؤ ڈاڑھی کو اور کترواؤ مونچھوں کو روایت کیا اس کو بخاری ومسلم نے۔ حضور نے صیغہ امر سے دونوں حکم فرمائے اور امر حقیقۃً وجوب کے لئے ہوتا ہے پس معلوم ہوا کہ یہ دونوں حکم واجب ہیں اور واجب کا ترک کرنا حرام ہے پس ڈاڑھی کٹانا اور مونچھیں بڑھانا دونوں حرام فعل ہیں اس سے زیادہ دوسری حدیث میں مذکور ہے۔ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص اپنی لبیں نہ لے وہ ہمارے گروہ سے نہیں روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی اور نسائی نے۔ جب اس کا گناہ ہونا ثابت ہو گیا تو جو لوگ اس پر اصرار کرتے ہیں اور اس کو پسند کرتے ہیں اور ڈاڑھی بڑھانے کو عیب جانتے ہیں بلکہ داڑھی والوں پر ہنستے ہیں اور اس کی ہجو کرتے ہیں ان سب مجموعہ امور سے ایمان کا سالم رہنا از بس دشوار ہے۔ ان لوگوں کو واجب ہے کہ اپنی اس حرکت سے توبہ کریں اور ایمان ونکاح کی تجدید کریں اور اپنی صورت موافق حکم اللہ ورسول[1] کے بناویں اور عقل بھی کہتی ہے کہ ڈاڑھی مردوں کے لئے ایسی ہے جیسے عورتوں کے لئے سر کے بال کہ دونوں باعث زینت ہیں جب عورت کا سر منڈانا بدصورتی میں داخل ہے۔ تو مردوں کا ڈاڑھی منڈانا خوبصورتی کیسے ہے کچھ بھی نہیں رواج نے بصیرت پر پردہ ڈال دیا ہے۔

[1] دلوں پر ۱۲



Marfat.com

بعض لوگ کہتے ہیں کہ صاحب ترک بھی منڈاتے ہیں ہم ان کی تقلید کرتے ہیں اس کا وہی جواب ہے کہ عام لشکریوں کا فعل جو خلاف شرع ہو حجت نہیں جو منڈاتا ہے برا کرتا ہے خواہ کسی ملک کا رہنے والا ہو بعض لوگ اپنے کو کم عمر ظاہر کرنے کو منڈاتے ہیں کہ بڑی عمر میں تحصیل کمال کرنا موجب عار[1] ہے۔ یہ بھی ایک لغو خیال ہے عمر تو ایک خداوندی عطیہ ہے جتنی زیادہ ہو نعمت ہے اس کا چھپانا یہ بھی ایک قسم کا کفران نعمت ہے اور بڑی عمر میں تو کمال حاصل کرنا زیادہ کمال کی بات ہے کہ بڑا ہی شوقین ہے جو اس عمر میں بھی کمال کی دھن میں لگا رہتا ہے اور ہرچند بے عقلوں کے نزدیک یہ موجب عار ہے تو بہت سے کافروں کے نزدیک مسلمان ہونا موجب عار ہے تو نعوذ باللہ کیا اسلام کو بھی جواب دے بیٹھیں گے۔ جیسے کفار کے عار سمجھنے سے مذہب اسلام کو ترک نہیں کرتے فساق[2] کے سمجھنے سے وضع اسلام کو کیوں عار سمجھا جاوے یہ سب شیطانی خیالات ہیں سخت افسوس یہ ہے کہ بعضے طالب علم عربی پڑھنے والے بھی اس بلا میں مبتلا ہیں ان کی شان میں بجز اس کے کیا کہا جاوے کہ "چارپائے بروکتابے چند" ان لوگوں پر سب سے زیادہ وبال پڑتا ہے اول تو اوروں سے زیادہ واقف پھر اوروں کو نصیحت کریں مسئلے بتاویں خود بدعمل ہوں عالم بے عمل کے حق میں کیا کیا وعیدیں قرآن و حدیث میں وارد ہیں پھر ان کو دیکھ کر اور جاہل گمراہ ہوتے ہیں ان کی گمراہی کا وبال انہی کے برابر ان پر پڑتا ہے جیسا اوپر بیان ہوا کہ جو شخص باعث ہوتا ہے کسی گناہ کا وہ بھی شریک اس کے وبال کا ہوتا ہے میرے نزدیک

[1] شرمندگی ۱۲ [2] گناہ گاروں ۱۲



Marfat.com

مدرسین و مہتممین مدارس اسلامیہ پر واجب ہے کہ جو طالب علم ایسی حرکت کرے یا اور کوئی امر خلاف وضع شرعی کرے اگر توبہ کرے تو فبہا ورنہ مدرسہ سے خارج کر دینا چاہئے ایسے شخص کو مقتدائے قوم بنانا تمام مخلوق کو تباہ کرنا ہے ؎

بے ادب را علم و فن آموختن ‌ ‌ ‌ ‌ دادن تیغ است دست راہزن

اور یاد رہے کہ نائی کو بھی جائز نہیں کہ کسی کے کہنے سے ایسا خط بنا دے جو شرعاً ممنوع ہو خواہ ڈاڑھی کا یا سر کا کیونکہ گناہ کی اعانت بھی گناہ ہے اس کو چاہیئے کہ عذر و انکار کرے۔

# پانچویں فصل

منجملہ ان رسوم کے ڈاڑھی کا سیاہ خضاب کرنا ہے حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری زمانہ میں کچھ لوگ ہوں گے کہ سیاہ خضاب کریں گے جیسے کبوتر کا سینہ ان لوگوں کو جنت کی خوشبو بھی نصیب نہ ہوگی روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی نے اور عقل بھی اس فعل کے قبیح کو مقتضی ہے کیونکہ سیاہ خضاب کر کے اپنے بڑھاپے کو چھپاتا ہے اور دیکھنے والے کو دھوکا دیتا ہے اور فطرت الٰہی کو بدلنا چاہتا ہے اور یہ سب امور قبیح ہیں ابوداؤد میں روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفید بال مت نوچیں بلاشک وہ نور ہے مسلمان کا۔ اور حدیث میں بعضی عورتوں پر لعنت آئی ہے۔ جو اپنے بناؤ سنگار کے واسطے اپنی خلقی وضع کو بدلیں اور اس کے آخر میں



Marfat.com

یہ الفاظ ہیں۔ المغیرات لخلق اللہ۔ سفید بال نوچنے کی ممانعت سے بڑھاپے کو چھپانے کی برائی اور دوسری حدیث سے قدرتی وضع کو بدلنے کی برائی معلوم ہوئی سیاہ خضاب میں یہ دونوں باتیں موجود ہیں اس لئے عقلاً بھی ممنوع ہوا۔

بعضے لوگ کہتے ہیں کہ وسمہ کا سیاہ خضاب اس سے مستثنیٰ ہے اس لئے کہ حدیث میں مہندی اور نیل کے خضاب کی اجازت آئی ہے اور مہندی اور نیل سے سیاہ ہو جاتا ہے مگر یہ امر لازم نہیں کیونکہ مہندی اور نیل کی ترکیبیں مختلف ہیں۔ بعضے اہل تجربہ کا قول ہے کہ اگر دونوں کو مخلوط کرلیں تو سیاہ رنگ ہوتا ہے اور اگر دونوں کو جدا جدا لگاویں تو سرخ ہوتا ہے بعض سے سیاہی ہوتی ہے بعض سے نہیں ہوتی۔ جب حدیث میں سیاہ خضاب سے مطلقاً ممانعت آئی ہے تو حنا اور نیل کا خضاب اسی ترکیب سے جائز ہوگا جس میں سیاہی نہ آوے۔ جیسا کہ ظاہر ہے اور سیاہ خضاب کے ممنوع ہونے کی جو علت ہے وہ تو وسمہ میں برابر ہے علت کے اشتراک سے حکم کا اشتراک ضروری ہے۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ خضاب وہ منع ہے جس میں نیلگونی ہو کیوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبوتر کے سینہ سے تشبیہ دی ہے اور کبوتر کا سینہ اسی رنگ کا ہوتا ہے اور جو بالکل سیاہ ہو جائز ہے اس تقریر پر سخت تعجب ہوتا ہے تشبیہ سے تو استدلال کیا حالانکہ تشبیہ میں ادنےٰ

لہ جو بدلنے والیاں ہیں اللہ تعالیٰ کی قدرتی بنائی ہوئی ہیئت کو

مشارکت بھی کافی ہوتی ہے ممکن ہے کہ گہرے رنگ ہونے میں تشبیہ دی ہو یا مطلق سیاہی میں ہو اگرچہ اوصاف سیاہی کے متفاوت ہوں محاورات میں برابر اس قسم کی تشبیہات استعمال کی جاتی ہیں اور حدیث میں جو لفظ "سواد" تصریحاً موجود ہے اس پر نظر نہ کی اور بلا ضرورت تاویل کی غرض سواد میں تاویل کرنے سے تشبیہ میں توجیہ کرنا زیادہ اقرب[1] ہے جیسا کہ اہل علم پر پوشیدہ نہیں۔ دوسری علت ممانعت کی ہے جو اوپر مذکور ہوئی سیاہی میں زیادہ پائی جاتی ہے اور نیلگونی میں کم تو تعجب ہے کہ جس میں علت ادنیٰ درجہ کی پائی جاوے وہ تو ممنوع ہو اور جس میں اعلیٰ طریق پر پائی جاوے وہ جائز ہو پھر یہ کہ ہم یہ نہیں تسلیم کرتے کہ کبوتر کا سینہ نیلگون ہی ہوتا ہے بعض کبوتر کا سینہ نہایت گہرا سیاہ ہوتا ہے غرض کوئی دلیل قوی اس کے جواز کی نہیں پائی گئی اگر کسی کو زیادہ تحقیق ہو حسبۃً للّٰہ وہ اس رسالہ کے حاشیہ پر ثبت فرمائیں البتہ اعداء دین کے مقابلہ کے وقت بغرض ہیبت دلانے کے فقہاء نے جائز کہا ہے سو ممکن ہے کہ آیت تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ اور حدیث الحرب خدعۃ کے عموم میں اس کو داخل کر لیا جائے بعض لوگ امام ابو یوسفؒ کی روایت کو پیش کیا کرتے ہیں سو بشرط ثبوت اس روایت کے اور ان کے رجوع نہ کرنے کے جواب یہ ہے کہ رسم المفتی میں یہ بات مقرر ہو چکی ہے کہ صاحبین میں اگر اختلاف ہو تو جس کے ساتھ امام اعظم رحمہ ہونگے اس قول پر فتویٰ ہوگا خصوصاً جبکہ وہ قول دلیل صریح صحیح سے مؤید بھی ہو اس لئے امام ابو یوسفؒ کے قول پر عمل کرنا خلاف اصول مقررہ مذہب حنفی ہے اور بوجہ موجود ہونے دلیل صحیح صریح کے خلاف دیانت بھی ہے البتہ اور رنگوں کا خضاب جائز ہے کہ اس میں اخفا پیری کا نہیں ہے اور

[1] بہشت قریب ۱۲

امام ابویوسف رح کے قول میں کچھ مناسب تاویل[1] کرلینا چاہئے جس سے مخالفت نص کا شبہ نہ رہے۔

# چھٹی فصل

منجملہ ان رسوم کے ڈاڑھی چڑھانا ہے یہ بھی حرام ہے بخاری و مسلم کی حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اعفوا[2] اللحی وارد ہے۔ چونکہ امر حقیقۃً وجوب کے لئے ہوتا ہے پس بیچے کو چھوڑنا ڈاڑھی کا واجب ہوا اور اس واجب کا ترک کرنا حرام ہوا ظاہر ہے کہ ڈاڑھی چڑھانے میں اس واجب کا ترک لازم آتا ہے اس لئے وہ بھی حرام ہوا اور ابوداؤد کی حدیث میں ہے کہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت رویفع رضؓ سے فرمایا کہ شاید میرے بعد تمہاری عمر زیادہ ہو تو لوگوں کو خبر دیدینا کہ جو شخص ڈاڑھی میں گرہ لگا وے اور فلاں فلاں کام کرے پس بلاشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس سے بیزار ہیں گرہ لگانے میں بھی ڈاڑھی اپنی اصلی ہئیت سے بدلتی ہے اور اس میں بل پڑتا ہے جہاں یہ امر پایا جائے گا وعید مطلق ہوگی ڈاڑھی چڑھانے میں ہئیت کا بدلنا اور اس میں بل پڑنا ظاہر ہے عقلاً بھی غور کیا جاوے تو وہ ہئیت تکبر و تجبر کی ہے تکبر اور اس کی ہئیتوں کا حرام ہونا قرآن و حدیث میں منصوص ہے بہرحال عقلاً و نقلاً یہ عادت مذموم ہے اس سے توبہ کرنا واجب ہے

---

[1] وہ تاویل یہ ہے کہ مراد ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کی سیاہی سے گہرا سرخ ہے کیونکہ گہرے سرخ میں سیاہی آجاتی ہے ۱۲ [2] چھوڑ دو اور لٹکاؤ ڈاڑھی ۱۲

# ساتویں فصل

منجملہ ان رسوم کے سر بیچ میں سے کھلوانا یا آگے سے بال لینا جس کو عربی میں قزع کہتے ہیں اور خود حدیث میں اس کی تفسیر آئی ہے کہ کہیں سے سر منڈا دیا جاوے اور کہیں سے چھوڑ دیا جاوے۔ ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ قزع سے ممانعت فرماتے ہیں بعضے یوں سمجھتے ہیں کہ بڑوں کے لئے بیشک ممنوع ہے مگر بچوں کے لئے کیا حرج ہے وہ غیر مکلف ہیں یہ خیال بالکل باطل ہے اگر بچے غیر مکلف ہیں تو گناہگار نہ ہوں گے مگر ان کے بزرگ تو غیر مکلف نہیں ان کو گناہ ہوگا کہ بچوں کا ایسا سر کیوں بنوایا اور حدیث میں ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لڑکے کو دیکھا کہ اس کا کچھ سر منڈا ہے اور کچھ رہ گیا ہے آپ نے ان لوگوں کو منع فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ یا تو سب منڈاؤ یا سب رہنے دو روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اس حدیث سے دو باتیں معلوم ہوئیں ایک تو خود اس فعل کا مذموم ہونا دوسرے آپ نے بچہ سمجھ کر خاموشی نہیں اختیار فرمائی بلکہ اس کے والی وارثوں کو منع فرمایا جس سے ثابت ہوا کہ بچوں کے لئے بھی اجازت نہیں۔

# آٹھویں فصل

ٹخنوں سے نیچے پائجامہ یا لنگی پہننا یا بہت لمبی آستین بنانا یا بہت لانبا شملہ چھوڑنا حدیث بخاری و مسلم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نظر رحمت نہ فرماویگا اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف جو اپنی ازار کو اترانے کی راہ سے نیچے

لٹکانا ہے۔ دوسری حدیث میں اس لٹکانے کی حد آئی ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ازار ٹخنوں سے نیچے ہو وہ دوزخ میں ہے روایت کیا اس کو بخاری نے۔ تیسری حدیث میں دوسرے لباسوں میں بھی اس کا حرام ہونا مذکور ہے ارشاد فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اسبال یعنی دراز کرنا اور حد سے بڑھانا ازار میں بھی ہوتا ہے اور کرتہ میں بھی اور عمامہ میں بھی جو شخص ان میں سے کسی لباس کو تکبر کی راہ سے حد سے زیادہ بڑھائے گا اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر رحمت نہ کریں گے قیامت کے روز روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے۔ اور اسی کی مؤید[1] ایک اور حدیث ہے جس میں یہ ارشاد ہے کہ جو شخص اپنے کپڑے کو اترا[2] کر بڑھاوے گا اللہ تعالیٰ اس کی طرف قیامت کے روز نظر رحمت نہ فرماویں گے روایت کیا اس کو بخاری و مسلم نے اس میں مطلقاً کپڑے کو فرمایا جس میں تمام کپڑے آگئے جس میں ازار کے بڑھانے کی حد تو حدیث میں آگئی ہے اور دوسری پوششوں کی نسبت علماء محققین نے فرمایا ہے کہ آستین کا انگلیوں سے آگے بڑھانا اور شملہ کا نصف کمر سے نیچے ہونا یہ سب اسبال ممنوع ہے بعض کج فہم لوگ کہتے ہیں کہ حدیث میں تو اس کی ممانعت آئی ہے برہ تکبر ہو ہم تو تکبر نہیں کرتے اس لئے ہمارے لئے جائز ہے سو خوب سمجھ لینا چاہئے کہ اول تو یہ کہنا غلط ہے کہ ہم تکبر سے نہیں کرتے اچھا پھر کیوں کرتے ہیں وضع مسنون کیوں اختیار نہیں کرتے ہو اس کے اختیار کرنے میں دل کیوں تنگ ہوتا ہے اونچے پائچوں کو حقیر کیوں جانتے ہو اگر یہ تکبر نہیں تو کیا ہے۔ دوسرے یہ کہ حدیث میں جو تکبر کی قید آئی ہے یہ کیا ضرور ہے کہ قید احترازی ہو ممکن ہے کہ قید واقعی ہو چونکہ اکثر لوگ اسی قصد سے

[1] مدد کرنے والا ۱۲۔ [2] یعنی اکڑ کر ۱۲۔



Marfat.com

کرتے ہیں اس لئے آپ نے یہ قید ذکر فرمائی اور ممنوع ویسے بھی ہے چنانچہ دوسری حدیث میں ہے جو شروع فصل ہذا میں لکھی گئی ہے جس میں ٹخنوں کی حد کا ذکر ہے اس میں یہ قید تکبر کی مذکور نہیں مطلقاً ارشاد ہوا ہے جس سے ثابت ہوا کہ خواہ تکبر ہو یا نہ ہو ہر حال میں ممنوع ہے ہاں تکبر میں ایک گناہ تکبر کا اور مل کر معصیت شدید ہو جاوے گی یہ دوسری بات ہے اور بلا تکبر ایک ہی معصیت رہے گی مگر رہے گی تو سہی براءت[1] اور جواز کی تو صورت نہ نکلی اگر کوئی کہے ہم اس مطلق کو بھی اسی مقید پر محمول کر لیں گے تو جواب اس کا یہ ہے کہ یہ امر اصول فقہ حنفی میں بدلیل ثابت ہو چکا ہے کہ مطلق اپنے اطلاق پر رہا کرتا ہے غرض کوئی گنجائش جواز کی نہیں بعض لوگ تقویٰ جتلانے کو نماز میں اوپر کر لیتے ہیں سو نماز سے خارج بھی تو گناہ سے بچنا واجب ہے اس حیلہ سے کیا ہوتا ہے بعض لوگ پائنچے تو لمبے بناتے ہیں مگر تکمہ[2] ٹخنوں سے اونچے لگا لیتے ہیں کہ ٹخنوں سے اوپر چوڑیاں پڑی رہتی ہیں یاد رکھو کہ اصل گناہ تو کپڑا برباد کرنے کا ہے خواہ ٹخنے ڈھکیں یا کھلے رہیں اس سے کیا بچاؤ ہوا اور یاد رہے کہ درزی کو بھی ایسا کپڑا سینا جائز نہیں کیونکہ گناہ کی اعانت گناہ ہے صاف انکار کر دینا چاہئے کچھ رزق ایسے ہی کپڑے سینے پر منحصر نہیں ہے

# نویں فصل

منجملہ ان رسوم کے گھر میں تصویروں کا لگانا اور بلا ضرورت کتوں کا رکھنا ہے حدیث میں ہے ارشاد فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں داخل ہوتے فرشتے (رحمت کے) جس گھر میں کتا یا تصویر ہو روایت کیا اس کو بخاری و مسلم نے اور حدیث میں ہے کہ فرمایا

[1] چھٹکارا ۱۲ [2] بٹن ۱۲



Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سب سے زیادہ عذاب اللہ تعالیٰ کے نزدیک تصویر بنانے والے کو ہوگا۔ اور حدیث میں ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص بجز ان تین غرض کے کتا پالے (۱) مواشی کی حفاظت (۲) شکار (۳) کھیت کی حفاظت اس کے ثواب میں سے ہر روز ایک قیراط[1] کم ہوتا رہے گا۔ روایت کیا اس کو مسلم و بخاری نے۔ ان حدیثوں سے تصویر بنانا تصویر رکھنا بلا ضرورت کتا پالنا سب کا حرام ہونا ثابت ہوگیا۔ اس زمانہ میں تہذیب جدید کے لوازم میں سے یہ دونوں امر ہوگئے۔ تصویر جزو مکان اور کتا داخل اہل و عیال سمجھا جاتا ہے ذرا بھی دل کو انقباض اور روک ٹوک نہیں۔ بے دھڑک دونوں چیزیں برتی جاتی ہیں

بعض لوگوں پر اس قدر عقل پرستی کا غلبہ ہے کہ کتے کے اوصاف حمیدہ بیان کرکے وجہ ممانعت دریافت کرتے ہیں گویا در پردہ نعوذ باللہ اس حکم شرعی کے عبث اور لغو ہونے کے مدعی ہیں اگر سچ مچ ان کے دلوں میں ایسا ہی خیال ہے تو تجدید ایمان ضروری ہے مسلمان بننے کے بعد احکام شرعیہ کی علت ڈھونڈنے کی کوئی ضرورت نہیں احکام مجازی کے بہت قوانین و احکام کی علت سمجھ میں نہیں آتی اور پھر بے چون و چرا ان کو مانتے ہیں تو حاکم حقیقی کے احکام میں کیوں چون و چرا کیا جاوے۔ اگر کوئی کہے کہ ہمارا دین تو عقل کے موافق ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ عقل کے موافق ضرور ہے مگر عقل کی رسائی تو وہاں تک ضروری نہیں مثلاً بہت سی چیزیں حس بصر سے دریافت کرنے کے قابل ہیں مگر اندھوں کو تو ادراک نہیں ہوسکتا یہ عقل والے کا کام ہے کہ علت احکام کو سمجھے یہ عقل انبیاء اور اولیا کاملین و علماء راسخین کو عطا ہوئی ہے

[1] دوسری حدیث میں اس عالم کی قیراط کی مقدار پہاڑ احد کی برابر آئی ہے ۱۲ منہ رکاوٹ ۱۲ منہ کچھ عالم



Marfat.com

عوام کی عقل میں اس قدر قوت نہیں اور کوئی ڈگری یا پاس حاصل کر لینے سے زمرہ عوام سے خارج نہیں ہو جاتا پھر یہ کہ مراد اس سے دین کے اصول ہیں کہ وہ عقلی ہیں یعنی جو قرآن و حدیث کو بھی نہ مانتا ہو اس کو توحید و رسالت کی تعلیم دلیلِ عقلی سے ممکن ہے۔ رہ گئے فروع مثلاً فلاں چیز حرام کیوں ہے فلاں چیز حلال کیوں ہے اس کا عقلی ہونا بایں معنی ضروری نہیں بلکہ اس میں دلیل شرعی سے مان لینا چاہیے اور عقل کے موافق بھی یہی بات ہے کہ حاکم کو حاکم ماننے کے لئے جتنی تحقیق چاہیں کر لی جاویں جب حاکم ہونا تسلیم کر لیا پھر اس کے ہر ہر حکم میں تحقیق کرنا صریح بغاوت ہے میں خیر خواہی سے عرض کرتا ہوں کہ ہر حکم کی علت ڈھونڈنا اور اس کے تسلیم میں علت کا انتظار کرنا بالکل الحاد کا پھاٹک ہے۔ نعوذ باللہ من شرور انفسنا۔ غرض حکم شرعی کو بلا نزاع مان لینا واجب ہے۔ ہاں ماننے کے بعد تحقیق حکمت کے لئے بطور استفادہ کے اگر غور کیا جاوے تو وجہ بھی نکل آتی ہے چنانچہ راقم ریل میں ایک بار سفر کر رہا تھا ایک نوجوان کتا لئے ہوئے سوار تھے اور انہوں نے کتے کے کمالات بیان کر کے یہی سوال کیا۔ میں نے عرض کیا کہ جناب بیشک کتے میں یہ کمالات ہیں مگر اس میں ایک عیب ایسا سخت ہے جس نے تمام کمالات پر خاک ڈال دی اس لئے شرعاً خبیث قرار پایا۔ پوچھنے لگے وہ کیا ہے میں نے عرض کیا کہ اس میں قومی ہمدردی نہیں ہے اپنے ہم جنس کو دیکھ کر اس کی جو کیفیت ہوتی ہے سب کو معلوم ہے چونکہ جواب صحیح تھا اور سائل کے مذاق کے موافق بھی تھا بس دم بخود ہو گئے بلکہ خوش ہو کر موافقت کر لی۔ بعض لوگ زبردستی کی ضرورتیں تراش لیتے ہیں کہ ہم نے حفاظت مکان کے لئے پالا ہے صاحب اللہ تعالیٰ ارادہ اور نیت



Marfat.com

کو دیکھتے ہیں۔ جب خاص قصد تفریح سے پالتے ہیں تو ایسی تصنیفی ضرورت سے اجازت نہیں ہو سکتی پھر یہ کتنے سے تو حفاظت وہ کرے جس کے پاس نوکر دربان پہرہ دار نہ ہو جب ماشاء اللہ ایک ایک کام کے لئے متعدد نوکر ہیں تو کتوں کی کون ضرورت رہ گئی۔ اسی طرح شکار کا پورا سامان بندوق چھرہ جس کو میسر ہو وہ کتے کیوں پالے اسی طرح بعض لوگ تصویر کے مقدمہ میں معارضہ کرتے ہیں کہ ہم پوری تصویر نہیں بناتے اور نہیں رکھتے بلکہ صرف گردن تک ہوتی ہے اور جب تصویر میں ایسا عضو کم ہو جائے جس کے بغیر حیات ممکن نہیں تو ایسی تصویر جائز ہوتی ہے ان حضرات نے بھی ناحق دخل در معقولات دیا اصل یہ ہے کہ عضو کے کم ہو جانے سے حرمت اس لئے نہیں رہتی کہ وہ تصویر نہیں معلوم ہوتی بلکہ جھاڑ یا درخت وغیرہ معلوم ہونے لگتا ہے اور چہرہ تو تمام تصویر کی ناک ہے جب یہ باقی ہے بس پوری تصویر کے قائم مقام ہے اور ہرگز اس کی اجازت نہیں ہو سکتی لوگ مانعین پر اعتراضاً کہتے ہیں کہ صاحب تم روپیہ گھر میں کیوں رکھتے ہو اس میں بھی تو تصویر ہے یہ طعن بھی نہایت بیجا ہے بات یہ ہے کہ روپیہ تو ایک ضرورت کی چیز ہے ضرورت میں تنگی کم ہو جاتی ہے اور یہ لوگ محض زینت و آرائش کے شوق میں تصویر لگاتے ہیں۔ کجا یہ کجا وہ بعض لوگ فوٹو کو حرمت تصویر سے مستثنیٰ سمجھتے ہیں کہ تصویر مستر آتی ہے کوئی بناتا نہیں۔ ماشاء اللہ کیا غضب کا اجتہاد ہے۔ اس کا سامان جمع کرنا صاحب تصویر کے روبرو اس کا رکھنا یہ تصویر کشی نہیں تو کیا ہے؟



Marfat.com

# دسویں فصل

منجملہ ان رسوم کے غیر مذہب والوں کی وضع بنانا ہے لباس میں یا طرز نشست و برخاست میں یا خورونوش میں یا کسی اور امر میں حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مشابہت اختیار کرے کسی قوم کے ساتھ پس وہ انہیں میں سے ہے روایت کیا اس کو احمد اور ابوداؤد نے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو ابن العاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے بدن پر دو کپڑے کسم کے رنگے ہوئے ملاحظہ فرمائے پس ارشاد فرمایا کہ بے شک یہ کپڑے کافروں کے ہیں ان کو مت پہنو روایت کیا اس کو مسلم نے

حضرت ابی ریحانہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دس چیزوں کو منع فرمایا منجملہ ان کے ایک یہ ہے کہ فرمایا کوئی اپنے کندھے پر حریر کا ٹکڑا لگانے لگے مثل اہل عجم کے روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ یہود و نصاریٰ خضاب نہیں کرتے تم ان کی مخالفت کرو۔ روایت کیا اس کو بخاری و مسلم نے اور اس باب میں اس کثرت سے حدیثیں آئی ہیں کہ حصر دشوار ہے ان سب حدیثوں سے صاف تشبہ[1] بالکفار کا حرام ہونا ثابت ہوتا ہے۔ ایک حدیث میں لباس کی مشابہت کا ذکر ہے ایک میں شکل ہیئت یعنی بال نہ رنگنے کا حال مذکور ہے ایک میں مطلق تشبہ ممنوع ہے جو اپنے اطلاق یا عمومیت سے تمام امور کو شامل ہے اس زمانہ میں بعض لوگوں کے دل کو

---

[1] کفار جیسی صورت بنانا ۱۲



Marfat.com

یہ بات ہرگز نہیں لگتی کوئی صاحب تو حدیثوں کا انکار فرماتے ہیں کہ حدیث کا اعتبار ہی نہیں غضب ہے ظلم ہے جس علم کا ایک ایک ٹکڑا اصول سے بلکہ اس وقت کے راوی سے لے کر جناب رسول مقبول صلعم تک بسند متصل و صحیح ثابت ہو اور ہر زمانہ میں ایک ایک راوی کے حالات ولادت[1] وفات سفر شیوخ و تلامذہ[2] وکیفیت تدین[3] و صدق و قوت حافظہ و صحت عقیدت وغیرہ سے کھود کرید ہوتی رہی ہو اور ذرا بھی کسی بات میں فرق یا شبہ پڑا فوراً اس کو ترک کر دیا گیا ہو جو فن اس تنقید و تحقیق سے مدون[4] ہوا ہو اس کا تو اعتبار نہ ہو اور تاریخ جس میں ہزاروں رطب[5] و یابس بھرے ہوں۔ مورخ کے قیاسات قرار پا گئے ہوں مورخین میں اس شدت و کثرت سے اختلاف ہو کہ تطبیق کی صورت ہی نہ بن سکے ان لوگوں کا ایماندار اور سچا ہونا نہ محدثین کی برابر قوت حافظہ کا ہونا ثابت ہوا ہو اس کا ہر ہر جز گویا جزو ایمان سمجھا جاوے اس بے انصافی کی کوئی حد بھی ہے بعض صاحب فرماتے ہیں کہ حدیث تشبہ کی ضعیف ہے اللہ اکبر جن صاحبوں کو اتنی خبر نہ ہو کہ حدیث ضعیف کیا ہے وہ حدیث پر ضعف کا حکم لگائیں اچھا صاحب ایک حدیث ضعیف ہی سہی مگر یہ بے شمار حدیثیں کیا سب بلا دلیل ضعیف مان لی جاویں گی پھر یہ مسئلہ تو قرآن مجید سے بھی ثابت ہے۔ قال اللہ تعالیٰ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ کَآفَّۃً ط وقال اللہ تعالیٰ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا لَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا ۔ ان کی تفسیر اور شان نزول تو ذرا تحقیق فرمایئے اور خود حکم کاف کو جو تشبیہ کے لئے ہے ملاحظہ فرمایئے تو معلوم ہوگا کہ قرآن مجید سے یہ مسئلہ ثابت ہے

[1] پیدائش ۱۲ [2] شاگرد ۱۲ [3] دینداری ۱۲ [4] مرتب ۱۲ [5] بھلا برا ۱۲



Marfat.com

پھر کیا قرآن مجید کو بھی ضعیف کہہ دیا جائے گا۔ خدا خیر کرے بعض لوگ عقلی شبہات اس میں پیدا کرتے ہیں کہ صاحب اگر تشبہ حرام ہے تو کھانا بھی مت کھاؤ چہرہ پر سے ناک بھی اڑادو کیونکہ دوسری قوموں کے ساتھ اس میں بھی شرکت ہے اس کی تو ایسی مثال ہے کہ کوئی شخص زنا کے حرام ہونے پر یہ شبہ کرے کہ صاحب اگر یہ حرام ہے تو نکاح میں جو صحبت ہوتی ہے وہ بھی حرام ہونا چاہئے کیونکہ صورت فعل میں تو دونوں کو شرکت ہے بات یہ ہے کہ جس فن میں آدمی کو دخل نہ ہو اس میں گفتگو نہ کرے کیوں بے فائدہ اپنی بے قدری ظاہر کرے یہ مسئلہ شرعی ہے اہل شرع سے اس کی تحقیق کر لینا چاہئے کہ تشبہ حرام کیوں ہے اس کو سمجھ کر پھر جو کچھ کہنا ہو کہے سو اس کی تحقیق یہ ہے کہ جو امر خود مذموم و ممنوع ہو اس میں تو تشبہ مطلقاً حرام ہے مثلاً پتلون میں جس میں ٹخنے ڈھکے ہوں اگر اس میں تشبہ سے بھی قطع نظر کی جاوے تو بوجہ ٹخنے ڈھک جانے کے یہ ممنوع ہے جیسا اوپر حدیث آچکی ہے اور اب چونکہ اس میں تشبہ بھی ہے مضاعف[1] گناہ ہو جائے گا اور اگر وہ فعل فی نفسہ غیر مذموم اور مباح ہے تو اگر بقصد تشبہ اس کو کیا جائے یا کسی ایسی قوم کا عرفاً خاصہ ہو تو بھی ناجائز ہوگا اور اگر خود وہ فعل حلال ہے اور قصد تشبہ کا بھی نہیں نہ کسی قوم کا خاصہ ہے تو درست ہے قواعد و احکام شرعیہ کو ٹٹولنے سے اس قاعدہ کی تصدیق ہو سکتی ہے اب ناک کاٹنے اور کھانا چھوڑنے کا شبہ بالکل دفع ہو گیا اور جس جس تشبہ حرام میں لوگ مبتلا ہو رہے ہیں نظر انصاف سے سب کا حال معلوم ہو گیا اول تو جن چیزوں میں مشابہت اختیار کر رکھی ہے وہ ایک قوم کا عرفاً خاصہ ہے یہی وجہ ہے کہ اپنے اہل وطن کو اس وضع میں دیکھ کر جمہور خلائق کو وحشت ہوتی ہے اور خاصہ کا ممنوع ہونا اوپر

[1] دوگنا گناہ ۱۲

گزر ہی چکا اور اگر کھینچ تان کر کوئی شخص ان اوضاع کو خاصہ کے افراد سے نکال کر تمام اور تمام قوموں میں عام و شائع قرار دے گو یہ دعوئے غلط ہے ان اوضاع میں ایسا عموم و شیوع نہیں کہ عرفاً اس قوم کا خاصہ نہ سمجھا جائے جو لوگ کسی حکومت پر ہیں یا اس قسم کی صحبت زیادہ رہتی ہے بجز ان کے تمام ملک اور تمام قوم اپنی پرانی وضع لئے ہوئے ہیں اور اگر فرضاً تسلیم بھی کر لیا جائے تو خاصہ نہ سہی مگر جو شخص اس وضع کو اختیار کرتا ہے اس کا قصد تو تشبہ ہی کا ہوتا ہے چنانچہ اکثر اوقات بیساختہ اقرار بھی کر لیتے ہیں کہ صاحب اس وضع سے لوگوں کی نظر میں وقعت اور ان پر ہیبت ہوتی ہے کیونکہ اہل حکومت کی وضع ہے اس مصلحت سے یہ وضع اختیار کی گئی ہے غرض اقرار بھی ہے اور قرائن قویہ سے بھی یہ یقینی ہے جب قصد تشبہ کا ہوا حرام ہو گیا۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہم نے ٹوپی ترکی پہن لی ہے اب تو تشبہ نہیں رہا۔ اور تو وہ ترکی ٹوپی بھی ہمارے ملک میں نیچریوں کا شعار ٹھیر گیا ہے اس کا پہننا کون سا تعریف کا کام کیا پھر یہ کہ اگر ٹوپی بدل دی تو چلو ٹوپی میں مشابہت نہیں رہی ایک گناہ ہلکا ہوا باقی جتنے عضووں میں تشبہ ہے اتنے گناہ اس پر رہے اس میں برأت کی صورت کیا نکلی اس طرح کے اور بھی لچر شبہات پیش کیا کرتے ہیں جن کا جواب اصول مذکورہ کی تحقیق کے بعد ہر شخص سمجھ لے گا۔ اب دو دلیلیں ان حضرات کے مزاج کے موافق عرض کرتا ہوں ایک نقلی جو ان کے نزدیک بھی مسلم ہے دوسری عقلی جو بوجہ غلبہ عقل پرستی کے ان سے بھی زیادہ تسلیم کے قابل ہو گی۔ نقلی

لے یعنی علامتیں قرائن جمع قرینہ کی بمعنی علامت ۱۲



LIBRARY SECTION

Marfat.com

دلیل وہ جملہ ہے جس کو اپنے ہر لیکچر میں اسلام کی خوبیاں بیان کرنے کے ضمن میں فرمایا جاتا ہے۔ لا رھبانیۃ فی الاسلام حد متوسط سے زیادہ اپنے نفس پر تشدد کرنے کی نہی اور نفی لفظ رہبانیۃ سے کیوں فرمائی گئی رہبانیہ کے کیا معنی ہیں یہ لفظ راہب سے بنایا گیا ہے یا نہیں اور راہب کس کو کہتے ہیں۔ درویش نصرانی کو کہتے ہیں یا نہیں اگر یوں فرما دیتے اپنے نفس پر زیادہ تشدد مت کرو جب بھی تو مطلب حاصل ہو جاتا یہ کیوں فرمایا کہ اسلام میں راہب بننے کی اجازت نہیں۔ اس سے صاف معلوم ہوا کہ غلو[1] اور تشدد کے مذموم ہونے کی علت بتلانا منظور ہے کہ اس میں راہبوں کی مشابہت ہوتی ہے تو مسلمان ہو کر کیوں راہب بنتے ہو۔ اب بتلایئے تشبہ کا حرام و مذموم ہونا ثابت ہوا یا نہیں دلیل عقلی یہ ہے کہ اگر کسی صاحب سے جو مسئلہ تشبہ میں الجھ رہے ہوں مخلی بالطبع[2] ہونے کے وقت مجمع عام میں ایک زنانہ جوڑا پیش کر کے عرض کیا جائے کہ اس کو زیب بدن فرمایئے تو یقین ہے کہ اگر ان کا قابو چلے تو مستدعی[3] کی جان تک لینے میں دریغ نہ فرماویں کیوں صاحب تشبہ کا مسئلہ اگر کوئی باوقعت نہیں تو اس مقام پر عورت کے ساتھ تشبہ کے استدعا کرنے سے کیوں اس قدر غیض و غضب نازل ہوا جب ایک مسلمان کے ساتھ تشبہ ہونے سے تھوڑے فرق کی وجہ سے یہ ناگواری ہے تو کافروں کے ساتھ تشبہ کرنے سے تو بوجہ اختلاف دین زیادہ غیرت ہونی چاہیئے اور واضح رہے کہ حکمی وردی اس حکم سے مستثنیٰ ہے کہ وہ شعار منصب[4] کا ہے اس کو تشبہ سے کوئی علاقہ نہیں۔

[1] حد سے بڑھنا ۱۲ [2] خالی الذہن ۱۲ [3] درخواست کرنے والا ۱۲ [4] مرتبہ ۱۲



Marfat.com

## دوسرا باب

# پہلی فصل

منجملہ ان رسوم کے شادی کی اکثر بلکہ تمام رسمیں ہیں جو دنیا میں آنے کے وقت سے اپنے اصلی وطن کی روانگی کے وقت تک عمل میں لائی جاتی ہیں اور جو بڑے بڑے ثقہ اور عاقل لوگوں میں طوفان عام کی طرح پھیل رہی ہیں اور جن کی نسبت لوگوں کا یہ خیال ہے کہ اس میں گناہ ہی کونسی بات ہوتی ہے مرد یا عورتیں جمع ہوتی ہیں کچھ کھانا پلانا ہوتا ہے کچھ دینا دلانا ہوتا ہے کوئی ناچ رنگ نہیں پھر اس میں شرع کے خلاف ہی کیا ہے جس سے روکا جائے۔ حضرات اس غلط گمان کی وجہ صرف یہ ہوئی کہ رواج عام نے قوت نظریہ[1] کو ضعیف کر دیا کہ چند امور جو ظاہراً مباح ہیں ان کو دیکھ لیا اور جو ان کے اندر پنہانی اور اندرونی مفاسد اور خرابیاں ہیں وہاں تک نظر نہ پہنچ سکی جیسا کوئی نادان بچہ مٹھائی کا ذائقہ و رنگ دیکھ کر سمجھتا ہے کہ یہ تو بڑی اچھی چیز ہے اور ان مضرتوں پر نظر نہیں کرتا جو اس میں مخفی ہیں اور جن کو ماں باپ سمجھتے ہیں اور اس لئے روکتے ہیں اور وہ ان خیر خواہوں کو اپنا دشمن سمجھتا ہے حالانکہ ان رسوم میں جو خرابیاں ہیں وہ زیادہ پوشیدہ اور مخفی نہیں ہیں بلکہ اکثر لوگ ان خرابیوں کے مقر اور ان کی وجہ سے پریشان ہیں مگر مرگ انبوہ کے طور پر سب خوشی خوشی اس کو کرتے ہیں اور ناصح سے منقبض ہوتے ہیں سو ان میں سے ایک رسم اولاد کے پیدا ہونے کے وقت کی ہے جس میں یہ مفاسد ہوتے ہیں

[1] سوچ سمجھ کی قوت ۱۲

(۱) یہ ضروریات زمانہ سے سمجھا جاتا ہے کہ حتی الامکان پہلا بچہ باپ کے گھر ۵
ہونا چاہیئے جس میں بعض اوقات جب وہ عورت سسرال میں موجود ہو قریب زمانہ میں باپ کے گھر بھیجنے کی پابندی میں یہ بھی تمیز نہیں رہتی کہ آیا یہ سفر کے قابل بھی ہے یا نہیں جس سے بعض اوقات کوئی بیماری لگ جاتی ہے حمل کو نقصان پہنچتا ہے۔ مزاج میں ایسا تغیر واقع ہوتا ہے کہ اس کو اور بچہ کو مدت تک بھگتنا پڑتا ہے بلکہ اہل تجربہ کا قول ہے کہ اکثر بیماریاں بچوں کو زمانہ حمل کی بد احتیاطیوں سے ہوتی ہیں غرض دو جانوں کا اس میں نقصان پیش آتا ہے پھر یہ کہ ایک امر غیر ضروری کی اس قدر پابندی کہ کسی طرح ٹلنے نہ پاوے اپنی طرف سے ایک جدید شریعت تصنیف کرنا ہے بالخصوص جبکہ اس کے ساتھ یہ عقیدہ ہو کہ اس کے خلاف کرنے سے کوئی نحوست ہوگی یا ہماری بدنامی ہوگی اعتقاد نحوست تو شعبہ[1] شرک کا ہے کہ غیر اللہ کو نافع[2] یا ضار[3] سمجھا اسی واسطے حدیث میں اس کی صاف نفی آئی ہے کہ بدشگونی کوئی چیز نہیں ہے اور ایک حدیث میں آیا ہے کہ ٹوٹکا شرک ہے اور بدنامی کا اندیشہ یہ شعبہ تکبر کا ہے جس کا حرام ہونا قرآن و حدیث میں منصوص ہے اور اکثر خرابیاں اور پریشانیاں اسی ننگ و ناموس کی بدولت طوق گلو[4] ہو گئی ہیں

(۲) بعض جگہ قبل پیدائش چھاج یا چلنی میں کچا اناج اور سوا پیسہ مشکل کشا کے نام کا رکھا جاتا ہے یہ صریح[5] شرک ہے۔

(۳) بعد پیدائش کے گھر والے کے ساتھ کنبہ کی عورتیں بھی بطور نوتہ کے کچھ جمع کر کے دائی کو دیتی ہیں اور ہاتھ میں نہیں دیتیں بلکہ ٹھیکری میں ڈال دیتی ہیں۔

---

[1] شاخ ۱۲ [2] نفع دینے والا ۱۲ [3] ضرر دینے والا ۱۲ [4] گھونگلے میں پڑ گئی ہیں ۱۲ [5] کھلا شرک ۱۲



Marfat.com

٥ ملاحظہ فرمایئے یہ کونسا طریقہ دینے کا معقول ہے کہ ہاتھ کو چھوڑ کر ٹھیکری میں ڈالا جائے اور ٹھیکری میں نہ ڈالیں ہاتھ میں دیں تب بھی غور کرنے کی بات ہے کہ ان دینے والوں کا مقصود اور نیت کیا ہے۔ جس وقت یہ رسم ایجاد ہوئی ہوگی اس وقت کی تو خبر نہیں کہ کیا مصلحت ہو شاید بوجہ مسرت طبعی[1] کے ہو کہ سب عزیزوں کا دل خوش ہو بطور انعام کے سب نے کچھ کچھ دیدیا مگر اب تو یقینی بات ہے کہ خواہ مسرت ہو یا نہ ہو ضرور دینا ہوتا ہے۔ بعض عورتیں کنبہ کی نہایت مفلس اور نادار ہیں مگر باصرار ان کو بلایا جاتا ہے اگر نہ جاویں تو تمام عمر شکایت گائی جائے اور اگر جاویں تو اٹھنی چونی کا انتظام کرکے لے جاویں نہیں تو بیبیوں میں سخت ذلت اور شرمندگی ہے۔ غرض جاؤ اور جبراً قہراً دے کر آؤ کیسا صریح ظلم ہے کہ گھر بلا کر لوٹا جاوے بجائے مسرت کے بعضوں کو پورا جبر گزرتا ہے مگر یہ امکان نہیں کہ یہ ٹیکس نہ ادا کیا جائے۔ سرکاری مالگذاری میں اکثر مہینوں کی دیر ہو جاتی ہے مگر اس میں ایک منٹ کا توقف نہیں ہوتا بلکہ میعاد سے پہلے مہیا کر لینا واجب ہے فرمایئے کہ اس طرح اور اس نیت سے مال کا خرچ کرنا یا لینے والے کو یا گھر والوں کو اس لینے دینے کا باعث بننا کہاں جائز ہے کیونکہ دینے والے کی نیت تو محض تعزز وترفع ہے جس کی نسبت حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص شہرت کا کپڑا پہنے گی قیامت میں اللہ تعالیٰ اس کو ذلت کا لباس پہنا دیں گے یعنی جو کپڑا خاص شہرت کی نیت سے پہنا جائے معلوم ہوا کہ کوئی کام شہرت کی غرض کرنا جائز نہیں یہاں تو خاص یہی نیت ہوتی ہے کہ دیکھنے والے کہیں گے کہ فلاں نے یہ دیا ورنہ مطعون[2] کرینگے

[1] دلی خوشی ۱۲ [2] ملامت ۱۲

کہ لینے آنے کی کیا ضرورت تھی دینے والے کو تو یہ گناہ ہوا اب آپ لینے والے کو سنئیے حدیث میں آیا ہے کہ کسی مسلمان کا مال حلال نہیں بدوں اس کے دل کی خوشی کے جب ایک شخص نے جبراً کراہیت سے دیا لینے والے کو لینے کا گناہ ہوا اگر دینے والا باوسعت ہے اور اس کو جبر بھی نہیں گزرا مگر غرض تو اس کی بھی ترفع اور افتخار ہے جس کی نسبت حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے ان لوگوں کی دعوت قبول کرنے سے جو فخر کے لئے کھانا کھلاویں غرض ایسے شخص کا کھانا یا اس کی چیز لینا بھی ممنوع ہے کیونکہ اس میں اس کی معصیت کی اعانت ہے اور اعانت معصیت خود معصیت ہے۔ غرض لینے والا بھی گناہ سے نہ بچا اب گھر والوں کو لیجئے کہ وہی لوگ بلا بلا کر باعث اس معصیت کے ہوئے وہ یوں مبتلا ہوئے غرض اچھا نوتہ ٹھہرا کہ سب کو گناہ میں نوت دیا اور رسم نوتہ کی اکثر تقریبات میں ادا کی جاتی ہے جس میں علاوہ مفاسد مذکورہ کے یہ خرابی ہے کہ حسب قاعدہ المعروف کالمشروط یہ تو طے ہو گیا ہے کہ یہ قرض لینا ممنوع ہے اور نوتہ میں کچھ ضرورت پر نظر نہیں ہوتی ثانیاً بلا وقت وسعت کے ادا کر دینا چاہیے اگر نوتہ کا بدل کوئی شخص اگلے دن دینے لگے ممکن نہیں کہ کوئی شخص قبول کر لے ثالثاً گنجائش ہو یا نہ ہو مگر اس کا ادا کرنا لازم ہے غرض تینوں حالتوں میں شریعت کی مخالفت کی جاتی ہے اس لئے یہ رسم نوتہ کی جس طرح متعارف ہے جائز نہیں رہی۔

(۴) پھر نائن گود میں کچھ اناج ڈال کر سارے کنبہ اور برادری میں بچہ کا سلام بہ کہنے جاتی ہے اور وہاں سب عورتیں اس کو کچھ اناج دیتی ہیں اس میں بھی وہی خیالات اور نیتیں ہیں جو نمبر ۳ میں مذکور ہوئی ہیں۔



Marfat.com

(۵) گھر پر سب کمینوں کو حق دیا جاتا ہے جس کو ۳۶ تہا نبہ کہتے ہیں ان میں بعض تو خدمت گزار ہیں ان کو تو خواہ حق سمجھ کر یا انعام سمجھ کر دیا جائے تو مضائقہ نہیں بلکہ مستحسن ہے مگر یہ ضرور ہے کہ اپنی مقدور کا لحاظ رکھے یہ نہیں کہ مطعون ہونے کے اندیشہ سے خواہی نخواہی قرض لے گو سودی ملے اپنی زمین باغ کو فروخت کرے یا گروی رکھے اگر ایسا کرے گا تو بوجہ ارتکاب یا نمود کے یا بلا ضرورت قرض لے کر لوگوں کے مال تلف کرنے کے اور سود دینے کے جو کہ گناہ میں سود لینے کے برابر ہے یا تکبر و افتخار کے جو کہ نصاً حرام ہے یا اسراف کے جس کی حرمت بھی منصوص ہے ان وجوہ سے ضرور گنہگار ہوگا خیر یہ تو خدمت گاروں کے انعام میں گفتگو تھی بعض کمین وہ ہیں جو کسی مصرف کے نہیں نہ وہ کوئی خدمت کریں نہ کسی کام آویں نہان سے کوئی ضرورت متعلق مگر قرض خواہوں سے بڑھ کر تقاضا کرنے کو موجود اور خواہی نخواہی ان کو دینا ضرور اس میں بھی جو خرابیاں اور وجوہ معصیت کے دینے والوں اور لینے والوں کے لئے جمع ہیں ان کا بیان اوپر آچکا ہے حاجت اعادہ نہیں۔ علاوہ بریں جب ان کا کوئی حق واجب نہیں ان کو دینا محض احسان ہے اور احسان میں زبردستی حرام ہے اور اس رسم کو جاری رکھنا تائید فعل حرام کی ہے اور حرام کی تائید بھی حرام ہے۔

(۶) پھر دھیانیوں کو دودھی دھلائی کے عنوان سے کچھ دیا جاتا ہے اس میں بھی وہی ضروری سمجھنا اور جبراً قہراً دینا یا اگر خوشی سے دیا تو ناموری اور سرخروئی کے لئے دینا سب ظلمتیں موجود ہیں اور کفار کے ساتھ تشبہ جدا رہا جس سے اس میں بھی جواز کی گنجائش نہیں ہو سکتی۔

(۷) اچھوانی پھر گوندا اور پنجیری سارے کنبہ اور برادری میں تقسیم ہوتی ہے اس



Marfat.com

ہیں بھی اسی قدر مفاسد اور نماز روزہ سے بڑھ کر ضروری سمجھنے کی علت موجود ہے بالخصوص پنجیری میں تو ناج کی ایسی بے قدری ہوتی ہے کہ آہی تو بہ تقریباً بالے کی تو اچھی خاصی لاگت لگ جاتی ہے اور وہ کسی کے منہ تک بھی نہیں جاتی پھر ناج کی ایسی بے ادبی کہیں جائز نہیں ہو سکتی۔

(۸) نائی اطلاعی خط لے کر بہو کی سسرال میں جاتا ہے اور وہاں اس کو کچھ انعام دیا جاتا ہے خیال کرنے کی بات ہے کہ جو کام ایک پیسہ کے کارڈ میں نکل سکتا ہے اس کے لئے خاص کر ایک آدمی کا جانا یہ کون سا امر معقول ہے پھر خواہ سسرال میں کھانے کو میسر ہو یا نہ ہو مگر نائی صاحب کا قرض جو نعوذ باللہ خدا کے فرض سے بڑھ کر سمجھا جاتا ہے ادا کرنا ضروری ہے اور وہی نامودری کی نیت ہونا وغیرہ جو ظلمات ہیں وہ یہاں بھی رونق افروز ہیں اس لئے یہ بھی جائز نہیں ہو سکتا۔

(۹) پھر سوا مہینے کا چلہ نہانے کے وقت پھر سب عورتیں کنبہ کی جمع ہوتی ہیں اور کھانا وہاں ہی کھاتی ہیں اور رات کو کنبہ یا برادری میں دودھ چاول تقسیم ہوتے ہیں بھلا صاحب یہ زبردستی کھانے کی پخ لگانے کی کیا وجہ؟ دو قدم پر گھر مگر کھانا کھائیں یہاں وہی مثل مان نہ مان میں تیرا مہمان۔ ان کی طرف سے تو یہ زبردستی اور گھر والوں کی نیت ناموری اور طعن تشنیع سے بچنے کی یہ دونوں وجہ اس کی ممانعت کے لئے کافی ہیں اسی طرح دودھ چاول کی تقسیم یہ بھی محض لغو ہے ایک بچے کے ساتھ تمام بزرگان کنبہ کو شیر خوار بنانے کی ضرورت کیا تھی پس اس میں بھی وہی نام ونمود کا زہر اس رسم کو ممنوع ہونے کے لئے کافی ہے۔

(۱۰) اس سوا مہینے تک زچہ کو نماز کی ہر گز توفیق نہیں ہوتی بڑی بڑی پابند نماز



Marfat.com

بے پرواہی کر جاتی ہیں مسئلہ شرعیہ ہے کہ نفاس کے اقل درجہ کی کوئی حد نہیں جس وقت خون بند ہو جاوے فوراً غسل کر لے اور اگر غسل نقصان کرے تو تیمم کر کے نماز پڑھنا شروع کرے ایک وقت کی فرض نماز بھی بلا عذر شرعی چھوڑنا سخت گناہ ہے حدیث میں ہے کہ ایسا شخص دوزخ میں ہوگا۔ فرعون ہامان اور قارون کے ساتھ۔

(۱۱) پھر باپ کے گھر سے سسرال میں آنے کے لئے چھوچھک کی تیاری ہوتی ہے جس میں حسب مقدور رسب سسرال والوں کے جوڑے اور برادری کے لئے پنجیری اور لڑکی کے لئے زیور برتن جوڑے وغیرہ ہوتے ہیں جب بہو چھوچھک لے کر سسرال میں آئی وہاں سب عورتیں چھوچھک دیکھنے آتی ہیں اور ایک وقت کھانا کھا کر چلی جاتی ہیں ان سب امور میں جو کچھ پابندی ہے کہ پابندی فرائض سے بڑھ کر برتی جاتی ہے اور وہی نیت نمائش و نام وری کی ہونا وہ ظاہر ہے جس میں حدود شرعیہ سے تجاوز اور تکبر و افتخار کوٹ کوٹ کر بھر گیا ہے جس کے حرام ہونے میں آیات و احادیث بکثرت موجود ہیں۔ آداب مسنونہ تولد کے وقت یہ ہیں کہ جب لڑکا پیدا ہو اس کو نہلا دھلا کر اس کے داہنے کان میں اذان اور بائیں میں تکبیر کہی جاوے اور کسی بزرگ متقی سے تھوڑا چھوارا چبا کر اس کے تالو کو لگا دیا جاوے اور باقی تمام امور مذکورہ یا اذان کی مٹھائی یہ سب فضول اور غیر معقول اور مکروہ ہیں۔

## دوسری فصل

منجملہ ان کے وہ رسوم ہیں جو عقیقہ کے ساتھ برتی جاتی ہیں ان میں لڑکے کے لئے دو بکرے لڑکی کے لئے ایک بکرا ذبح کرنا اور اس کا گوشت کچا یا پکا تقسیم

کردینا اور بالوں کی برابر چاندی وزن کرکے تقسیم کردینا بس یہ سنت و مستحب ہے باقی جو فضولیات اس میں تصنیف ہوئے ہیں ملاحظہ کے قابل ہیں۔

(۱) برادری اور کنبہ کے مرد جمع ہو کر بعد مونڈ تراشی بچہ کی کٹوری میں بطور نوتہ کے کچھ ڈالتے ہیں جو نائی کا حق سمجھا جاتا ہے اور یہ عرفاً صاحب خانہ کے ذمہ سمجھا جاتا ہے جس کا ایسے ہی موقعہ پر ادا کرنا وہی پابندی ہے کہ اگر پاس نہ ہو تو قرض لو۔ گو سودی ملے جو سراسر تعدی حدود شرع سے ہے اور وہی نیت ناموری اور طعن والزام سے بچنے کی جو شعبہ تکبر حرام کا ہے اور عجیب بات یہ ہے کہ قرض کا قاعدہ یہ ہے کہ آدمی حاجت کے وقت ادا کردیتا ہے۔ یہ عجیب قرض ہے کہ خواہ حاجت ہو یا نہ ہو مقروض بنو اور پھر جس وقت ادا کرنا چاہو ادا نہ کرسکو اگر کوئی شخص اگلے دن نوتہ کا روپیہ ادا کرنے کے لئے جاوے تو صاحب نوتہ ہرگز ہرگز نہ لے اور یہی کہے کہ ہم نے کیا آج کے لینے کے واسطے دیا تھا ہمارے یہاں جب کوئی تقریب ہوگی تم دیدینا سو احادیث میں جو دین کے باب میں وعید یں آئی ہیں اس سے مراد وہی قرض ہے جو بلا حاجت ہو خواہ مخواہ بے ضرورت مقروض ہونا بلاشک مرضی شارع علیہ السلام کے خلاف ہے پھر ایک شخص ایک حق واجب سے سبکدوش ہونا چاہیئے اور اس کو کوئی شخص گرانبار رکھنے کی کوشش کرے تو یہ بھی امر مذموم ہے سو اس نوتہ کی رسم میں یہ دونوں خرابیاں ہیں ایک لینے والے کے واسطے دوسری دینے والے کے واسطے۔

(۲) دھیانیاں یہاں بھی وہی اپنا حق جو واقع میں ناحق ہوتا ہے لیتی ہیں جب

---

ملہ بال ۱۲ ملہ قرض ۱۲ ملہ بہن بھانجیاں وغیرہ ۱۲



Marfat.com

ہیں تشبہ کفار کے علاوہ یہ خرابیاں ہیں (۱) دینے والے کی نیت فاسد ہونا کیونکہ یہ یقینی بات ہے کہ بعض اوقات گنجائش نہیں ہوتی اور دینا گراں گزرتا ہے مگر صرف اس وجہ سے کہ نہ دینے میں طعن وخجالت ہوگی دینا پڑتا ہے اسی کو ریاء ونمود کہتے ہیں اور ریاء وشہرت کے لئے مال خرچنا حرام ہے (۲) لینے والے کی یہ خرابی کہ دینا فی ذاتہ تبرع ہے اور تبرعات میں شرعاً جبر حرام ہے اور یہ بھی شرعاً جبر ہی ہے کہ وہ اگر نہ دے اس پر لعن طعن ہو بدنام ہو خاندان بھر میں نکو بنے اور اگر خوشی سے بھی دے تب بھی شہرت اور ناموری کی نیت ہونا یقینی ہے جس کی ممانعت قرآن وحدیث صاف صاف مذکور ہے۔

(۳) پنجیری کی تقسیم کا فضیحتہ یہاں بھی ہے جس کا نامعقول ہونا اوپر مذکور ہو چکا ہے اور طلب شہرت وریاء کی وجہ سے ممنوع ہونا بھی ظاہر ہے اور یہی خرابیاں اس رسم میں ہیں جو دانت نکلنے کے وقت ہوتی ہیں کہ کنبہ میں گھونگنیاں تقسیم ہوتی ہیں اور ان کا ناغہ ہو جانا فرض وواجب کے ناغہ ہو جانے سے بڑھ کر مذموم و عیب سمجھا جاتا ہے اور اسی طرح وہ رسم جو دودھ چھوڑنے کے وقت رائج ہے مبارکباد کے لئے عورتوں کا جمع ہونا اور خواہی نخواہی ان کی دعوت ضروری ہونا اور کھجوروں کا برادری میں تقسیم ہونا غرض یہ سب ایک حالت میں ہیں۔

## تیسری فصل

منجملہ ان رسوم کے مکتب کی رسم ہے جس طرح اہتمام والتزام کے ساتھ

---

لے شرمندگی ۱۲ ے احسان

لوگوں میں شائع ہے اس میں یہ خرابیاں ہیں

(۱) چار برس چار مہینہ چار دن کا اپنی طرف سے مقرر کر لینا جس کی کوئی اصل صحیح نہیں پائی گئی جیسا کہ خاتمہ مجمع البحار میں شیخ علی متقیؒ کا فتویٰ اس معمول کے بے اصل ہونے میں منقول ہے پھر اس کا ایسا اہتمام اور اصرار کہ جس طرح ہو اس کے خلاف نہ ہونے پاوے اور عوام تو اس کو امر شرعی سمجھتے ہیں جس کی وجہ سے عقیدے میں فساد اور شریعت کے احکام میں ایک حکم کا ازدیاد[1] دو ایجاد لازم آیا ہے۔

(۲) تقسیم شیرینی کا لازم سمجھنا اس طرح کہ اس کے ترک کو موجب بدنامی و اہانت سمجھیں تو اس صورت میں ظاہر ہے کہ محض ادائے شکر مقصود نہیں ورنہ ادائے شکر کی بہت سی صورتیں ہیں اُن میں سے جس کو چاہتا بے تکلف اختیار کر لیتا کبھی کھانا کھلا دیتا کبھی غریب محتاجوں کو غلہ یا نقد کپڑا تقسیم کر دیتا کبھی کسی مسجد یا مدرسہ میں ادا کر دیتا اور کبھی جب گنجائش نہ ہوتی زبانی شکر یہ ایک آدمی کا کھانا دیکر اس پر اکتفا کرتا تمام عمر ایک طریق کی پابندی کرنا صرف رواج کی وجہ سے ہے کہ اس کے خلاف کرنے سے لوگ مطعون کریں گے تو اس میں بھی وہی خرابی ریا و نمود و اشتہار و افتخار کی موجود ہے۔

(۳) بعض مقدور والے چاندی کی قلم دوات سے چاندی کی تختی پر لکھا کر بچہ کو اس میں پڑھواتے ہیں سو چاندی کا استعمال خود کرنا یا دوسرے کو کرانا خواہ بڑا ہو یا چھوٹا سب حرام ہے۔

(۴) بعض لوگ اس وقت بچہ کو غیر مشروع لباس پہناتے ہیں ریشمی یا زری کا یا کسم و زعفران کا رنگا ہوا۔ ایک گناہ یہ ہوا۔

[1] زیادتی کرنا ۱۲



Marfat.com

(۵) کمینوں اور دھیانیوں کا اس میں کبھی فرض سے بڑھ کر حق سمجھا جاتا ہے جو مرکر جس طرح ہو ادا کرو ورنہ نکو بنو۔ جبراً کسی کے مال لینے کی یا ریاءً کسی کو دینے کی برائی اوپر گذر چکی ہے یہ بھی موقوفی کے قابل ہے بس جب لڑکا بولنے لگا اس کو کلمہ سکھلاؤ جیسا مجمع البحار اور شرح شرعۃ الاسلام اور ابن السنی میں منقول ہے اور شرح شرعۃ الاسلام میں ان آیتوں کی تلقین کو زیادہ کیا ہے۔ فتعالی اللہ الملک الحق آخر سورۂ مومنون تک ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو تا آخر سورۂ حشر اور ایک روایت میں اس کی تعلیم آئی ہے وقل الحمد للہ الذی لم یتخذ ولدا ولم یکن لہ شریک فی الملک ولم یکن لہ ولی من الذل وکبرہ تکبیرا۔ ابن السنی نے اس کا حضور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے معمولات شریف سے ہونا حضرت انس رض سے روایت کیا ہے اور کسی معتبر بزرگ کی خدمت میں اس کو لے جا کر بسم اللہ کہلاؤ اور اس نعمت کے شکریہ میں اگر دل سے بلا پابندی جو توفیق ہو خفیہ طور سے راہ خدا میں کچھ خیر خیرات کردو باقی سب پکھنڈ ہیں۔

## چوتھی فصل

منجملہ ان کے وہ رسوم ہیں جو ختنہ میں عوام نے اضافہ کر رکھے ہیں۔

(۱) لوگوں کو آدمی اور خطوط بھیج کر بلانا اور جمع کرنا جو بالکل خلاف سنت ہے مسند احمد میں حسن سے روایت ہے کہ حضرت عثمان بن ابی العاص کو کسی نے ختنہ میں بلایا آپ نے تشریف لے جانے سے انکار فرمایا آپ سے اس کی وجہ دریافت کی گئی آپ نے جواب دیا کہ ہم لوگ عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں کبھی ختنہ میں



Marfat.com

نہ جاتے تھے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شریعت میں جس امر کا اعلان ضروری نہیں اس کے لئے لوگوں کو جمع کرنا بلانا خلاف سنت ہے اس میں بہت سی رسمیں آگئیں جن کے لئے لمبے چوڑے اہتمام ہوتے ہیں۔

(۲) بعض موقع پر لڑکا قریب بلوغ کے ہوتا ہے جس کا بدن مستور دیکھنا بجز ختنہ کرنے والوں کے دوسروں کو بلا ضرورت حرام ہے سب بے تکلف دیکھتے ہیں اور گنہگار ہوتے ہیں۔ اور ان گناہوں کا باعث بلانے والا ہوتا ہے۔

(۳) کٹوری میں نوتہ پڑنے کا فضیحتہ یہاں بھی ہے جس کی خرابیاں اسی باب کی فصل اول و دوم میں مذکور ہو چکی ہیں۔

(۴) بچہ کی ننھیال کی طرف سے کچھ نقد و پارچہ دیا جاتا ہے جس کو عرف عام میں بھات کہتے ہیں جس کی اصل فاسد یہ ہے کہ کفار ہند اولاد دختری کو میراث نہیں دیتے تھے جاہل مسلمانوں نے ان کی دیکھا دیکھی یہ شیوہ اختیار کیا اور اگر فرضاً ان کی تقلید نہیں کی خود ہی یہ رسم ایجاد کی ہو تب بھی تو بری رسم ہے کسی حقدار کا حق جس کو اللہ و رسول نے مقرر فرمایا ہو اس کو نہ دینا اور بلا طیب خاطر ذی حق کے اس سے خود منتفع ہونا عقلاً و شرعاً ہر طرح سے برا ہے غرض جب دختر[1] کو میراث سے محروم کیا تو طفل تسلی کے طور پر اس کا تدارک یہ اختراع کیا گیا کہ مختلف موقعوں اور تقریبوں میں ان کو کچھ دیدیا جایا کرے گویا ان کا حق جو ہمارے ذمہ تھا وہ اس بہانہ سے ادا ہو گیا سو ظاہر ہے کہ اس طرح دینے دلانے سے ہرگز ان کا وہ حق ادا نہیں ہو سکتا کیونکہ ادائے حق کی شرعاً دو صورتیں ہیں یا تو عین حق کی یا عوض دوسری شے ادا کی گئی ہو سو یہ معاوضہ ہے۔ اس میں معاوضہ کی تمام شرائط

[1] لڑکی ۱۲



Marfat.com

جن کی رعایت شرعاً واجب ہے موجود ہونا ضروری ہے جو کہ کتاب فقہ کے کتاب البیع میں مذکور ہیں اور اگر دونوں صورتیں نہ ہوں تو اصل حق ذمہ رہتا ہے مثلاً کسی شخص کے ذمہ کسی کا روپیہ آتا ہو اور وہ اس کی دعوت کر کے اس میں ایک روپیہ کی شیرینی یا طعام کھلا دے۔ ہر شخص جانتا ہے کہ اس سے وہ روپیہ ادا نہ ہوگا بلکہ دستور واجب رہے گا سو ظاہر ہے کہ بھات میں جو دیا جاتا ہے وہ نہ عین حق ہے اور نہ اس میں معاوضہ کی شرائط جمع ہیں یونہی اپنی من سمجھوتی ہے غرض وجہ اس ایجاد کی یا تو رسم کفار کا اتباع ہے کہ وہ بھی حرام ہے اور یا بنا اس کی ظلم ہے کہ وہ بھی حرام ہے۔ دو خرابیاں تو اس کی یہ ہیں تیسری خرابی اس میں یہ ہے کہ خواہ اس موقع پر نانہیال والوں کے پاس ہو یا نہ ہو ہزار اجتن کر کے سودی قرض لو کوئی چیز گروی کرو جس میں آج کل یا تو نقد سود دینا پڑتا ہے یا پیداوار اس جائیداد کا مرتہن لیتا ہے کہ وہ بھی سود ہی ہے گو زمینداروں کے فرقے نے اس کو حلال سمجھ لیا ہے۔ (رسالہ صفائی معاملات میں بفضلہ تعالیٰ سب شبہات اس کے متعلق رفع کر دیئے گئے ہیں) بہر حال سود کی پروا نہیں رہتی غرض کچھ ہو مگر یہاں کا سامان ضرور ہو اب فرمائیے جب ایک امر غیر ضروری بلکہ معصیت کا اہتمام ایسے زور شور سے کہ فرائض و واجبات کا بھی وہ اہتمام نہ ہو تو یہ تعدی حدود شرعیہ سے ہے یا نہیں۔ چوتھی خرابی یہ ہے کہ نیت اس میں بھی وہی شہرت اور تفاخر کی ہے جس کا حرام ہونا بار بار مذکور ہو چکا ہے بعض حضرات کہتے ہیں کہ اپنے عزیزوں سے سلوک کرنا عبادت ہے جواب یہ ہے کہ صلہ رحمی و سلوک منظور ہوتا تو بلا پابندی رسم جب ان کو حاجت

ہوتی ہے ان کی خدمت کرتے اب تو عزیزوں پر خواہ فاقے گزر جائیں خبر بھی نہیں لیتے۔ اپنے نام و نمود کے لئے ناول صلہ رحمی کی سوجھنے لگی۔

(۵) بعض شہروں میں یہ آفت ہے کہ اس تقریب میں یا خصوصیت سے غسل صحت کے روز خوب راگ باجا ہوتا ہے۔ اور کہیں ناچ ہوتا ہے کہیں ڈومنیاں گاتی ہیں جن کا مذموم ہونا اول میں لکھا گیا ہے اور جس کے مفاسد انشاء اللہ تعالےٰ عنقریب مذکور ہوں گے۔ غرض ان خرافات و معاصی کو موقوف کرنا چاہیے۔ جب بچہ میں قوت برداشت کی دیکھی جاوے چپکے سے نائی کو بلا کر ختنہ کرا دیں جب اچھا ہو جاوے غسل کرا دیں اگر گنجائش ہو اور ریا بھی نہ ہو اور پابندی بھی نہ کرے اور شہرت و نمود اور طعن و بدنامی کا بھی خیال نہ ہو شکریہ میں دو چار اعزہ و احباب یا دو چار مساکین کو ماحضر کھلاوے۔ اللہ اللہ خیر صلاح۔

# پانچویں فصل

منجملہ ان رسوم کے منگنی کی رسوم ہیں جس کو قیامت کبریٰ یعنی شادی کی تمہید ہونے کی وجہ سے قیامت صغریٰ کہنا زیبا ہے اس میں یہ واقعات ہیں۔

(۱) جب منگنی ہوتی ہے تو خط لے کر نائی آتا ہے لڑکی والے کی طرف سے شکرانہ بنا کر حجام کے روبرو رکھا جاتا ہے اس میں بھی وہی غیر لازم امر کا اپنے ذمہ لازم کر لینا ہے کہ فرض و واجب ٹل جاوے مگر یہ نہ ٹلے ممکن ہے کہ کسی کے گھر میں اس وقت دال روٹی ہو مگر جہاں سے ہو شکرانہ کرو ورنہ منگنی مشکوک ہو گئی لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ اور التزام مالا یلزم اور تعدی حدود شرعیہ کا ہونا مذکور ہو چکا ہے۔



Marfat.com

ایک تو یہ امر خلاف شرع ہوا پھر اس بیہودہ امر کے لئے اگر سامان موجود نہ ہو تو قرض لینا جس کا بلا ضرورت لینا ممنوع اور ایسے ہی قرض پر وعید آئی ہے گو قلیل ہی قرض ہو دوسرا امر خلاف شرع یہ ہوا۔

(۲) حجام کو کھانا کھلا کر خوان میں سو روپیہ یا جس قدر لڑکی والے نے دیئے ہوں ڈال دیتا ہے لڑکے والا اس میں سے ایک یا دو روپیہ اٹھا کر باقی واپس کر دیتا ہے اور یہ روپیہ اپنے کمینوں کو تقسیم کر دیتا ہے بھلا یہ سوچنے کی بات ہے کہ جب ایک یا دو روپیہ لینا دینا منظور ہے تو خواہ مخواہ سو روپیہ کو کیوں تکلیف دی اور اس رسم کے پورا کرنے کے واسطے بعض اوقات بلکہ اکثر سودی روپیہ لینا پڑتا ہے جو حدیث میں موجب لعنت ہے اور اگر قرض بھی نہ لیا تب بھی بجز افتخار اور اظہار عظمت اس میں کونسی مصلحت عقلی ہے جب یہ عادت سب کو معلوم ہو گئی کہ ایک دو سے زیادہ نہ لیا جاوے گا تو پھر سو کیا ہزار روپیہ میں بھی وہ عظمت اور شان نہیں رہی عظمت تو جب ہوتی جب دیکھنے والے یہ سمجھتے کہ تمام روپیہ نذر کیا گیا ہے اب تو بجز تمسخر اور بازیچۂ طفلاں کے اور کچھ نہیں مگر لوگ کرتے ہیں اسی تفاخر اور عظمت کے دکھلانے کو اور افسوس کہ بڑے بڑے عقلاء جو اوروں کو عقل سکھلا دیں اس رسم دشمن عقل میں گرفتار ہیں غرض اس میں بھی اصل وضع کے اعتبار سے ریاء کا گناہ اور باعتبار تقریر خیر کے ایک فعل لایعنی موجود ہے ریاء کا گناہ ہونا تو ظاہر ہے اور اوپر مذکور بھی ہو چکا ہے اور فعل لایعنی کا مذموم ہونا بھی حدیث میں ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ لایعنی باتوں کو ترک کر دے۔ غرض افعال لایعنی بھی مرضی شارع علیہ السلام کے خلاف ہیں اور

۱؎ بچوں کا کھیل ۱۲

اگر سودی روپیہ لیا گیا تو اس کی وعید سب ہی جانتے ہیں۔ غرض اتنی خرابیاں اس رسم میں موجود ہیں۔

(۳) پھر لڑکی والا حجام کو ایک جوڑہ مع کچھ نقد روپیہ کے دیتا ہے اور یہاں بھی وہی دل لگی کہ دینا منظور ہے ایک یا دو اور دکھلادیں سو واقعی رواج عجب چیز ہے کہ کیسی ہی عقل کے خلاف کوئی بات ہو مگر عقلاء بھی اس کو کرتے ہوئے نہیں شرماتے اس کی خرابیاں ابھی مذکور ہو چکی ہیں۔

(۴) حجام کی واپسی کے قبل عورتیں جمع ہوتی ہیں اور ڈومنیاں گاتی ہیں عورتوں کے جمع ہونے اور ڈومنیوں کے گانے کی خرابیاں اور ان خرابیوں کی وجہ سے اس کا خلاف شرع ہونا قیامت کبریٰ میں بیان کرینگے انشاءاللہ تعالےٰ۔

(۵) حجام پہنچا ہوا اپنا جوڑہ مع روپیوں کے گھر میں بھیجدیتا ہے وہ جوڑا تمام برادری میں گھر گھر دکھلا کر حجام کو دیدیا جاتا ہے۔ غور فرمائیے جہاں ہر ہر قدم پر مباہات وملاحظہ ہو وہاں کہاں نیت درست رہ سکتی ہے۔ بالیقین جوڑا بنانے کے وقت ہی سے یہ نیت ہوتی ہے کہ ایسا بناؤ کہ کوئی نام نہ رکھے غرض ریا بھی ہوئی اور اسراف بھی ہوا جن کا گناہ قرآن وحدیث میں منصوص ہے اور مصیبت یہ ہے کہ بعض اوقات اس اہتمام پر بھی دیکھنے والوں کو پسند نہیں آتا۔ وہی مثل ہے کہ مرغی اپنی جان سے گئی اور کھانے والے کی ڈاڑھی گرم نہ ہوئی اور بعض عالی دماغ دیکھنے والے اس میں خوب عیب نکالتے ہیں اور بدنام کرتے ہیں تو یہ غیبت کا گناہ ان کو ہوا اور اس کا باعث وہی جوڑا ہے اس لئے بنانے والا بھی اس گناہ سے نہیں بچ سکتا۔ غرض بنانے والے کے پاس ریاء اور اسراف اور غیبت میں دلتوں



Marfat.com

کا ذخیرہ جمع ہوا اور یہ دیکھنے والے غلیمت کا سرمایہ لے بیٹھے بلکہ غور کر لے سے
معلوم ہوتا ہے کہ اگر عیب بھی نہ نکالا تو ریاء کے گناہ سے بھی بچنا ان کا مشکل
ہے کیونکہ ان تعریف کرنے والوں ہی نے توریاء کرائی اگر لوگ ایسے موقع میں
جوڑا دیکھتے اور تعریف نہ کرتے تو کرنے والوں کی کیوں نیت بگڑتی۔ بہرحال
اچھا دائرہ ہے کہ کوئی بھی اس کے محیط سے خارج نہیں۔

(۶) کچھ عرصہ کے بعد لڑکی والے کی طرف سے کچھ مٹھائی مع انگشتری اور رومال
اور کسی قدر روپئے کہ جس کو عرف میں نشان کہتے ہیں بھیجی جاتی ہیں اور یہ روپیہ
بطور نوتہ کے جمع کر کے بھیجا جاتا ہے۔ یہاں بھی وہی ریا اور اسراف کی علت
موجود ہے اور نوتہ کی خرابیاں کچھ بیان بھی ہو چکی ہیں اور کچھ عنقریب قیامت
کبریٰ میں مع جواب شبہ عوام کے بیان ہوں گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۷) جو حجام اور کہار اس شیرینی کو لے کر آتے ہیں تو حجام کو جوڑا اور کہاروں کو
پگڑیاں اور کچھ نقد دے کر رخصت کر دیا جاتا ہے اور شیرینی کو کنبہ کی عمر رسیدہ
عورتیں جمع ہو کر ساری برادری میں گھر گھر تقسیم کرتی ہیں اور اسی کے گھر کھانا کھاتی
ہیں سب جانتے ہیں کہ ان کہاروں کی کوئی اجرت معین نہیں کی جاتی نہ اس
کا لحاظ ہوتا ہے کہ یہ خوشی سے جاتے ہیں یا ان پر جبر ہو رہا ہے۔ اکثر اوقات
جانے والے اپنے کسی کاروبار یا اپنی بیماری یا کسی بیوی بچہ کی بیماری کا عذر پیش
کرتے ہیں مگر یہ بھیجنے والے اگر کچھ قابو دار ہوئے تو خود ورنہ دوسرے قابو دار بھائی
سے ان کی کفش کاری کرا کے جبراً و قہراً بھیجتے ہیں اور اس موقع پر اکثر ان لوگوں سے

ے ہیں رسوم والے ۱۲ ے ڈانٹ ڈپٹ ۱۲

جبراً کام لیا جاتا ہے جو کہ بالکل ظلم اور معصیت ہے اور دنیا میں بھی اکثر ظلم کا وبال پڑتا ہے اور آخرت میں جزا بالمثل موجود ہے اور اجرت کا مجہول ہونا یہ دوسرا امر خلاف شرع ہے یہ تو اس کمیشن کی روانگی کے پھول کھلے۔ آگے تقسیم کا موجب ریا ہونا محتاج بیان نہیں پھر تقسیم میں جو انہماک ہوتا ہے اکثر نمازیں بانٹنے والے کی اڑ جاتی ہیں اور وقت کا تنگ ہو جانا تو ضروری بات ہے ایک امر خلاف شرع یہ ہوا اور جن کے گھر یہ حصے جاتے ہیں ان کے نخرے اور بلا عذر شرعی ہدیہ کا واپس کر دینا محض کسی دنیوی رنج کی بنا پر یہ خود ایک امر شرع کے خلاف ہے بلکہ قبول کرنا بھی اس رسم ریائی کی اعانت اور ترویج ہے اس لئے یہ بھی شرعاً ناپسند ہے ایک خلاف یہ ہوا۔ غرض یہ سب خرافات واجب الترک ہیں۔ بس ایک کارڈ سے یا زبانی گفتگو سے پیغام نکاح کا ادا ہو سکتا ہے جانب ثانی اپنے طور پر ضروری امور کی تحقیق کر کے جب اطمینان ہو جاوے ایک کارڈ سے یا زبانی وعدہ کر سکتا ہے۔ لیجئے منگنی ہو گئی۔ اگر استحکام کے لئے یہ رسمیں برتی جاتی ہیں تو اول کسی مصلحت کے واسطے معاصی کا ارتکاب جائز نہیں پھر ہم دیکھتے ہیں کہ باوجود ان قصوں کے بھی جہاں مرضی نہیں ہوتی ہے جواب دیدیتے ہیں۔ کوئی بھی کچھ نہیں کر سکتا۔

## چھٹی فصل

منجملہ ان رسوم کے قیامت کبریٰ کی رسم ہے جس کو عرف میں شادی کہتے ہیں اور واقع میں بربادی کہنا لائق ہے اور بربادی بھی کیسی دنیا کی بھی اور دین کی بھی



Marfat.com

اس کا لقب قیامت کبریٰ رکھا گیا۔ اس کے ہولناک واقعات یہ ہیں۔
(۱) سب سے پہلے برادری کے مرد جمع ہو کر لڑکی والے کی طرف سے خط تعین تاریخ شادی کا لکھ کر نائی کو دے کر رخصت کرتے ہیں یہ رسم ایسی ضروری ہے کہ چاہے برسات ہو راہ میں ندی نالے پڑتے ہوں جس میں حجام صاحب کے بالکل رخصت ہونے کا بھی احتمال ہو۔ غرض کچھ ہی ہو مگر یہ ممکن نہیں کہ ڈاک کے خط پر اکتفا کریں یا حجام سے زیادہ کوئی معتبر آدمی جاتا ہو اس کے ہاتھ بھیج دیں بتلایئے شریعت نے جس چیز کو ضروری نہیں ٹھیرایا اس کو اس قدر ضروری سمجھنا کہ شریعت کے ضروری بتلائے ہوئے امور سے زیادہ اس کا اہتمام کرنا انصاف کیجئے۔ شریعت کا مقابلہ ہے یا نہیں اور جب مقابلہ ہے تو واجب الترک ہے یا نہیں اسی طرح مردوں کا اجتماع ضروری ہونا اس میں بھی یہی التماس مذکور ہے اگر کہا جاوے کہ مشورہ کے لئے جمع کیا جاتا ہے۔ تو بالکل غلط ہے وہ بیچارے تو خود پوچھتے ہیں کہ کونسی تاریخ لکھیں جو پہلے سے گھر میں خاص مشورہ کر کے معین کر چکے ہیں وہ بتلا دیتے ہیں اور وہ لوگ لکھ دیتے ہیں۔ اور اگر مشورہ ہی کرنا ہے تو جس طرح اور امور میں مشورہ ہوتا ہے کہ ایک دو عاقل مصلحت اندیش سے رائے لیلے بس کفایت ہوئی گھر گھر کے آدمیوں کو بٹورنا کیا ضروری ہے پھر اکثر لوگ نہیں آسکتے اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کو بجائے اپنے بھیج دیتے ہیں وہ مشورہ میں کیا تیر چلا دیں گے۔ کچھ بھی نہیں یہ نفس کی تاویلیں ہیں۔ سیدھی بات کیوں نہیں کہتے کہ صاحب یونہی رواج چلا آتا ہے اسی رواج کا عقلاً و نقلاً مذموم ہونا اور واجب الترک ہونا بیان ہو رہا ہے۔ غرض اس رسم کے سب اجزاء خلاف شرع ہیں پھر اس میں

ایک ضروری امر یہ بھی ہے کہ سرخ ہی خط ہو اور اس پر گوٹہ بھی لپٹا ہوا ہو یہ بھی اس التزام مالا یلزم کی فہرست میں داخل ہے جس کا خلاف شرع ہونا ثابت اور مذکور ہو چکا ہے۔

(۲) گھر میں برادری اور کنبہ کی عورتیں جمع ہو کر لڑکی کو علیحدہ مکان میں معتکف کر دیتی ہیں جس کو مائیوں[1] بٹھلانا کہتے ہیں اس کے آداب یہ ہیں کہ اس کو چوکی پر بٹھلا کر اس کے داہنے ہاتھ پر اُبٹنا رکھتے ہیں اور گود میں کچھ کھیلیں بتاشے رکھتے ہیں اور کچھ کھیلیں بتاشے حاضرین میں تقسیم ہوتے ہیں اور اسی تاریخ سے برابر لڑکی کے بٹنا ملا جاتا ہے اور کثیر تعداد میں پینڈیاں برادری میں تقسیم ہوتی ہیں یہ رسم بھی مرکب چند خرافات سے ہے۔ اول اس کے علیحدہ بٹھلانے کو ضروری سمجھنا خواہ گرمی ہو حبس ہو۔ گو جالینوس و بقراط بھی کہیں کہ اس کو کوئی بیماری ہو جائے گی مگر کچھ ہی ہو یہ فرض قضا نہ ہو۔ وہ ہی غیر ضروری کو ضروری سمجھنا یہاں بھی جلوہ افروز ہے اور اگر احتمال اس کے بیمار ہونے کا ہو تو دوسرا گناہ کسی مسلمانوں کو ضرر پہنچانے کا ہوگا جس میں ماشاء اللہ ساری برادری شریک ہے۔ دوسرے بلا ضرورت چوکی پر بٹھلانا اس کی کیا ضرورت ہے کیا فرش پر اگر بٹنا ملا جاوے گا تو بدن میں صفائی نہ آوے گی؟ اس میں بھی وہی التزام مالا یلزم جس کا خلاف شرع ہونا بار بار مرقوم ہو چکا ہے۔ تیسرے داہنے ہاتھ پر بٹنا رکھنا اور گود میں کھیلیں بتاشے بھرنا معلوم ہوتا ہے یہ کوئی ٹوٹکا اور شگون ہے اگر ایسا ہے تو شرک ہے اور شرک کا خلاف شرع ہونا کون مسلمان نہیں جانتا ورنہ التزام مالا یلزم تو ضرور ہے۔ اسی طرح بتاشوں کی تقسیم کی پابندی یہ سب التزام مالا یلزم اور

[1] یہ ہندوانی رسم ہے ۱۲

سبب ریاء وافتخار ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔ چوتھے عورتوں کا ضرور جمع ہونا جو ان سارے فسادوں کی جڑ ہے جیسا کہ اب عنقریب انشاء اللہ تعالیٰ مذکور ہوتا ہے اگر بمصلحت بدن کی صفائی اور نرمی کے بٹنا ملنے کی ضرورت ہو تو اس کا مضائقہ نہیں مگر معمولی طور سے بلا قید کسی رسم کے مل دو بس فراغت ہوئی اس کا اس قدر طومار کیوں باندھا جاتا ہے۔

(۳) جب حجام خطوط کر دولھا کے گھر گیا تو وہاں برادری کی عورتیں جمع ہو کر دو خوان شکرانے کے بناتی ہیں۔ جس میں ایک نائی کا دوسرا ڈومنیوں کا ہوتا ہے۔ نائی کا خوان باہر بھیجا جاتا ہے۔ اور ساری برادری کے مرد جمع ہو کر نائی کو شکرانہ کھلاتے ہیں یعنی اس کھانے والے کا منہ تکا کرتے ہیں اور ڈومنیاں دروازہ پر بیٹھ کر گالیاں گاتی ہیں اس میں بھی خوان بنانا اسی التزام مالایلزم میں داخل اور خلاف شرع ہے دوسری خرابی اس میں یہ ہے کہ ڈومنیوں کو ان کے گانے کی اجرت دینا حرام لکھا ہے پھر گانا بھی گالیاں جو خود موجب گناہ ہیں۔ اور حدیث شریف میں اس کو علامات نفاق سے فرمایا ہے۔ یہ تیسرا گناہ ہوا جس میں سب سننے والے شریک ہیں کیونکہ جو شخص گناہ کے مجمع میں شریک ہے وہ بھی گنہگار ہوتا ہے۔ چوتھے مردوں کے اجتماع کا ضروری سمجھنا جو کہ التزام مالایلزم میں داخل ہے معلوم نہیں نائی کے شکرانہ کھانے میں اتنے بزرگوں کو کیا مدد کرنی پڑتی ہے بس کچھ بھی نہیں بقول شخصے اوپر سے یونہی ہوتی آئی ہے۔

(۴) نائی شکرانہ کھا کر مطابق ہدایت اپنے آقا کے ایک یا دو روپیہ خوان میں ڈال دیتا ہے۔ اور یہ روپیہ دولھا کے حجام اور ڈومنیوں میں نصفا نصف تقسیم ہوتا

ہے اور دوسرا خوان بجنسہ ڈومنیاں اپنے گھر لے جاتی ہیں پھر برادری کی عورتوں کے لئے اور شکرانہ بنا کر تقسیم کیا جاتا ہے اس میں بھی وہی ریاء و شہرت و التزام مالا یلزم موجود ہے اس لئے بالکل شرع کے خلاف ہے۔

(۵) صبح کو برادری کے مرد جمع ہو کر خط کا جواب لکھتے ہیں اور ایک جوڑہ حجام کو نہایت عمدہ بیش قیمت مع ایک رقم کثیر کے یعنی سو دو سو روپیہ کے دیتے ہیں وہی تمسخر جو اول ہوا تھا وہ یہاں بھی ہوتا ہے کہ دکھلائے جاتے ہیں سو اور لئے جاتے ہیں ایک دو پھر اس ریاء و حرکت لایعنی کے علاوہ احیاناً اس مہم کو پورا کرنے کو سودی قرض کی ضرورت پڑنا یہ جداگانہ گناہ ہے جس کا ذکر مفصل اوپر آ چکا ہے۔

(۶) اب نائی رخصت ہو کر دلہن والوں کے گھر پہنچتا ہے وہاں برادری کی عورتیں پہلے سے جمع ہوتی ہیں حجام اپنا جوڑہ گھر میں دکھلانے کے لئے دیتا ہے اور پھر ساری برادری میں گھر گھر دکھایا جاتا ہے۔ اس میں بھی وہی عورتوں کی جمعیت اور جوڑہ دکھلانے میں ریاء و نمود کی خرابی ظاہر ہے۔

(۷) اس تاریخ سے دولھا کے اُبٹنا ملا جاتا ہے اور تاریخ معاینہ شادی تک کنبہ کی عورتیں جمع ہو کر دولھا کے گھر بڑیاں اور دلہن کے گھر جہیز کی تیاری کرتی ہیں اور اس درمیان میں جو مہمان فریقین کے گھر آتے ہیں ان کا آنے کا کرایہ دیا جاتا ہے اس میں وہی عورتوں کی جمعیت اور التزام مالا یلزم تو ہے ہی اور کرایہ کا اپنے پاس سے دینا خواہ دل چاہے یا نہ چاہے محض نمود اظہار شان کے لئے یہ مزید براں ہے اسی طرح آنے والوں کا یہ سمجھنا کہ ۔۔۔ کے



Marfat.com

ذمہ واجب ہے یہ ایک قسم کا جبر ہے ریا و جبر دونوں کا خلاف شرع ہونا ظاہر ہے اور اس سے بڑھ کر قصہ بری و جہیز کا ہے جو شادی کے اعظم ارکان سے ہیں اور ہر چند کہ یہ دونوں امر یعنی بری یا ساچق جو درحقیقت زوج یا اہل زوج کی طرف سے زوجہ یا اہل زوجہ کو ہدیہ ہے اور جہیز جو درحقیقت اپنی اولاد کے ساتھ صلہ رحمی ہے فی نفسہ امر مباح بلکہ مستحسن تھے مگر جس طور سے اس کا رواج ہے اس میں طرح طرح کی خرابیاں ہو گئی ہیں۔ جن کا خلاصہ یہ ہے کہ نہ اب ہدیہ مقصود رہا نہ صلہ رحمی بلکہ ناموری اور شہرت اور پابندی رسم کی نیت سے کیا جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ بری اور جہیز دونوں کا اعلان ہوتا ہے۔ بری بڑی دھوم دھام اور تکلف سے جاتی ہے اور اس میں اشیا بھی معین ہیں۔ برتن بھی خاص طرح کے ضروری سمجھے جاتے ہیں اس کا عام طور پر نظارہ بھی ہوتا ہے سو تع بھی معین ہوتا ہے۔ اگر ہدیہ مقصود ہوتا تو کیفما اتفق[1] جب میسر آتا اور جو میسر آتا بلا پابندی کسی رسم کے اور بلا اعلان کے محض محبت سے بھیج دیا جاتا۔ اسی طرح جہیز کا اسباب بھی معین ہے کہ فلاں چیز ضروری ہو اور تمام برادری اور بعض جگہ صرف اپنا کنبہ اور گھر والے اس کو دیکھیں گے اور دن بھی وہی خاص ہو اگر صلہ رحمی مقصود ہوتی تو کیفما اتفق جو میسر آتا اور جب میسر آتا بطور سلوک کے دیدیتے۔ اسی طرح ہدیہ اور صلہ رحمی کے لئے کوئی شخص قرض کا بار نہیں اٹھاتا لیکن ان دونوں رسموں کے پوری کرنے کو اکثر اوقات مقروض بھی ہوتے ہیں گو سود ہی دینا پڑے اور گو حویلی اور باغ ہی فروخت یا گروی ہو جاوے پس اس میں بھی التزام مالا یلزم اور نمائش اور شہرت اور اسراف وغیرہ سب خرابیاں

[1] جس طرح ممکن ہو ۱۲۔

Marfat.com

موجود ہیں اس لئے یہ بھی بطریق متعارف فہرست ممنوعات میں داخل ہوگیا۔
(۸) برات سے ایک دن قبل دولہا والوں کا حجام مہندی لے کر اور دلہن والوں
حجام نوشہ کا جوڑا لے کر اپنے اپنے مقام سے چلتے ہیں اور یہ منڈھے کا دن کہلاتا ہے
دولہا کے یہاں اس تاریخ پر برادری کی عورتیں جمع ہوکر دولہن کا جوڑا تیار کرتی ہیں۔
اور ان کو سلائی میں کھیلیں اور بتاشے دیئے جاتے ہیں۔ اور تمام کمینوں کو ایک ایک
کام پر ایک ایک پروت دیا جاتا ہے اس میں بھی وہی التزام مالا یلزم ہے اور نیز
عورتوں کی جمعیت جو کہ مبنی مفاسد بے شمار کا ہے ان تقریبات میں عورتیں چند
موقعوں پر جمع ہوتی ہیں چنانچہ کچھ مواقع مذکور ہو چکے ہیں اور کچھ باقی ہیں آئندہ مذکور ہونگے
اس اجتماع میں جو جو خرابیاں ہیں اُن کا شمار نہیں ہے تمثیلاً بعض کا بیان ہوتا ہے
جب برادری میں یہ خبر مشہور ہوئی کہ فلاں گھر فلاں تقریب ہے ہر ہر بی بی کو نئے
جوڑے قیمتی کی فکر ہوتی ہے کبھی خاوند سے فرمائش ہوتی ہے کبھی خود بزاز کو دروازہ پر
بلا کر اس سے اُدھار لیا جاتا ہے یا سودی قرض لے کر اس سے خریدا جاتا ہے شوہر کو
اگر وسعت نہیں ہوتی تب بھی اس کا عذر قبول نہیں ہوتا ظاہر ہے کہ یہ جوڑا محض ریاء
تفاخر کے لئے بنتا ہے ایک گناہ تو یہ ہوا پھر اس غرض سے مال خرچ کرنا اسراف
ہے یہ دوسرا گناہ ہوا خاوند پر اس کی وسعت سے زیادہ بلا ضرورت فرمائش کرنا اس
کو ایذا پہنچانا ہے یہ تیسرا گناہ ہوا بزاز کو بلا کر بلا ضرورت اس نامحرم سے باتیں کرنا
بلکہ اکثر تھان لینے دینے کے واسطے ہاتھ آدھا آدھا جس میں چھلے چوڑی مہندی
سب ہی کچھ ہوتا ہے باہر نکال دینا کس قدر غیرت اسلامی کے خلاف ہے یہ چوتھا
گناہ ہوا پھر اگر سودی لیا تو سود دینا پڑا یہ پانچواں گناہ ہوا اگر خاوند کی نیت ان



Marfat.com

بے جا فرمائشوں سے بگڑ گئی اور حرام آمدنی پر اس کی نظر پہنچی کسی کا حق تلف کیا۔ رشوت لی اور یہ فرمائشیں پوری کی گئیں اور اکثر یہی ہوتا ہے کہ حلال آمدنی سے یہ بے جا فرمائشیں پوری نہیں ہوتی تو اس گناہ کا باعث یہ بی بی ہوئی اور گناہ کا سبب بننا بھی گناہ ہے۔ یہ چھٹا گناہ ہوا۔ اکثر ایسے جوڑے کے لئے گوٹہ ٹھپہ صالح بھی لیا جاتا ہے اور بوجہ بے علمی یا بے پرواہی کے اکثر اس کی بیع میں اکثر سود لازم آجاتا ہے کیونکہ چاندی سونے کی خرید و فروخت کے مسائل بہت نازک ہیں چنانچہ رسالہ صفائی معاملات میں اس کے مسائل بھی بیان کئے ہیں۔ بہرحال یہ ساتواں گناہ ہوا پھر غضب یہ ہے کہ ایک شادی کے لئے جو جوڑہ بنا وہ دوسری شادی کے لئے کافی نہیں اس کے لئے پھر دوسرا جوڑا چاہیے ورنہ عورتیں نام رکھیں گی یہ اور یہی گناہ دوبارہ بھی جمع ہوں گے۔ گناہ کا بار بار کرنا ایک قسم کا اصرار ہے جو خود مستقل گناہ ہے یہ آٹھواں گناہ ہوا۔ یہ تو پوشاک کی تیاری تھی اب زیور کی فکر ہوئی۔ اگر اپنے پاس نہیں ہوا تو مانگا تانگا پہنا جاتا ہے اور اس کی عاریت ہونے کو پوشیدہ کیا جاتا ہے اور اس کو اپنی ہی ملکیت ظاہر کیا جاتا ہے یہ ایک قسم کا کذب ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص بہ تکلف اپنی آسودگی ظاہر کرے ایسی چیز سے جو اس کی نہیں ہے اس کی ایسی مثال ہے جیسے کسی نے دو کپڑے جھوٹ اور فریب کے پہن لئے یعنی سر سے پاؤں تک جھوٹ ہی جھوٹ لپیٹ لیا یہ نواں گناہ ہوا پھر اکثر زیور بھی ایسا پہنا جاتا ہے جس کی جھنکار دور تک جاوے تاکہ محفل میں جاتے ہی سب کی نگاہیں انہیں کے نظارہ میں مشغول ہو جائیں۔ بجتا زیور پہننا خود ممنوع ہے حدیث میں ہے کہ ہر باجے کے ساتھ ایک شیطان ہے

ٹھپہ ٹھپہ جو اس کو چھپایا جاتا ہے ۱۲

یہ دسواں گناہ ہوا اب سواری کا وقت آیا تو نوکر کو ڈولی لانے کا حکم ہوا یا صاحب تقریب کے یہاں سے ڈولی آئی، تو بی بی کو غسل کی فکر پڑی کچھ کھلی پانی کی تیاری میں دیر ہوئی کچھ نیت غسل کے باندھنے میں دیر ہوئی غرض اس دیر دیر میں نماز جاتی رہی۔ تب بھی کچھ پرواہ نہیں اور کسی کام ضروری میں ہرج ہو جاوے تب بھی کچھ مضائقہ نہیں اور اکثر ان بھلے مانسوں کو غسل کے روز یہی مصیبت پیش آتی ہے اگر نماز قضا ہو گئی تو گیارہواں گناہ ہوا اب کہار دروازہ پر پکار رہے ہیں بی بی اندر سے ان کو گالیاں اور کوسنے سنا رہی ہیں بلا وجہ کسی غریب کو دق کرنا یا گالی کوسنا دینا صریح ظلم ہے یہ بارہواں گناہ ہوا۔ اب خدا خدا کر کے بی بی تیار ہوئیں کہاروں کو ہٹا کر سوار ہوئیں بعض عورتیں ایسی بے احتیاط ہوتی ہیں کہ ڈولی کے اندر سے پلہ لٹک رہا ہے یا کسی طرف سے پردہ ہی کھل رہا ہے یا عطر و پھلیل اس قدر ملا ہے کہ راستہ میں خوشبو مہکتی جاتی ہے یا نامحرموں کے زیور و اظہار زینت ہے حدیث میں وارد ہے کہ جو عورت گھر سے عطر لگا کر نکلے یعنی اس طرح کہ دوسروں کو بھی خوشبو پہنچے تو وہ ایسی ویسی ہے[1] یہ تیرہواں گناہ ہوا۔ اب منزل مقصود پر پہنچیں کہار ڈولی دروازہ میں رکھ الگ ہوئے اور یہ بے دھڑک اتر گھر میں داخل ہوئیں یہ احتمال ہی نہیں کہ شاید گھر میں کوئی نامحرم مرد پہلے سے ہو اور بارہا ایسا اتفاق ہوتا ہے کہ ایسے موقع پر نامحرم کا سامنا ہو جاتا ہے مگر عورتوں کو تنبیہ ہی نہیں کہ اول گھر میں تحقیق کر لیا کریں شبہ قوی کے موقع پر تحقیق نہ کرنا یہ چودہواں گناہ ہوا۔ اب گھر میں پہنچیں حاضرین کو سلام کیا خوب ہوا بعضوں نے تو زبان کو تکلیف ہی نہیں دی فقط ماتھے پر ہاتھ رکھ دیا بس سلام ہو گیا جس کی ممانعت حدیث میں آئی ہے بعضوں نے لفظ سلام بھی کہا

[1] وہ زانیہ کے حکم میں ہے ۱۲ بخاری شریف ۱۲



Marfat.com

تو صرف سلام یہ بھی سنت کے خلاف ہے۔ السلام علیکم کہنا چاہیے اب جواب ملاحظہ فرمائیے۔ جیتی رہو۔ ٹھنڈی رہو۔ سہاگن رہو۔ بھائی جئے۔ میاں جئے بچہ جئے غرض کنبہ بھر کی فہرست شمار کرنا آسان اور وعلیکم السلام جو سب کو جامع ہے مشکل یہ مخالفت سنت کی ہمیشہ ہمیشہ کو کرنا پندرہواں گناہ ہوا۔ اب مجلس جمی تو شغل اعظم یہ ہوا کہ غیبتیں شروع ہوئیں جو حرام قطعی اور سخت ممنوع ہے یہ سولہواں گناہ ہوا باتوں کے درمیان میں ہر ہر بی بی اس کوشش میں ہے کہ میری پوشاک اور زیور پر سب کی نظر پڑ جانا چاہیے ہاتھ سے پاؤں سے زبان سے غرض تمام بدن سے اس کا اظہار ہوتا ہے۔ جو صریح ریاء ہے اور جس کا حرام ہونا سب کو معلوم ہے یہ سترہواں گناہ ہوا۔ اور جس طرح ہر بی بی دوسروں کو اپنا مایہ افتخار دکھلاتی ہے اسی طرح دوسری کی مجموعی حالت دیکھنے کی بھی کوشش کرتی ہے۔ چنانچہ اگر کسی کو اپنے سے کم پایا تو اس کو حقیر اور ذلیل سمجھا اور اپنے کو بڑا یہ صریح تکبر اور گناہ ہے یہ اٹھارہواں گناہ ہوا۔ اور اگر دوسری کو اپنے سے بڑھا ہوا پایا تو حسد اور ناشکری اور حرص اختیار کی یہ تینوں گناہ ہیں یہ انیسواں، بیسواں، اکیسواں گناہ ہوا۔ اکثر اس طوفان اور بیہودہ مشغولی میں نمازیں اڑ جاتی ہیں ورنہ وقت تو تنگ ضرور ہو جاتا ہے یہ بائیسواں گناہ ہوا۔ پھر اکثر ایک دوسرے کو دیکھ کر یا ایک دوسرے سے سن کر ان رسوم خرافات کی تعلیم بھی پاتی ہیں[1] اور اس تعلیم و تعلم[2] کا سلسلہ بلا کسی نصاب و سبق کے اس ملاقات ہی کی بدولت قائم ہے معاصی کی تعلیم و تعلم دونوں گناہ ہیں یہ تیئسواں گناہ ہوا یہ بھی ایک دستور ہے کہ ایسے موقع پر جو سقہ پانی لاتا ہے اس سے پردہ کرنے کے

---

[1] سیکھتی ہیں ۱۲ [2] تعلیم دینا اور تعلیم پانا ۱۲



Marfat.com

گئے بشرطیکہ مکان میں عورتیں نہیں جاتیں بلکہ اس کو حکم ہے کہ منہ پر نقاب ڈال کر چلا آوے کسی کو دیکھنا امت اب اس کا ایمان جانے چاہے وزیر و دفتر سے مجھ کو دیکھ لے کسی کو کچھ غیرت نہیں ایسے مستورین بقصداً بیٹھنا کہ نامحرم دیکھ سکے حرام ہے یہ چوبیسواں گناہ ہوا۔ اب حال لڑکے کے دنت جس قدر خوشان چاہتے ہیں کہ ایک ایک بی بی چار چار تھیلیوں کو بھر کے لاتی ہیں اور ان کو خوب بھر بھر دیتی ہیں اور گھر والے کے مال پائمال ہو جاتے کی کچھ پرواہ نہیں کرتیں یہ پچیسواں گناہ ہوا۔ اب بعد فراغت جب گھر جاتے کو ہوتی ہیں کہاروں کی آواز سنکر یاجوج ماجوج کی طرح سب ٹوٹ پڑتے ہیں کہ ایک پر دوسری اور دوسری پر تیسری غرض سب دروازہ کو جا پہنچتی ہیں کہ پہلے میں سوار ہوں کہار بھی اکثر اوقات ہٹنے نہیں پاتے اچھی طرح سامنا ہو جاتا ہے یہ چھبیسواں گناہ ہوا۔ پھر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو بلا دلیل کسی کو تہمت لگانا بلکہ بعض اوقات اس پر تشدد کرنا اکثر شادیوں میں پیش آتا ہے یہ ستائیسواں گناہ ہوا پھر اکثر تقریب والے گھر کے مرد بے احتیاطی اور جلدی میں بالکل دروازہ میں گھر کے روبرو آ کھڑے ہوتے ہیں اور بہتوں پر نگاہ پڑتی ہے ان کو دیکھ کر کسی نے منہ پھیر لیا کوئی کسی کی آڑ میں آ گئی کسی نے ذرا سر نیچا کر لیا بس یہ پردہ ہو گیا اچھی خاصی روبرو بیٹھی رہتی ہیں یہ اٹھائیسواں گناہ ہوا پھر دولہا کی زیارت بارات کے تماشے کو دیکھنا فرض اور تبرک سمجھتی ہیں جس طرح عورت کو اپنا بدن غیر مرد کو دکھلانا جائز نہیں اسی طرح بلا ضرورت غیر مرد کو دیکھنا بھی بوجہ احتمال فتنہ کے ممنوع ہے یہ انتیسواں گناہ ہوا۔ پھر واپسی دولت خانہ کے بعد کئی کئی روز تک آنے والی بیبیوں میں اور اہل تقریب کی کارروائیوں میں جو عیب نکالے جاتے ہیں اور کیڑے ڈالے



Marfat.com

جاتے ہیں وہ تیسواں گناہ ہوا اور اسی طرح کی اور بہت سی خرابیاں اور گناہ کی باتیں اس مجمع مستورات میں جمع ہیں جو عاقل دیندار کو مشاہدہ اور تامل سے بے تکلف معلوم ہو سکتے ہیں اس لئے میری رائے یہ ہے کہ ام المفاسد یہ جمع ہونا ہی اس کا انسداد سب سے زیادہ ضروری ہے۔

(۹) حجام آئندہ جوڑے کو بروقت پہنچانے جوڑے کے کچھ انعام دیتے ہیں اور پھر یہ جوڑا نائن لے کر ساری برادری میں گھر گھر دکھلاتے جاتی ہے اور اس رات کو برادری کی عورتیں جمع ہو کر کھانا کھاتی ہیں ظاہر ہے کہ جوڑہ دکھلانے کا منشاء بجز ریاء کے اور کچھ بھی نہیں اور عورتوں کے جمع ہونے کی برکات ابھی مذکور ہو چکی ہیں غرض اس موقع پر بھی معاصی کا خوب اجتماع ہوتا ہے۔

(۱۰) علی الصباح دولھا کو غسل دے کر شاہانہ جوڑا پہناتے ہیں اور پرانا جوڑا مع جوتے کے حجام کو دیا جاتا ہے اور چوٹی سہرہ کا حق کمینوں کو دیا جاتا ہے اکثر اس جوڑہ میں خلاف شرع بھی لباس ہوتا ہے اور سہرہ چونکہ کفار کی رسم ہے اس لئے اس حق کا نام چوٹی سہرے سے مقرر کرنا بیشک مذموم اور تائید رسم کفار کی ہے یہ بھی خلاف شرع ہے۔

(۱۱) اب نوشہ کو گھر میں بلا کر چوکی پر کھڑا کر کے دھیانیاں[1] سہرہ باندھ کر اپنا حق لیتی ہیں اور کنبہ کی عورتیں کچھ ٹکے نوشہ کے سر پر پھیر کر کمینان حاضرین کو دیدیتی ہیں نوشہ کے گھر میں جانے کے وقت کوئی احتیاط نہیں رہتی بڑی گہری پردہ والیاں آرائش زیبائش کئے ہوئے اس کے سامنے آکھڑی ہوتی ہیں اور یہ سمجھتی ہیں کہ

[1] بہن بھانجیاں وغیرہ ۱۲



Marfat.com

یہ تو اس کی شرم کا وقت ہے یہ کسی کو نہ دیکھے گا بھلا یہ غضب کی بات نہیں اول تو یہ کیسے معلوم ہوا کہ وہ نہ دیکھے مختلف طبائع کے لڑکے ہوتے ہیں جن میں اکثر تو آجکل شریر بھی ہیں پھر اگر اس نے نہ بھی دیکھا تو تم کیوں اس کو دیکھ رہی ہو۔ حدیث شریف میں ہے کہ لعنت کرے اللہ تعالیٰ دیکھنے والے پر اور جس کو دیکھے غرض اس موقع پر دولہا اور عورتیں سب گناہ میں مبتلا ہوتے ہیں پھر سہرہ باندھنا یہ دوسرا امر خلاف شرع ہوا کیونکہ یہ رسم کفار کی ہے حدیث میں ہے کہ جو تشبہ کرے کسی قوم کے ساتھ وہ انہی میں سے ہے پھر لڑ جھگڑ کر اپنا حق لینا اول تو ویسے بھی کسی پر جبر کرنا حرام ہے اور پھر خاص کر ایک معصیت کا ارتکاب کر کے اس پر کچھ لینا بالکل گند در گند ہے اور نوشہ کے سر پر سے پیسوں کا اتارنا یہ بھی ایک ٹوٹکا ہے جس کی نسبت حدیث میں ہے کہ ٹوٹکا شرک ہے غرض یہ بھی سر تا سر خلاف شرع امور کا مجموعہ ہے۔

(۱۲) اب برات روانہ ہو جاتی ہے یہ برات بھی شادی کا رکن اعظم سمجھا جاتا ہے اور اس کے لئے کبھی دولہا والے کبھی دولہن والے بڑے بڑے اصرار اور تکرار کرتے ہیں غرض اس سے ناموری اور تفاخر ہے اور کچھ عجب نہیں کہ کسی وقت میں جبکہ راستوں میں امن نہ تھا اکثر راہزنوں اور قزاقوں سے دوچار ہونا پڑتا تھا۔ بمصلحت حفاظت دولہا دلہن و اسباب زیور وغیرہ کے برات لے جانے کی رسم ایجاد ہوئی ہو اور اسی وجہ سے گھر پیچھے ایک آدمی برات میں ضرور جاتا تھا۔ مگر اب تو نہ وہ ضرورت باقی رہی اور نہ کوئی مصلحت صرف افتخار و اشتہار رہ گیا ہے پھر اکثر اس میں ایسا بھی کرتے ہیں کہ بلائے پچاس اور جا پہنچے سو۔ اول تو بے بلائے اس طرح کسی کے گھر جانا حرام ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص دعوت میں بے بلائے



Marfat.com

جاوے وہ گیا تو چور ہوکر اور نکلا لیٹرا ہوکر یعنی ایسا گناہ ہوتا ہے جیسے چوری اور لوٹ مار کا پھر دوسرے شخص کی اس میں بے آبروئی بھی ہو جاتی ہے کسی کو رسوا کرنا یہ دوسرا گناہ ہوا پھر ان امور کی وجہ سے اکثر جانبین میں ایسی ضدا ضدی اور بے لطفی ہوتی ہے کہ عمر بھر اس کا اثر قلوب میں باقی رہتا ہے چونکہ نااتفاقی حرام ہے اس لئے اس کے اسباب بھی حرام ہوں گے اس لئے یہ فضول رسوم ہرگز ہرگز جائز نہیں راہ میں جو گاڑی بانوں پر جہالت سوار ہوتی ہے اور گاڑیوں کے بے سدھ بلا ضرورت بھگانا شروع کرتے ہیں اس میں سینکڑوں خطرناک واردات ہو جاتے ہیں ظاہر ہے کہ ایسے مہلکہ اور خطرہ میں پڑنا بلا ضرورت کسی طرح جائز نہیں اور کوئی شخص گھوڑ دوڑ کا شبہ نہ کرے کہ اگر اس میں قمار نہ ہو تو وہ اس وقت جائز ہے۔ حالانکہ اس میں بھی خطرہ ہے جواب اس شبہ کا یہ ہے کہ اول تو گھوڑ دوڑ میں جس قدر سوار ہیں سب ماہر ہیں اس سے یہ احتمال کم ہے اور یہاں بہلیوں کے سوار سب اناڑی یہاں احتمال ضرر کا غالب ہے دوسرے وہاں ضرورت تعلیم و مشق فن کی ہے یہاں بجز مفاخرت کے اور کیا ضرورت ہے۔

(۱۳) دولہا اس شہر کے کسی مشہور متبرک مزار پر جا کر کچھ نقد چڑھا کر شامل برات ہو جاتا ہے اس میں جو عقیدہ جاہلوں کا ہے وہ یقینی شرک تک پہنچا ہوا ہے اگر کوئی فہیم اس بد عقیدہ سے پاک بھی ہو تب بھی اس رسم سے چونکہ ان فاسد الاعتقاد لوگوں کے فعل کی تائید و ترویج ہوتی ہے اس لئے سب کو بچنا چاہئے۔

(۱۴) حجام آرندہ مہندی کو بوقت پہنچاتے مہندی کے وہ مقدار انعام دیتا ہے کہ جس مقدار انعام سے دولہا والا اس مقدار خرچ کا اندازہ کر لیتا ہے جو اس فرد کمینان

لے ۱۲ کوئی سمجھدار ۱۲



Marfat.com

میں دینا پڑتا ہے یعنی یہ فرد اس انعام سے آٹھ حصہ زیادہ ہوتی ہے یہ بھی زبردستی کا ٹیکس ہے کہ پہلے سے نوٹس دیا جاتا ہے کہ ہم تم سے اتنا روپیہ دلوا دیں گے چونکہ اس طرح سے جبراً دلوانا حرام ہے اس لئے اس کی تمہید اور اطلاع کے لئے ایک اصطلاح مقرر کرنا بھی اسی کے حکم میں ہے کیونکہ معصیت کا عزم بھی معصیت ہے۔

(۱۵) کچھ مہندی دولہن کے لگائی جاتی ہے اور باقی تقسیم ہو جاتی ہے یہ دونوں امر بھی خواہ مخواہ التزام بالا یلزم ہیں اس طرح کہ اس کے خلاف کو عیب سمجھتے ہیں پس صریح تعدی حدود شرعیہ ہے۔

(۱۶) برات آنے کے دن دولہن کے گھر عورتیں جمع ہوتی ہیں اس مجمع کے ظلمات ونحوستیں اوپر عرض کر چکا ہوں

(۱۷) اور ہر کام پر پروت[1] تقسیم ہو جاتے ہیں مثلاً نائی نے دیگ کے لئے چولھا کھود کر پروت مانگا تو اس کا ایک خوان میں اناج اور اس پر گڑ کی ایک بھیلی رکھ کر دیا جاتا ہے اسی طرح ہر ہر خفیف کام پر بھی جرمانہ ہوتا ہے۔ خدمت گزاروں کو دینا بہت اچھی بات ہے مگر اس ڈھونگ کی کونسی ضرورت ہے اس کا جو حق الخدمت سمجھا جاوے اس کو ایک دفعہ دیدیا جاوے اس کی بنا بھی وہی تشہیر ہے پس علاوہ اس کے اس کو اجرت خدمت تو کہہ نہیں سکتے کیونکہ اجرت کے لئے شرعاً تعین مقدار ضروری ہے اور یہاں ہرگز ایسا تعین نہیں کہ پاؤ سیر کا بھی فرق نہ ہونے پائے پس لابد انعام واحسان ہوگا اس میں اس طرح زبردستی لینا حرام ہے اور جس چیز کا لینا حرام ہو اسکا دینا بھی حرام ہے اور اگر اس کو اجرت

[1] انعام ۱۲



Marfat.com

کہا جاوے تو بوجہ مجہول ہونے کے اجارہ فاسد حرام ہے

(۱۸) برات پہنچنے پر گاڑیوں کو گھاس دانہ اور رانگے کی گاڑیوں کو گھی اور گڑ بھی دیا جاتا ہے اس موقع پر اکثر گاڑی بان ایسا طوفان برپا کرتے ہیں کہ گھر والا بے آبرو ہو جاتا ہے۔ اور باعث اس کے وہی برات لانے والے ہوتے ہیں ظاہر ہے کہ امر مذموم کا سبب بننا بھی امر مذموم ہے۔

(۱۹) برات ایک جگہ قیام کرتی ہے اور طرفین کی برادری کے سامنے بری کھولی جاتی ہے اب وقت آیا ہے اس معصیت ریاء وافتخار کے ظہور کا جو اصل مقصود تھا اور اسی سبب سے یہ رسم ممنوع ہے

(۲۰) جس میں بعض اشیاء تو بہت ضروری ہیں رشانا نہ جوڑہ انگوٹھی پاؤں کا زیور سہاگ پوڑہ عطر وتیل مسی سرمہ دانی کنگھی پان کھیلیں اور باقی غیر ضروری جس قدر جوڑے بری میں ہوتے ہیں اتنی ہی مشکیاں ہوتی ہیں ان سب تہملات کا التزام مالا یلزم ہونا ظاہر ہے جس کا خلاف شرع ہونا بارہا مرقوم ہو چکا ہے اور ریاء ونمود تو سب رسموں کی جان ہے اس کو تو کہنے کی حاجت ہی کیا۔

(۲۱) اس بری کو لے جانے کے واسطے دولہن کی طرف سے کمین خوان لے کر آتے ہیں اور ایک ایک آدمی ایک ایک چیز سر پر لے جاتے ہیں دیکھئے اس ریاء کا اور اچھی طرح ظہور ہوا گو وہ ایک ہی آدمی کے لے جانے کا بوجھ ہو مگر لے جائے اس کو ایک قافلہ تاکہ سلسلہ دراز معلوم ہو کھلا تکاثر و تفاخر ہے۔

(۲۲) تمام مرد کنبہ کے بری کے ساتھ جاتے ہیں اور بری زنانہ مکان میں پہنچا دی جاتی ہے اس موقع پر اکثر بے احتیاطی ہوتی ہے کہ مرد بھی گھر میں چلے جاتے



Marfat.com

ہیں اور مستورات کا بالکل بے حجابانہ سامنا ہوتا ہے نہیں معلوم کہ اس روز تمام گناہ اور بے غیرتی کی باتیں کس طرح حلال اور عین تہذیب ہو جاتی ہیں۔

(۲۳) اس بری میں شاہانہ جوڑا اور بعض چیزیں رکھ کر باقی چیز واپس ہو جاتی ہیں جس کو دولہا والا بجنسہ صندوق میں رکھ لیتا ہے جب واپس لینا تھا تو خواہ مخواہ بھیجنے کی کیوں تکلیف کی پس وہی نمود شہرت پھر جب واپس آنا یقینی ہے تب تو عقلاء کے نزدیک کوئی شان کی بات بھی نہیں ممکن ہے کہ کسی کی مانگ لایا ہو۔ پھر گھر واپس آکر دے گا۔ اور اکثر ایسا واقعہ بھی ہوتا ہے تمام لغویات شرع کے بھی خلاف اور عقل کے بھی خلاف پھر لوگ ان پر خوش ہیں۔

(۲۴) بری کے خوان میں دولہن والوں کی طرف سے ایک یا سوا روپیہ ڈالا جاتا ہے جس کو بری کی چنگیر کہتے ہیں اور وہ دولہا کے نائی کا حق ہوتا ہے اس کے بعد ڈومنی ایک ڈوری لے کر دولہا کے پاس جاتی ہے اور خفیف انعام دو آنے یا چار آنے دیا جاتا ہے اس میں بھی وہی التزام مالا یلزم اور جبر فی التبرع سراسر ہے اور معلوم نہیں کہ ڈومنی صاحبہ کا کیا استحقاق ہے اور نہ ڈوری کیا واہیات ہے۔

(۲۵) برات والے نکاح کے واسطے بلائے جاتے ہیں خیر غنیمت ہے خطا معاف ہوئی ان خرافات میں اکثر اس قدر دیر لگتی ہے کہ اکثر تو تمام شب اسی کی نذر ہو جاتی ہے پھر بدخوابی سے کوئی بیمار ہو گیا کسی کو سوء ہضم ہو گیا کوئی غلبۂ خواب سے ایسا سویا کہ صبح کی نماز ندارد ہو گئی۔ ایک رونا ہو تو رویا جائے یہاں تو سر سے پاؤں تک رونا ہی رونا بھرا ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماویں۔



Marfat.com

(۲۶) سب سے پہلے سقہ پانی لے کر آتا ہے اس کو سوا روپیہ بیر گھڑی کے نام سے دیا جاتا ہے گو دل نہ چاہے مگر زکوٰۃ سے بڑھ کر فرض ہے کہ ضرور دو۔ غضب ہے کہ اول تو تبرعات ہیں جبر محض حرام ہے اور جبر کے کیا یہی معنی ہیں کہ لاٹھی ڈنڈا مار کر کسی سے کچھ لے لیا جاوے بلکہ یہ بھی جبر ہے کہ اگر نہ دیں گے تو بدنام ہونگے پھر لینے والے خود مانگ کر جھگڑ جھگڑ کر لیتے ہیں اور وہ بیچارہ اپنے ننگ و ناموس کے لئے دیتا ہے یہ سب جبر حرام ہے پھر یہ بیر گھڑی تو شہد دانہ لعنت ہے معلوم ہوتا ہے کہ کفار سے یہ رسم سیکھی ہے یہ رسم دوسری ظلمت ہوئی۔

(۲۷) اس کے بعد ڈوم شربت گھولنے کے واسطے آتا ہے جس کو سوا روپیہ دیا جاتا ہے اور شکر شربت کی دولہن والوں کے یہاں سے آتی ہے یہاں بھی وہی جبر تبرعات موجود ہے۔ پھر یہ ڈوم صاحب کس مصرف کے ہیں بے شک شربت گھولنے کے لئے بہت ہی موزوں ہیں۔ کیونکہ آلات نشاط بجاتے بجاتے ہاتھ میں مادہ سرور کا پیدا ہو گیا ہوگا تو شربت مل جانے سے پینے والوں کو سرور زیادہ ہوگا۔

(۲۸) قاضی صاحب کو بلا کر نکاح پڑھواتے ہیں بس یہ ایک امر ہے جو تمام غیر مشروعات میں ایک مشروع ہے مگر اس میں بھی دیکھا جاتا ہے کہ اکثر جگہ قاضی صاحبان مسائل نکاح و متعلقات اس کے سے محض ناواقف ہوتے ہیں کہ بعض مواقع پر یقیناً نکاح بھی درست نہیں ہوتا۔ تمام عمر بدکاری ہوا کرتی ہے اور بعض ایسے طماع کہ روپیہ سوا روپیہ کے لالچ میں آکر جس طرح سے فرمایش کی جاوے کر گزرتے ہیں خواہ نکاح ہو یا نہ ہو۔ اس میں بہت اہتمام چاہئے کہ نکاح پڑھنے والا خود عالم ہو یا کسی عالم سے خوب تحقیق سے نکاح پڑھے۔

(۲۹) اور ان کو کچھ دے کر رخصت کرتے ہیں اکثر دیکھا جاتا ہے کہ یہ لوگ اس کو اپنا حق واجب الادا سمجھتے ہیں اور حتیٰ کہ اگر کوئی نہ دے یا معین مقدار سے کم دے تو اس سے تکرار کرتے ہیں تقاضا کرتے ہیں بڑی تہذیب کا مظاہرہ فرمایا تو بدزبان سے نہ بولیں گے مگر دل میں ضرور ناخوش ہوتے ہیں۔ تو ایسے لینے کی نسبت رفاہ المسلمین شرح مسائل اربعین میں خزانۃ الروایات سے حرام ہونا نقل کیا ہے اور اس سے بڑھ کر ایک رواج یہ ہو رہا ہے کہ اکثر جگہ قاضی لوگ اپنا نائب بھیج دیتے ہیں اور ان کو جو کچھ ملتا ہے اس میں زیادہ حصہ قاضی کا اور تھوڑا سا اس نائب کا ہوتا ہے یہ استحقاق قاضی صاحب کا محض بلا دلیل ہے اور اس پر کد اور مطالبہ کرنا بالکل ناجائز ہے یہ امر قابل یاد رکھنے اور لحاظ کرنے کے ہے کہ البتہ خوشی سے اگر صاحب تقریب کچھ دیدے تو لینا جائز ہے۔ اور جس کو دیا ہے اسی کی ملک ہے مثلاً اگر نائب کو خوشی سے دیا تو تمام تر اس کی ملک ہے نیب صاحب اس سے اس وجہ سے لیتے ہیں کہ ہم نے تم کو متقرر کیا ہے سو اس وجہ سے لینا رشوت اور حرام ہے۔ اور راشی و مرتشی یعنی نائب اور منیب دونوں عاصی ہوتے ہیں۔

(۳۰) اس کے بعد اگر دولھا والے چھوارے لے گئے ہوں تو وہ لٹا دیتے ہیں یا تقسیم کر دیتے ہیں۔ ورنہ وہی شربت خواہ گرمی ہو یا سردی علاوہ التزام مالا یلزم کے جو کہ شربت میں ہے کسی کو بیمار ڈالنے کا سامان کرنا جیسا کہ بعض فصلوں میں شربت پینے سے واقع ہوتا ہے کہاں جائز ہے۔

(۳۱) اب دولہن کی طرف کا نائی ہاتھ دھلاتا ہے اس کو سوا روپیہ ہاتھ دھلائی دیا جاتا ہے یہ انعام فی نفسہ ایک تبرع و احسان ہے مگر اس کو دینا لینے

لے گناہ گار ۱۲

حق واجب اور ننگ سمجھتے ہیں اس طرح سے دینا لینا حرام ہے کیونکہ شرع میں جبر حرام ہے جیسا کہ اوپر گزر چکا ہے اور حق الخدمت کہا جاوے تو دلہن والوں کا خادم ہے ان کے ذمہ ہونا چاہئے۔ دولہا والوں سے کیا واسطہ یہ تو مہمان ہیں علاوہ غیر شرع ہونے کے خلاف تہذیب بھی کس قدر ہے کہ مہمانوں سے فیس اور اجرت نوکروں کی وصول کی جاوے۔

(۴۲) اور دولہا کے لئے گھر میں سے شکرانہ بن کر آتا ہے جو خالی رکابیوں میں سب براتیوں کو تقسیم کیا جاتا ہے اس میں التزام مالایلزم کے عقیدہ کا بھی فساد ہے یعنی اگر یہ شکرانہ نہ بنایا نہ جائے تو باعث نامبارکی سمجھتے ہیں بلکہ اکثر رسوم میں یہی عقیدہ ہے یہ خود شعبہ شرک کا ہے حدیث میں ہے کہ شرع یعنی بدشگونی اور نامبارکی کی کچھ اصل نہیں شریعت جس کو بے اصل بتلاوے اور لوگ اس پر پل بنا کر کھڑا کریں اب آپ بتلائیے کہ یہ شریعت کا مقابلہ ہے کہ نہیں

(۴۳) اس کے بعد سب براتی کھانا کھا کر چلے جاتے ہیں لڑکی والے کے گھر سے نوشہ کے لئے پلنگ سجا کر بھیجا جاتا ہے اور بستے اچھے وقت بھیجا جاتا ہے جب تمام شب زمین پر پڑے پڑے ہڈیاں چور ہو چکیں اب مرہم آیا واقعی حقدار تو ابھی ہوا ہے اس سے پہلے تو اجنبی شخص تھا کھلے بالشنو اگر داماد نہ تھا تو بیچارہ بلایا ہوا مہمان تو تھا۔ آخر مہمان کی مدارات کا بھی حکم شرع میں اور عقل میں ہے یا نہیں اور دوسرے براتی اب بھی فضول ہی رہے ان کی اب بھی کسی نے بات نہیں پوچھی صاحبو وہ بھی تو مہمان ہیں

(۴۴) حجام اس زندہ پلنگ کو سوا روپیہ دیا جاتا ہے پس معلوم ہوا کہ یہ چارپائی اس علت کے لئے آئی تھی۔ استغفراللہ اس میں بھی وہی جبر فی الشرع ظاہر ہے۔

(۱۴۵) پچھلی شب کو ایک خوان میں شکرانہ بھیجا جاتا ہے جس کو برات کے سب لڑکے مل کر کھاتے ہیں جا ہے ان کمبختی ماروں کو بد ہضمی ہی ہو جاوے مگر شادی والوں کو اپنی رسمیں پوری کرنے سے کام پہلے جہاں شکرانہ بنانے کا ذکر آیا ہے وہاں بدلیل بیان ہو چکا ہے کہ یہ بھی خلاف شرع ہے۔

(۱۴۶) حجام اور نذہ خوان کو سوا روپیہ دیا جاتا ہے کیوں نہ دیا جاوے ان حجام صاحب کے بزرگوں نے اس بیچارے براتی کے باپ دادا کو قرض روپیہ چلایا تھا یہ بیچارہ اس کو ادا کر رہا ہے ورنہ اس کے باپ دادا جنت میں جانے سے اٹکے رہیں گے لاحول ولاقوۃ الا باللہ۔

(۱۴۷) صبح کو برات کے بھنگی دولہن والوں کے گھر دف بجاتے ہیں یہ دف برات کے ساتھ آئی تھی اور دف فی نفسہ جائز تھی مگر شریعت نے اس میں یہ مصلحت رکھی ہے کہ اس سے اعلان نکاح کا ہو جاوے جو مطلوب ہے لیکن اب اتنی بات ہے کہ اظہار شان و شوکت و تفاخر کے لئے بجایا جاتا ہے اور قاعدہ ہے کہ جو مباح ذریعہ معصیت بن جاوے وہ بھی معصیت ہو جاتا ہے اس لئے یہ دف بھی موقوف کرنے کے قابل ہے اعلان کے ہزاروں طریقے ہیں اور اب تو ہر کام مجمع میں ہوتا ہے پہلے سے ذکر مذکور ہوا کرتا ہے بعد میں مدتوں تذکرہ رہتا ہے بس یہ اعلان کافی ہے اور اگر دف کے ساتھ شہنائی بھی ہو تو کسی حال میں جائز نہیں عربی میں اس کو مزامیر کہتے ہیں حدیث میں اس کا مذموم و مکروہ ہونا آیا ہے۔

(۱۴۸) اور دلہن والوں کی طرف کا بھنگی برات کے گھوڑوں کی لید اٹھاتا ہے اور دونوں طرف کے بھنگیوں کو برابر نیگ لید اٹھائی اور صفائی کا ملتا ہے بھلا

اس ٹھیٹرہ بدلائی سے کیا فائدہ دونوں کو جب برابر ملتا ہے تو اپنے اپنے کمینوں کو دیدیا ہوتا خواہ مخواہ دوسرے سے دلاکر تبرعات میں جبر لازم کرادیا جس کالازم ہونا اوپر گزر چکا

(۳۹) دولہن والوں کی ڈومنی دولہا کو پان کھلانیکے واسطے آتی ہے اور اپنا پرت موافق دستور کے لے کر جاتی ہے اور اس کو کچھ انعام ملتا ہے بیچارے کو آج ہی لوٹ لو کچھ بچا کر لے جانے نہ پاوے بلکہ اور قرض کر جاوے اسی جبر فی التبرع کو یاد کر لو۔

(۴۰) اس کے بعد نائن دولہن کا سر گوندھ کر کنگھی کو ایک کٹورہ میں ڈالکرے جاتی ہے اور اس کو سر بندھائی اور پوڑے پسائی کے نام سے کچھ دیا جاتا ہے کیوں نہ دیا جاوے یہ بیچارہ سب کا مقروض بھی ہے یہاں بھی اسی جبر کو یاد کر لو۔

(۴۱) اس کے بعد فرد[1] انعام کمینان دلہن والوں کی طرف سے تیار ہو کر دولہا والوں کو دیجاتی ہے وہ خواہ اس کو تقسیم کر دے یا یکمشت روپیہ دلہن والوں کو دیدے اس میں بھی وہی تبرع میں جبر لازم آتا ہے جس کا حرام ہونا کئی بار مذکور ہو چکا ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ صاحب یہ لوگ ایسے ہی توقع کی توقع سے عمر بھر خدمت کرتے ہیں جواب یہ ہے کہ جس کی خدمت کی ہے اس سے حق الخدمت لینا چاہیئے یہ کیا لغو حرکت ہے کہ خدمت کریں زید کی اور حق الخدمت ادا کرے عمرو۔

(۴۲) نوشہ گھر میں بلایا جاتا ہے اور اس وقت پوری بے پردگی ہوتی ہے اور بعض باتیں بے حیائی کی اس سے پوچھی جاتی ہیں جس کا گناہ اور بے غیرتی ہونا محتاج بیان نہیں۔

(۴۳) اگر بہت غیرت کو کام فرمایا گیا تو اس کا رومال گھر میں منگایا جاتا ہے اور

[1] فہرست ۱۲ العام

اس وقت سلامی کا روپیہ جمع کر کے جو بطور نوتہ کے ہوتا ہے دولہا کو دیئے جاتے ہیں اور شادیوں میں کئی موقعوں پر نوتہ جمع ہوتا ہے جس کی اصل یہ معلوم ہوتی ہے کہ پہلے زمانہ میں کسی غریب آدمی کو کوئی تقریب پیش آئی اس کے عزیزوں نے بطور امداد کے کچھ جمع کر کے دیدیا چونکہ اس وقت ان امور میں اس قدر طول نہ تھا تھوڑے سے سرمایہ میں سب ضروری کام انجام پا گئے نہ اس کو بار ہوا کہ مفت رقم ہاتھ آگئی نہ دینے والوں پر گراں ہوا کسی کا زیادہ خرچ نہیں ہوا اگر بطور تبرع واحسان کے دیتے ہونگے تو اس کا عوض نہ چاہتے ہوں گے گو دوسرا شخص بقاعدہ ھل جزاء الاحسان الا الاحسان کے اس کی ضرورت کے وقت اس کی اعانت کر دیتا ہو بشرط گنجائش و بلا لحاظ کمی وبیشی کے اور اگر بطور قرض کے ہوتا ہوگا تو اس کو یہ قرض بتدریج ادا کر دینا آسان ہوتا تھا واقعی اس وقت یہ مصلحت نہایت مفید تھی اور اب تو اس میں کوئی بھی مصلحت نہیں رہی جس قدر صرف ہوتا ہے اس کا کوئی جزو معتدبہ نوتہ میں جمع نہیں ہوتا پھر ناحق مقروض بننے سے کیا نفع پھر اکثر اس پر تکرار اور رنج بھی ہوتا ہے غرض بے ضرورت مقروض ہونا بھی منع ہے رنج وتکرار کا کام کرنا بھی منع ہے پھر گنجائش کے وقت ادا نہیں کر سکتے جب دوسرے شخص کے یہاں کوئی تقریب ہو تب ہی ادا کرنا ممکن ہے اگر اس وقت پاس نہ ہو تو بعض اوقات سودی قرض لے کر دینا پڑتا ہے یہ بھی گناہ ہی ہے جس دستور میں اتنے گناہ ہوں بیشک وہ واجب الترک ہے

(۴۴) اس میں ڈومنی اور نائن کا نیگ بقدر آٹھ آنہ نکالا جاتا ہے اللہ میاں کی زکوٰۃ کا چالیسواں حصہ اتنا فرض نہیں سمجھتے کھیت کا دسواں حصہ واجب نہیں جانتے مگر ان کا حصہ نکالنا سب فرائض سے بڑھکر فرض ہی یہ التزام مالایلزم کس قدر

لتو امر ہے پھر یہ کہ نائن تو خدمتی بھی ہے بھلا یہ ڈومنی کس مصرف کی ہو اہی جو ہر جگہ اس کا ساجھا اور حق رکھا ہوا ہے بقول شخصے بیاہ میں بیج کا لیکھا تما یدگا نے بجانے کا حق الخدمت سمجھا جاوے تو اس خدمت کی کیفیت سُن لینا چاہئیے اکثر لوگ یہ سُن کر شادی میں گیت درست ہے ، بے دھڑک ڈومنیاں گواتے ہیں اور یہ نہیں دیکھتے کہ درست کس طرح تھا اور اب رواج کس طرح پر ہے اس کی تو مثال ایسی ہے کہ کوئی کسی کی روٹی غصب کر کے لادے اور مفتی سے پوچھے کہ روٹی حرام ہے یا حلال اور اس سے حلال سنکر خوب غصب کیا کرے ظاہر ہے کہ ایسے فتوے سے کام نہیں چل سکتا اس کو یہ پوچھنا چاہئیے تھا کہ میرے پاس غصب کی روٹی ہے وہ حلال ہے یا حرام پھر دیکھو اس کو کیا جواب ملتا ہے غرض یہ کہ گیت ڈومنیوں کا جس طرح رائج ہے اس کو دیکھنا چاہئیے کہ اس میں کچھ خرابی ہے یا نہیں تو اب میں پوچھتا ہوں کہ یہ ڈومنیاں سُر اور گت سے گاتی ہیں یا نہیں بے شک گت سے گاتی ہیں تو ذرا کسی عالم سے پوچھو تو سہی کہ یہ غنا امام ابو حنیفہ رح کے مذہب میں حرام ہے یا نہیں اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ عید کے روز پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو بھی دو لڑکیوں نے گایا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو وہ نابالغ لڑکیاں تھیں دوسرے وہ اتار چڑھاؤ سے نہ گاتی تھیں چنانچہ حدیث میں لفظ جاریتان و لیستا بمغنیتین اس معنی کی دلیل ہے اور یہ بتلاؤ کہ ان کی آواز اجنبی مردوں کے کانوں میں پہنچتی ہے یا نہیں اور محرم عورتوں کی آواز کسی غیر مرد کے کانوں میں جانا اور اس طرح سے کہ سننے سے خرابی پیدا ہو حرام ہے یا نہیں پھر اس راگ میں یہ بھی خاصیت ہے کہ جو صفات قلب میں غالب ہوتے ہیں ان کو اور زور ہو جاتا ہے



Marfat.com

تو بتلاؤ کہ ہم لوگوں کے قلب میں صفات خبیثہ کا غلبہ ہے یا نہیں اور صفات خبیثہ کا قوت دینا حرام ہے یا نہیں پھر یہ کہ آدھی آدھی بلکہ تمام رات دائرہ اور کہیں کہیں ڈھولک بھی پٹتا ہے جس سے پاس والوں کی عموماً اور حاضرین مجلس کی خصوصاً نیند ضائع ہوتی ہے اور صبح ہوتے ہی سب مردہ کی طرح پڑ پڑ کر سوتے ہیں پس صبح کی نمازیں ان کی قضا ہوتی ہیں یا نہیں اور نماز کا قضا کرنا اور جس شغل کی وجہ سے نماز قضا ہو وہ شغل حرام ہے یا نہیں اور کہیں کہیں مضامین گیت کے خلاف شرع بھی ہوتے ہیں پس ان کے گانے اور سننے سے سب کو گناہ ہوتا ہے یا نہیں اب بتلاؤ کہ اس طرح کا گیت گانا اور گوانا حرام ہے یا نہیں پھر جب وہ حرام ہوا تو اس کی اجرت دینا دلانا کس طرح جائز ہوگا اور اجرت بھی کس طرح کہ گھر والا تو اس لئے دیتا ہے کہ اس نے بلایا اس کے یہاں تقریب ہے بھلا اور آنے والوں کی کیا کمبختی ہے کہ ان سے بھی جبراً وصول کیا جاتا ہے اور جو نہ دے اس کی تذلیل و تحقیر اور طعن و تشنیع کی جاتی ہے۔ وہی جبر تبرعات کا قصہ یاد کر لیا جائے پس ایسے گانے کو اور ایسے حق کو کیونکر حرام نہ کہا جاوے۔

(۴۵) بعد فراغت کھانے کے جہیز کی تمام چیزیں مجمع عام میں لائی جاتی ہیں اور ایک ایک چیز سب کو دکھلائی جاتی ہے اور زیور کی فہرست سب کو پڑھ کر سنائی جاتی ہے فرمایئے کہ پوری ریا ہے یا نہیں علاوہ اس کے زنانہ کپڑوں کا مردوں کو دکھلانا کس قدر غیرت کے خلاف ہے۔

(۴۶) اور سوا روپیہ نیگ کمینوں کا جہیز کے خوان میں ڈالا جاتا ہے وہی جبر فی التبرع کا مضمون یاد دلایا جاتا ہے۔

(۴۷) اب لڑکی کے رخصت ہونے کا وقت آیا میانا یا پالکی دروازہ میں رکھ کر دولہن کے باپ یا بھائی وغیرہ اس کے سر پر ہاتھ دھرنے کو گھر میں بلائے جاتے ہیں اور اس وقت بھی اکثر مردوں عورتوں کا آمنا سامنا ہو جاتا ہے جس کا مذموم ہونا ظاہر ہے۔

(۴۸) اور لڑکی کو رخصت کر کے ڈولہ میں بٹھلاتے ہیں اور مقتضائے عقل کے خلاف سب میں رونا پیٹنا مچتا ہے ممکن ہے کہ بعض کو مفارقت کا قلق ہو مگر اکثر تو رسم ہی پورا کرنے کو روتی ہیں کہ کوئی یوں کہے گا کہ ان لوگوں پر لڑکی بھاری تھی اس کو دفع کر کے خوش ہوئے اور یہ جھوٹا رونا ناحق کا فریب ہے جو کہ عقلاً و نقلاً گناہ ہے۔

(۴۹) اور دولہن کے دوپٹہ کے ایک پلہ میں کچھ نقد اور دوسرے میں ہلدی کی گرہ اور تیسرے میں جائفل چوتھے میں چاول اور گھاس کی پتی باندھتے ہیں یہ ایک شگون اور ٹوٹکا ہے جو علاوہ خلاف عقل ہونے کے شعبہ شرک کا ہے۔

(۵۰) اور ڈولہ میں مٹھائی کی چنگیر رکھدیتے ہیں جس کا مصرف آگے آتا ہے۔ اس سے اس کا بیہودہ اور ممنوع ہونا معلوم ہو جاوے گا۔

(۵۱) اول ڈولہ دولہن کی طرف کے کہار اٹھاتے ہیں اور دولہا والے اس پر سے بکھیر شروع کرتے ہیں۔ اگر اس میں کوئی اثر شگونی بھی سمجھتے ہیں کہ اس کے سر پر سے آفات اتر گئیں تب تو فساد اعتقاد بھی ہے ورنہ نام و نمود شہرت کی نیت ہونا ظاہر ہے غرض ہر حال میں مذموم ہے پھر لینے والے اس بکھیر کے بھنگی ہوتے ہیں جس سے تاویل صدقہ کی بھی نہیں چل سکتی۔ ورنہ غریبوں محتاجوں کو دیتے بھنگی سب

سے زیادہ دنیا میں فضول ہیں ان کو بلاؤں کا لینے والا سمجھ لیا ہے ۔ اسی لئے اس کا مصرف قرار دیا پس یہ ایک طرح کا اسراف بھی ہے کہ مستحقین کو چھوڑ کر غیر مستحقین کو دیا پھر اس میں بعض کے چوٹ بھی لگ جاتی ہے کسی کے تو بھیڑ کی وجہ سے اور کسی کو خود روپیہ پیسہ لگ جاتا ہے یہ خرابی مزید برآں ہے۔

(۵۲) اس بکھیر میں سے ایک مٹھی ان کہاروں کو دی جاتی ہے بابت بکھیر کے اور یہ سب کمینوں کا حق ہوتا ہے وہی جبر فی التبرع کا ناجائز ہونا یاد کر لیا جائے۔

(۵۳) جب بکھیر کرتے ہوئے شہر کے باہر پہنچتے ہیں تو یہ کہار ڈولہ کسی باغ میں رکھ کر اپنا نیگ سوا روپیہ لے کر چلے جاتے ہیں وہی جبر تبرع یہاں بھی ہے۔

(۵۴) اور دلہن کے عزیز و اقارب جو اس وقت تک ڈولہ کے ساتھ ساتھ ہوتے ہیں رخصت کر کے چلے جاتے ہیں اور وہاں پردہ چنگیری مٹھائی کی نکال کر براتیوں میں بھاگ دوڑ چھینا جھپٹی شروع ہوتی ہے اس میں علاوہ التزام مالا یلزم کے اکثر یہ بے احتیاطی ہوتی ہے کہ اجنبی مرد ڈولے میں اندھا دھندہاتھ ڈال کر وہ چنگیری لے لیتے ہیں اس کی پرواہ نہیں ہوتی کہ پردہ کھل جائے گا نائن یا دلہن کو ہاتھ لگ جائے گا۔ اور بعض غیرت مند اعزہ دولہن یا دولھا کے اس پر جوش کھا کر سخت وسست کہتے ہیں جس میں بڑی دور نوبت پہنچتی ہے مگر اس منحوس رسم کو کوئی نہیں چھوڑتا تمام تکا فضیحتی منظور مگر اس کا قضا کرنا نا منظور انا للہ وانا الیہ راجعون

(۵۵) راستے میں جو اول ندی ملتی ہے تو کہار لوگ اس ندی پر پہنچکر ڈولہ رکھدیتے ہیں کہ ہمارا حق دو تب ہم پار جاویں اور یہ حق کم از کم ایک روپیہ ہوتا ہے جس کو دریا اترائی کہتے ہیں یہ وہی جبر فی التبرعات ہے



Marfat.com

(۵۶) جب مکان پر ڈولہ پہنچتا ہے تو کہار لوگ ڈولہ نہیں رکھتے جب تک ان کو ایک روپیہ چار آنہ ڈولہ نکوائی نہ دیا جاوے اگر یہ انعام ہے تو انعام میں جبر کیسا اور اگر اجرت ہے تو اجرت کی طرح ہونا چاہئیے کہ جب کسی کے پاس ہوا دیدیا اس وقت معین کرکے مجبور کرنا بجز اتباع رسم کے اور کچھ بھی نہیں جس کو التزام مالایلزم کہنا چاہئیے۔

(۵۷) جب کہار ڈولہ رکھکر چلے جاتے ہیں تو دھیانیاں بہو کو ڈولہ میں سے نہیں اتارنے دیتیں جب تک انکو حق نہ دیا جائے ہم دلہن کو گھر میں نہ گھسنے دیں گے یہ بھی جبر فی الشرع ہے۔

(۵۸) اس کے بعد نوشہ کو دروازہ میں بلاکر ڈولہ کے پاس کھڑا کیا جاتا ہے اس کی سخت پابندی بھی ہے اور یہ ایک قسم کا شگون ہے جس کی بنا فساد اعتقاد ہے اور اکثر اس وقت پردہ دار عورتیں بھی بے تمیزی سے سامنے آکھڑی ہوتی ہیں۔

(۵۹) عورتیں صندل اور مہندی پیسکر لے جاتی ہیں اور دلہن کے داہنے پاؤں اور کوکھ کو ایک ایک ٹیکہ لگاتی ہیں یہ صریح ٹوٹکہ ہے جو شعبۂ شرک ہے۔

(۶۰) تیل اور ماش صدقہ کرکے بھنگن کو دیا جاتا ہے اور سیانہ[1] کے چاروں پایوں پر تیل چھڑکا جاتا ہے دیکھئے وہی فساد عقیدہ کا روگ اس لغو حرکت کا منشاء ہے

(۶۱) اور اس وقت ایک بکرا گڈریے سے منگا کر نوشہ اور دلہن کے اوپر سے صدقہ کرکے اس گڈریے کو مع کچھ نیگ کے جس کی مقدار دو آنہ یا چار آنہ ہوتے ہیں دیدیا جاتا ہے، دیکھئے یہ کیا حرکت ہے اگر بکرا خریدا ہے تو اس کی قیمت کہاں ہے اگر دو آنہ یا چار آنہ قیمت ہے تو کھلا دیسے تو اتنے کو خریدلو اور اگر خریدا نہیں

سلہ چھپر کھٹ یا پلنگ ۱۲

PESHAWAR UNIVERSITY LIBRARY SECTION

تو گدڑ یہ کی ملک ہے غیر کے مال میں صدقہ چہ پہ کیا معنی وہی بات ہے کہ حلوائی کی دکان نانا جی کی فاتحہ پھر صدقہ کا مصرف گدڑیہ بہت موزوں ہے غرض سرتا پا لغو حرکت ہے اور بالکل اصول شریعت کے خلاف

(۶۲) اس کے بعد بہو کو اتار کر گھر میں لاتے ہیں اور ایک بوریہ پر قبلہ رُخ بٹھاتے ہیں اور سات سُہاگنیں مل کر تھوڑی تھوڑی کھیر بہو کے دلہنے ہاتھ پر رکھتی ہیں اور اُس کھیر کو اُن میں سے ایک سہاگن منہ سے چاٹ لیتی ہے یہ رسم تمامتر شگونوں اور فالوں سے مرکب ہے جس کا مبنیٰ فساد عقیدہ ہے اور قبلہ رُخ ہونا بہت برکت کی بات ہے مگر جب اُس کی پابندی فرائض سے بڑھ کر ہونے لگے اور اس کے ترک کو موجب بدشگونی سمجھیں تو یہ تعدی حدود میں داخل ہو جاوے گا۔

(۶۳) یہ کھیر دو طباقوں میں اُتاری جاتی ہے ایک ان میں سے ڈومنی کو (تماشائی رتی ڈومنی تیرا تو سب جگہ ظہور ہے) اور ایک نائن کو معہ کچھ انعام کے جس کی مقدار کم سے کم پانچ ٹکے ہیں دیئے جاتے ہیں یہ سب بنا رفاسد علی الفاسد ہے۔

(۶۴) اس کے بعد ایک یا دو من کی کھیر برادری میں تقسیم کی جاتی ہے جس میں بجز ریا کے اور کچھ بھی نیت نہیں۔

(۶۵) اس کے بعد بہو کا منہ کھولا جاتا ہے اور سب سے پہلے ساس یا سب سے بڑی عورت خاندان کی بہو کا منہ دیکھتی ہے اور کچھ منہ دکھلائی دیتی ہے جو ساتھ والی کے پاس جمع ہوتا رہتا ہے اس کی ایسی سخت پابندی ہے کہ جس کے پاس منہ دکھلائی نہ ہو وہ ہرگز ہرگز منہ نہیں دیکھ سکتی کیونکہ لعنت و ملامت کا

اتنا بھاری بوجھ اس پر رکھا جاویگا جسکو وہ کسی طرح اٹھا ہی نہ سکے غرض اس کو واجبات سے قرار دیا ہے جو صریح تعدی حدود شرعیہ ہے پھر اسکی کوئی وجہ معقول سمجھ میں نہیں آئی کہ اس کے ذمہ منہ پر ہاتھ رکھنا بلکہ تمام ہاتھوں پر منہ رکھنا یہ کیوں فرض کیا گیا ہے اس طرح کہ اگر کوئی نہ کرے (گویا قضیہ فرضیہ ہے) تو تمام برادری میں بے حیا اور بے شرم اور بے عزت مشہور ہو جاوے بلکہ ایسا تعجب کریں کہ جیسے کوئی سمجھ دار مسلمان کافر بن جاوے پھر بتلائیے یہ بھی تعدی حدود ہے یا نہیں اس شرم شرم میں اکثر دلہنیں نماز قضا کر ڈالتی ہیں اگر ساتھ والی نے پڑھوا دی تو خیر ورنہ مذہب مستورات میں اس کو اجازت نہیں کہ خود اٹھ کر یا کسی سے کہہ سنکر نماز کا انتظام کرے اس کو حس و حرکت کرنا بولنا چالنا کھانا پینا اگر کھجلی بدن میں اٹھے تو کھجلانا اگر جمائی یا انگڑائی کا غلبہ ہو جمائی انگڑائی لینا یا نیند آنے لگے تو لیٹ رہنا یا اگر پیشاب پاخانہ خطا ہونے لگے تو اس کی اطلاع تک کرنا بھی اس مذہب زنان[1] میں حرام بلکہ کفر ہے خدا جانے کیا جرم کیا تھا جو سخت کال کوٹھری میں یہ مظلومہ مقید کی گئی ہے ہائے یہ شان تو بندے کی اپنے مالک حقیقی کے روبرو ہونا زیبا تھی اور حق کی ہے انہی کی ہے بھی ؎

اے قلم بشکر گرا چلالیتی　　درمیان اصبعین کیستی

یا الہی اپنی رحمت کا صدقہ محض بلا لائق کر ایسا انقیاد و تسلیم نصیب فرما دیجئے اور بعض شہروں میں یہ خرافات ہیں کہ مرد بھی دلہن کا منہ دیکھتے ہیں استغفر اللہ نعوذ باللہ

(۶۶) پھر سب عورتیں منہ دیکھتی ہیں اس کے بعد کسی کا بچہ بہو کی گود میں بٹھاتے ہیں اور کچھ مٹھائی دے کر اٹھا لیتے ہیں وہی خرافات شگون مگر کیا ہوتا ہے اس

[1] عورتوں کے مذہب میں ۱۲

پر بھی بعضوں کے تمام عمر اولاد نہیں ہوتی توبہ توبہ کیا برے خیالات ہیں۔

(۶۷) اس کے بعد بہو کو اٹھا کر چارپائی پر بٹھاتے ہیں پھر دلہن کے داہنے پیر کا انگوٹھا نائن دھوتی ہے اور وہ روپیہ یا اٹھنی وغیرہ جو بہو کے ایک پلہ میں بندھا ہوتا ہے انگوٹھا دھلوائی میں نائن کو دیا جاتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بھی کوئی شگون ہے۔

(۶۸) بعد آنے دلہن کے شکرانہ کے دو طباق ایک اس کے لئے دوسرا نائن کے لئے جو بہو کے ساتھ آتی ہے بنائے جاتے ہیں اس وقت بھی وہی سات سہاگنیں مل کر کچھ دانہ بہو کے منہ کو لگا کر (اس بیچاری کو للچانے کے لئے) آپس میں سب مل کر کھا لیتی ہیں (شاباش) یہ بھی شگون معلوم ہوتا ہے۔

(۶۹) پھر دولھا والوں کی نائن دلہن والوں کی نائن کا ہاتھ دھلواتی ہے اور یہ نائن موافق تعلیم اپنے آقا کے کچھ نقد ہاتھ دھلوائی میں دیتی ہے اور کھانا شروع کر دیتی ہے یہ التزام مالا یلزم اور جبر فی التبرع ہے۔

(۷۰) بوقت کھانا کھانے کے ڈومنیاں گالیاں دیتی ہیں کم بختوں پر خدا کی مار اور اس نائن سے نیگ لیتی ہیں ماشاء اللہ ہمارے بھائیوں کی نائن بھی بادشاہوں سے کم نہیں۔ گا ہے بدشنامے خلعت دہند گر گا ہے کا فرق ہے کیونکہ ان کی قسمت میں ہمیشہ کے لئے یہ دولت لکھی ہے کہ گالیاں کھاؤ اور انعام دو نعوذ باللہ من الجہل۔

(۷۱) جب جہیز کھولا جاتا ہے تو ایک جوڑا ساتھ والی نائن کو دیا جاتا ہے اور ایک جوڑہ سب دھیانیاں آپس میں تقسیم کر لیتی ہیں۔ چہ خوش مال نہ ماں ہیں تیرا

مہمان اگر کوئی کہے کہ نہیں صاحب سب مانے ہوئے ہیں تو حضرت مانے ہوئے آپ ہی ہیں سب جانتے ہیں کہ نہ ماننے سے نکو بنائے جاویں گے ایسا زبردستی کا ماننا تو وہ بھی مان لیتا ہے جس کے چوری ہوتی ہے اور خاموش ہو کر بیٹھا رہتا ہے یا کوئی ظالم غصب کر لیتا ہے اور یہ ڈر کے مارے نہیں بولتا ایسے ماننے سے کسی کا مال نہیں ہو جاتا۔ اسی طرح بعض جگہ یہ بھی دستور ہے کہ جہیز میں بٹوے اور کمربند اور تلے دانیاں ہوتی ہیں وہ سب دھیانیاں آپس میں تقسیم کر لیتی ہیں اور حصہ رسد بہو کو بھی دیتی ہیں۔

(۲۷) شب کا وقت تخلیہ کے واسطے ہے جس میں بے حیا عورتیں جھانکتی تاکتی ہیں اور مطابق مضمون حدیث کے داخل دائرہ لعنت ہوتی ہیں۔

(۳۷) بوقت صبح بے حیائی ہوتی ہے کہ شب خوابی کا بستر چادر وغیرہ دیکھتے ہیں اس سے بڑھ کر بعض جگہ یہ غضب ہے کہ تمام کنبہ میں اُن کے ہاتھ پھرایا جاتا ہے کسی کا راز معلوم کرنا مطلقاً حرام ہے بالخصوص ایسی حیا کی بات کی تشہیر سب جانتے ہیں کہ کس قدر بے غیرتی کی بات ہے مگر افسوس ہے کہ عین وقت پر کسی کو ناگوار نہیں معلوم ہوتا۔ اللہ بچاوے۔

(۴۷) بوقت شام یعنی درمیان عصر و مغرب بہو کا سر کھولا جاتا ہے اور اس وقت ڈومنیاں گاتی جاتی ہیں اور ان کو ایک روپیہ چار آنہ یا پانچ ٹکے مانگ بھرائی اور سر کھلائی کے نام سے دیئے جاتے ہیں اس میں بھی التزام مالایلزم اور گانے کی اُجرت کی خرابی موجود ہے۔

(۵۷) بہو کے آنے سے اگلے دن اُن کے عزیز قریب دو چار گاڑیاں اور



Marfat.com

مٹھائی وغیرہ لے کر آتے ہیں اس آمد کا نام چوتھی ہے اس میں بھی التزام مالایلزم کی علت لگی ہوئی ہے علاوہ اس کے یہ ماخوذ ہے کفار ہند سے اور تشبہ بالکفار کا ممنوع ہونا ظاہر ہے۔

(۷۶) بہو کے بھائی وغیرہ گھر میں بلائے جاتے ہیں اور بہو کے پاس علیحدہ مکان میں بیٹھتے ہیں اکثر اوقات یہ لوگ شرعاً نامحرم بھی ہوتے ہیں مگر اس کی کچھ تمیز نہیں ہوتی کہ نامحرم کے پاس تنہا مکان میں بیٹھنا خصوصاً زیب و زینت کے ساتھ کس قدر گناہ اور بے غیرتی کی بات ہے وہ اکثر بہو کو کچھ نقد دیتے ہیں اور کچھ مٹھائی کھلاتے ہیں اور چوتھی کا جوڑا مع تیل و عطر و خرچ کمینان گھر میں بھیجتے ہیں یہ سب التزام مالایلزم میں داخل ہے۔

(۷۷) جب نائی ہاتھ دھلاتے آتا ہے تو وہ اپنا نیگ جو زیادہ سے زیادہ ایک روپیہ چار آنہ اور کم سے کم چار آنہ ہے لے کر ہاتھ دھلواتا ہے اس فرضیت کا بھی کچھ ٹھکانا ہے جتنے حقوق اللہ و حقوق العباد ہیں ان میں توقف ہو جاوے مگر اس تشبیقی حق میں جو واقع ناحق ہے کیا ممکن کہ فرق آ جاوے پہلے اس کا قرض ادا کر دو اس کے بعد کھانا نصیب ہو استغفراللہ مہمانوں سے دام لے کر کھانا کھلانا یہ انہیں بندگان رسم کا کام ہے یہ التزام مالایلزم و تعدی حدود ہے

(۷۸) بروقت کھانا کھانے چوتھی والوں کے ڈومنیاں دروازہ میں بیٹھ کر اور گالیاں گا کر اپنا نیگ لیتی ہیں خدا تم کو سمجھے ایسے ہی لینے والے اور ایسے ہی دینے والے اہل حاجت کو خوشامد اور دعاؤں پر بھی پھوٹی کوڑی نہ دیں اور ان بدذاتوں کو گالیاں کھا کر روپیہ بخشیں واہ رے رواج تو بھی کیسا زبردست ہے خدا تجھے



Marfat.com

ہمارے ملک سے ہمیشہ کے لئے غارت کرے۔

(۷۹) دوسرے روز چوتھی کا جوڑا پہنا کر مع اس مٹھائی کے جو بہو کے گھر سے آئی تھی رخصت کرتے ہیں ماشاء اللہ عطائے تو بہ لقائے تو یہی معنی ہیں۔ بھلا صاحب اُس کے بھیجنے سے اور پھر واپس لے جانے سے کیا حاصل ہوا گویا اس مبارک گھر سے مٹھائی میں برکت آجانے کے لئے بھیجی ہوگی خیال تو کیجئے رسم کی پابندی میں عقل بیچاری کی بھی تو حکومت گئی گزری اور التزام مالایلزم کا شرعی گناہ والزام تو قائم ہی ہے۔

(۸۰) اور بہو کے ساتھ نوشہ بھی جاتا ہے اور رخصت کرنے کے وقت وہی چاول چیزیں پلّو میں باندھی جاتی ہیں جو رخصت کے وقت وہاں سے بندھ کر آئی تھیں یہ بھی خرافات اور شگون ہے۔

(۸۱) وہاں جاکر جب دلہن اتاری جاتی ہے تو اس کا داہنا انگوٹھا وہاں کی نائن دھوکر وہ اٹھنی یا روپیہ جو بہو کے پلّے میں بندھا ہوتا ہے لیتی ہے وہی شگون یہاں بھی ہے۔

(۸۲) دولھا جب گھر میں جاتا ہے تو سالیاں اس کا جوتا چھپا کر جوتا چھپائی کے نام سے کم از کم ایک روپیہ لیتی ہیں۔ شاباش ایک تو چوری کریں اور الٹا انعام پائیں اول تو ایسی ہنسی کہ کسی کی چیز اٹھائی چھپا دی حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے پھر یہ کہ ہنسی دل لگی کا خاصہ ہے کہ اس سے ایک بے تکلفی بڑھتی ہے بھلا اجنبی مرد سے ایسا تعلق وارتباط پیدا کرنا خود شرع کے خلاف ہے پھر اس انعام کو حق لازمی سمجھنا یہ بھی جبر فی التبرع وتعدی حدود ہے بعض جگہ جوتہ چھپانے کی رسم نہیں مگر اس کا انعام باقی ہے کیا واہیات بات ہے اس سے باز رہو۔ رسم چوتھی



Marfat.com

کھیلنا ہے جو بعض شہروں میں رائج ہے اس میں جس درجہ بے حیائی و بے غیرتی ہوتی ہے اُس کا کچھ پوچھنا نہیں پھر جن کی عورتیں اس چوتھی کھیلنے میں شریک ہوتی ہیں اُن کے شوہر باوجود اطلاع کے انتظام وانسداد نہ کرنے کی وجہ سے دیوث بنتے ہیں اور مشابہت کفار کی ان سب کے علاوہ ہے۔

(۸۳) جب دولھا آتا ہے تو وہاں کا نائی اس کے داہنے پیر کا انگوٹھا دھوکر اپنا حق لیتا ہے جو ایک روپیہ کے قریب ہوتا ہے اور باقی کمینوں کا خرچ گھر میں دیتے ہیں یہ سب شگون التزام مالا یلزم ہے ان سب مواقع میں نائی کا حق سب سے زیادہ سمجھا جاتا ہے یہ کفار ہند کی رسم کا اتباع ہے اُن کے رواج میں چونکہ نائی کے اختیارات بہت وسیع ہیں اس لئے اُس کی بڑی قدر ہے بے علم مسلمانوں نے اختیارات تو سب کرلئے مگر تنخواہ وہی رکھی جو اکثر جگہ محض ناحق کا لینا دینا ہے جہاں کوئی شرعی تاویل بھی نہیں ہوسکتی۔

(۸۴) دو چار دن کے بعد پھر دولھا والے دولھن کو لے جاتے ہیں اس کو بہوڑہ کہتے ہیں اور اس میں بھی وہی سب رسمیں ہوتی ہیں جو چوتھی میں ہوئی ہیں چونکہ وہاں مفاسد تھے وہی سب یہاں بھی سمجھ لئے جاویں۔

(۸۵) اس کے بعد بہو کے باپ کے گھر سے کچھ عورتیں بہو کو لینے آتی ہیں اور اپنے ساتھ کھجوریں لاتی ہیں۔ وہی التزام مالا یلزم ہے۔

(۸۶) اور یہ کھجوریں ساری برادری میں تقسیم ہوتی ہیں وہی ریا و نمود۔

(۸۷) پھر جب یہاں سے رخصت ہوتی ہے تو نئی کھجوریں اس کے ساتھ کی جاتی ہیں وہی التزام مالا یلزم ہے۔



Marfat.com

(۸۸) اور وہ باپ کے گھر جاکر برادری میں تقسیم ہوتی ہیں وہی فخر ورہا۔

(۸۹) اس کے بعد اگر شب برات اور محرم ہو تو باپ کے گھر ہوگا یہ پابندی کونسی وحی سے ثابت ہے صرف وجہ اس کی ایک خیال جاہلیت ہے کہ محرم اور شب برات کو نعوذ باللہ نامبارک سمجھتے ہیں اس لئے دولہا کے گھر اس کا ہونا نازیبا جانتے ہیں

(۹۰) اور رمضان بھی وہیں ہوگا۔ قریب عید سواری بھیج کر بہو کو بلاتے ہیں غرض یہ کہ جو تہوار غم اور بھوک اور سوزش کے ہیں۔ محرم خود زمانہ حزن کا سمجھا جاتا ہے۔ رمضان میں بھوک اور پیاس کا ہونا ظاہر ہے۔ شب برات کو عوام جلتا مہینہ کہتے ہیں۔ غرض یہ سب باپ کے حصہ میں اور عید جو خوشی اور شیرینی کا تہوار ہے وہ گھر ہونا چاہیئے۔

(۹۱) اور وہاں سے دونین من جنس تیل سویاں، چاول، آٹا میوہ وغیرہ بھیجا جاتا ہے اور دولہا دولھن کا جوڑا مع کچھ نقدی گھی کے نام سے اور کچھ شیرینی دیجاتی ہے یہ ایسا فرض ضروری ہے کہ گو سودی روپیہ قرض لینا پڑے مگر یہ قضا نہ ہو جو صریح تعدی حدود ہے۔

(۹۲) بعد نکاح کے سال دو سال تک بہو کی روانگی کے وقت کچھ مٹھائی اور کچھ نقد اور جوڑے وغیرہ طرفین سے بہو کے ہمراہ کر دیئے جاتے ہیں اور عزیزوں میں بھی خوب دعوتیں ہوتی ہیں مگر وہی جرمانہ کی دعوت کہ بدنامی سے بچنے کو یا ناموری و سرخروئی حاصل کرنے کو سارا بکھیڑا ہوتا ہے پھر اس میں معاوضہ ومساوات کا پورا لحاظ ہوتا ہے بلکہ بعض اوقات خود شکایت وتقاضا کرکے دعوت کھاتے ہیں۔ غرض تھوڑے دنوں تک یہ آؤ بھگت سچی یا جھوٹی ہوتی رہتی ہے پھر

اس کے بعد کس نمی پرسد کہ بھیا کون ہو" سب خوشیاں منانے والے اور جھوٹی خاطرداری کرنے والے علیحدہ ہوئے اب جو مصیبت پڑے بھگتو کاش جس قدر روپیہ بیہودہ اُڑایا ہے ان دونوں کے لئے اس سے کوئی جائداد خرید کردیجاوے یا تجارت کا سلسلہ شروع کردیا جاتا کس قدر راحت ہوتی ساری خرابی اس التزام مالایلزم کی ہے۔

(۹۳) شیرینی طرفین کی برادری میں تقسیم ہوجاتی ہے جس کی بنا دہی ریا ہے اور اگر شیرینی سب کو نہ پہنچے تو اپنے گھر سے منگا کر اس میں ملادیہ بھی جرمانہ ہے۔

(۹۴) بعض جگہ کنگنا[1] باندھنے کا بھی دستور ہے جو بوجہ رسم کفار ہونیکے منع ہے۔

(۹۵) بعض جگہ آرسی مصحف کی رسم ہے اس میں بھی طرح طرح کی رسوائیاں اور فضیحتیاں ہیں جو بالکل عقل اور شرع کے خلاف ہے۔

(۹۶) بعض جگہ آرائش وآتشبازی کا سامان ہوتا ہے جو سراسر اسراف اور افتخار حرام ہے۔

(۹۷) بعض جگہ باجے ہندوستانی اور انگریزی ہوتے ہیں معارف مزامیر کا حرام ہونا حدیث میں موجود ہے۔

(۹۸) بعض جگہ چوتھی کھیلنے کا رواج ہے جو سراسر بے غیرتی اور بے حیائی اور تشبہ بالکفار ہے جیسا اوپر مفصل مذکور ہے۔

(۹۹) بعض جگہ دولھا دولھن کو گود میں لے کر ڈولہ سے اتارا جاتا ہے کس قدر بے غیرتی کی بات ہے۔

(۱۰۰) بعض تاریخوں اور مہینوں اور سالوں مثلاً اٹھارہ سال کو منحوس سمجھ

[1] شادی کے موقع پر دولہا کے ہاتھ پر کنگنا باندھتے ہیں۔ یہ ہندوانی رسم ہے۔

ہیں اور اس میں شادی نہیں کرتے یہ اعتقاد بھی عقل اور شرع کے خلاف ہے۔

یہ ایک سو واقعات ہیں جن میں سے کسی میں ایک گناہ کسی میں دو گناہ کسی میں چار پانچ اور بعض تیس تک مجتمع ہیں اگر اوسطاً فی واقع تین گناہ رکھے جاویں تو واقعات مذکورہ تین سو گناہوں کا مجموعہ ہے جس عقد میں تین سو حکم شرعی کی مخالفت ہوتی ہو اس میں خیر و برکت کا کیا ذکر غرض واقعات مذکورہ ان معاصی سے پر ہیں اسراف افتخار و نمائش، التزام مالایلزم، تشبہ بالکفار، سودی قرض یا بلاضرورت قرض لینا جبر تبرعات، بے پردگی، شرک، فساد عقیدہ، نمازوں کا یا جماعت کا قضا ہونا، اعانت معصیت اصرار و استحسان معاصی کا جن کی مذمت قرآن و حدیث میں صاف صاف مذکور ہے۔ چنانچہ مختصراً ذکر ہوتا ہے ارشاد فرمایا ہے کہ اسراف مت کرو بیشک اللہ جل شانہ' پسند نہیں کرتے اسراف کرنے والوں کو، اور دوسری جگہ فرمایا کہ بے ہودہ اڑانے والے شیطان کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکر گزار ہے اور حدیث میں ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص دکھلاوے کا کوئی کام کرے۔ دکھا دے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو یعنی اس کی رسوائی کو اور جو شخص سنانے کے واسطے کوئی کام کرے سنا دیگا۔ اللہ تعالیٰ اس کے عیوب قیامت کے روز اور حدیث میں ہے کہ اپنی نماز میں سے شیطان کا حصہ مت بناؤ کہ نماز پڑھ کر داہنی طرف سے پھرنے کو ضروری سمجھنے لگو۔

اس سے معلوم ہوا کہ ضروری قرار دینا شیطان کی رضا و خوشی کا باعث ہے محققین نے فرمایا ہے کہ جب مندوبات پر اصرار کرنے کا یہ حال ہے تو مباح پر اصرار کرنے کا تو کیا حال ہوگا اور میں کہتا ہوں کہ اگر معاصی پر اصرار کرے تو کیا حال ہوگا



Marfat.com

اور حدیث میں ہے کہ لعنت فرمائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سود لینے والے اور دینے والے کو اور قرض کے باب میں جو تہدیدیں آئی ہیں وہ مشہور و معروف ہیں وہ بلا ضرورت قرض لینے سے روکنے کے لیئے کافی ہیں۔ اور حدیث میں ہے کہ کسی شخص کا مال حلال نہیں ہے بدون اُن کی خوشدلی کے اس سے معلوم ہوا تبرعات میں جبر حرام ہے اور حدیث میں ہے کہ لعنت کرے اللہ تعالیٰ دیکھنے والے کو اور جس کی طرف دیکھا جاوے اس سے بے پردگی کی مذمت و حرمت ثابت ہوئی شرک کی مذمت کون نہیں جانتا۔ اور حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کسی عمل کے ترک کرنے کو کفر نہ سمجھتے تھے بجز نماز کے اور حدیث میں ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اُس ذات پاک کی کہ جان میری اس کے قبضہ میں ہے کہ میرا ارادہ یوں ہوا کہ اول لکڑیاں جمع کراؤں اور پھر نماز کے لئے اذان کہلواؤں پھر جو لوگ نماز میں حاضر نہیں ہوئے اُن کی طرف چلوں اور اُن کے گھروں کو جلا دوں۔

اس سے جماعت میں حاضر نہ ہونے کی کس درجہ سخت وعید معلوم ہوتی ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ ایک دوسرے کی مذمت کرو گناہ اور ظلم میں اور حدیث میں ہے کہ جب نیکی کرنے سے تیرا جی خوش ہو اور برا کام کرنے سے جی برا ہو پس تو مومن ہے اس سے معلوم ہوا کہ گناہ کو مستحسن سمجھنا اور اُس پر اصرار کرنا ایمان کا ویران کرنے والا ہے اور حدیث میں بالخصوص ان رسوم جہالت کی نسبت بہت سخت وعید آئی ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سب سے زیادہ مبغوض اللہ تعالیٰ کو تین شخص لوگوں کے ساتھ ہے ان میں سے ایک یہ بھی فرمایا کہ جو شخص اسلام میں آکر جاہلیت کی



Marfat.com

رسمیں برتنا چاہیے اور بہت احادیث مضامین مذکورہ کے موجود ہیں چونکہ ان خرابیوں کی برائی بدیہی[1] ہے اس لئے زیادہ دلائل قائم کرنے کی حاجت نہیں، اگر در خانہ کس است یک حرف بس است پس مسلمان کو فرض و واجب و مقتضائے ایمان و عقل یہ ہے کہ ان خرابیوں کی برائی جب عقلاً و نقلاً ثابت ہوگئی ہمت کرکے سب کو خیر باد کہے اور نام و بدنامی پر نظر نہ کرے، بلکہ تجربہ شاہد ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں زیادہ عزت و نیک نامی ہوتی ہے اور ان رسوم کی موقوفی کے دو طریق ہیں ایک تو یہ کہ سب برادری متفق ہوکر یہ سب بکھیڑے موقوف کردیں۔

دوسرا طریق یہ ہے کہ اگر کوئی اس کا ساتھ نہ دے تو خود ابتدا کرے دیکھا دیکھی اور لوگ بھی ایسا ہی کریں گے اسی طرح چند روز میں عام اثر پھیلے گا اور ابتدا کرنے کا ثواب اس شخص کو ملے گا اور مرنے کے بعد بھی وہ ثواب لکھا جایا کرے گا بعض لوگ کہتے ہیں کہ صاحب جس کو گنجائش ہو وہ کرے جس کو نہ ہو وہ نہ کرے اس کا جواب یہ ہے کہ اوّل تو گنجائش والوں کو بھی گناہ کرنا جائز نہیں جب ان رسوم کا معصیت ہونا ثابت ہوگیا پھر گنجائش سے اجازت کب ہوسکتی ہے، دوسرے یہ کہ جب گنجائش والے کریں گے تو ان کی برادری کے غریب آدمی بھی اپنی حفظ آبرو کے لئے ضرور کریں گے اس لئے ضروری امر اور مقتضائے یہی ہے کہ سب ہی ترک کردیں بعض لوگ کہتے ہیں کہ اگر یہ رسوم موقوف ہوجاویں تو پھر میل ملاپ کی کوئی صورت ہی نہیں اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو میل ملاپ کی مصلحت سے معاصی کا ارتکاب کسی طرح جائز نہیں ہوسکتا۔ پھر یہ کہ میل ملاپ اس پر موقوف بھی نہیں بلا پابندی رسوم اگر ایک دوسرے کے گھر جاوے یا اس کو بلاوے اس کو کھلاوے پلاوے کچھ امداد و سلوک

---

[1] ظاہر ہے ۱۲



Marfat.com

کہے جیسے یار دوستوں میں راہ رسم جاری ہے تو کیا یہ ممکن نہیں بلکہ اب تو ان رسموں کی بدولت بجائے محبت والفت کے جو کہ میل ملاپ سے اصلی مقصود ہے اکثر رنج و تکرار اور شکایت اور پرانے کینوں کا تازہ کرنا اور صاحب تقریب کی عیب جوئی اور تذلیل کے درپے ہونا اور اس طرح کی دوسری خرابیاں دیکھی جاتی ہیں اور چونکہ ایسا لینا دینا کھانا اور کھلانا عرفاً لازم ہو گیا ہے اس لئے کچھ فرحت و مسرت بھی نہیں ہوتی نہ دینے والے کو کہ وہ ایک بیگار سی اتارتا ہے نہ لینے والے کو کہ وہ اپنا حق ضروری یا معاوضہ سمجھتا ہے پھر لطف کہاں اس لئے ان تمام خرافات کا حذف کرنا واجب ہے منگنی میں زبانی وعدہ کافی ہے نہ حجام کی ضرورت نہ جوڑا اور نشانی اور شیرینی کی حاجت اور جب دونوں نکاح کے قابل ہو جاویں زبانی یا بذریعہ خط و کتابت کوئی وقت ٹھہرا کر دولہا کو بلا لیں ایک اس کا سرپرست اور ایک خدمت گزار اس کے ہمراہ کافی ہے نہ بری کی ضرورت اور نہ برات کی حاجت نکاح کر کے فوراً یا ایک آدھ روز مہمان رکھ کر اس کو رخصت کر دیں اور بقدر اپنی گنجائش کے جو ضروری اور کارآمد چیزیں جہیز میں دینا منظور ہوں بلا اعلان اس کے گھر بھیج دیں یا اپنے گھر اس کے سپرد کر دیں نہ سسرال کے جوڑوں کی ضرورت نہ چوتھی ہوڑوں کی حاجت اور جب چاہیں دلہن والے بلا لیں اور جب موقع ہو دولہا والے بلا لیں اپنے اپنے کمینوں کو فریقین بقدر گنجائش دیدیں نہ سر پر لاد رکھنا بھی کچھ ضرور نہیں بکھیر بھی فضول ہے اگر توفیق ہو شکریہ میں حاجت مندوں کو دو کسی کام کے لئے قرض مت کرو البتہ ولیمہ مسنون ہے وہ بھی خلوص نیت واختصار کے ساتھ نہ کہ فخر واشتہار کے ساتھ ورنہ ایسا ولیمہ بھی جائز نہیں حدیث میں ایسے ولیمہ کو شر الطعام فرمایا گیا ہے نہ ایسا ولیمہ



Marfat.com

جائز نہ اسکا قبول کرنا جائز اس سے معلوم ہو گیا ہو گا اکثر کھانے جو برادری کو کھلائے جاتے ہیں ان کا کھانا کھلانا کچھ جائز نہیں دیندار کو چاہیئے کہ نہ خود ان رسموں کو کرے اور جہاں تقریب میں یہ رسمیں ہوں ہرگز وہاں شریک نہ ہو صاف انکار کر دے برادری کنبہ کی رضا بمقابلہ اللہ تعالیٰ کی ناراضی کے روبرو کچھ کام نہ آوے گی واللہ الموفق بس نکاح ہو گیا

**تتمہ** ان ہی رسوم مذکورہ میں سے مغالاۃ فی المہر یعنی مہر کے زیادہ ٹھہرانے کی رسم ہے جو خلاف سنت ہے حدیث میں ہے فرمایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہ خبردار مہر بڑا کر مت ٹھہراؤ اس لئے کہ اگر یہ عزت کی بات ہوتی دنیا میں اور تقوی کی بات ہوتی اللہ کے نزدیک تو تمہارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اس کے زیادہ مستحق تھے مجھ کو معلوم نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی بی بی سے نکاح کیا ہو یا کسی صاحبزادی کا نکاح کیا ہو بارہ اوقیہ[1] سے زیادہ۔ پھر روایت کیا اس کو ترمذی وغیرہ نے۔

بعض کہتے ہیں کہ زیادہ مہر اس لئے مقرر کرتے ہیں تاکہ شوہر نہ چھوڑ سکے یہ عذر بالکل لغو ہے اول تو جن کو چھوڑنا ہوتا ہے چھوڑ ہی دیتے ہیں بلا سے جو کچھ بھی ہو اور جو مطالبہ مہر کے خوف سے نہیں چھوڑتے وہ چھوڑنے سے بدتر کر دیتے ہیں یعنی تطلیق کی جگہ تعلیق عمل میں لاتے ہیں کہ نکاح سے تو نہیں نکالتے مگر حقوق بھی ادا نہیں کرتے ان کا کوئی کیا کر لیتا ہے یہ سب عذر فضول ہیں۔ اصل یہ ہے کہ افتخار کے لئے ایسا کرتے ہیں کہ خوب شان ظاہر ہو سو فخر کے لئے کوئی کام کرنا گو اصل میں مباح ہو حرام ہوتا ہے چہ جائیکہ فی نفسہ بھی خلاف سنت اور مکروہ ہو وہ تو اور بھی ممنوع ہو جاوے گا مسنون تو یہی ہے کہ ڈیڑھ سو روپیہ کے قریب ٹھہرا لیں اور خیر اگر ایسا ہی زیادہ باندھنے کا شوق ہے تو ہر شخص کی وسعت کے موافق کر لیں اس سے زیادہ نہ کریں۔

[1] ڈیڑھ سو روپے ۱۲



Marfat.com

# نکاح حضرت فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا

اوّل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ و حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضور سے اس دولت عظمیٰ کی درخواست کی آپ نے صغر سنی کا عذر فرما دیا۔ پھر حضرت علی رضؓ نے اپنے اہل و خواص کے اصرار سے اور بحسب بعض روایات حضرت شیخین رضؓ کے ترغیب سے شرماتے ہوئے خود حاضر ہو کر زبانی عرض کیا آپ پر فوراً وحی نازل ہوئی اور آپ نے ان کی عرض کو قبول کر لیا۔

مؤلف کہتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ منگنی میں یہ تمام بکھیڑے جو آجکل رائج ہیں سب لغو اور خلاف سنت ہیں۔ پس زبانی پیغام جواب کافی ہے) اور اس وقت عمر حضرت فاطمہ رضؓ کی ساڑھے پندرہ سال کی اور حضرت علی رضؓ کی ۲۱ برس کی تھی۔

مؤلف اس سے معلوم ہوا کہ اس عمر کے بعد توقف نکاح میں اچھا نہیں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ دولھا دولہن کی عمر میں تناسب بھی ملحوظ رکھنا مناسب ہے اور بہتر یہ ہے کہ دولہا کسی قدر دولہن سے عمر میں بڑا ہو۔ حضور نے ارشاد فرمایا کہ اے انس رضؓ جاؤ اور ابوبکر و عمر و عثمان و طلحہ و زبیر اور ایک جماعت انصار کو بلا لاؤ۔

مؤلف اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نکاح کی مجلس میں اپنے خاص لوگوں کو مدعو کرنے میں کچھ مضائقہ نہیں اور حکمت اس میں یہ ہے کہ نکاح میں اشتہار و اعلان ہو جائے جو کہ مطلوب ہے مگر اس اجتماع میں غلو و مبالغہ نہ ہو وقت پر بلا تکلف جو دو چار آدمی قریب نزدیک کے ہوں جمع ہو جاویں یہ سب صاحب حاضر ہو گئے آپ نے ایک بلیغ خطبہ[1] پڑھ کر ایجاب و قبول کرا دیا۔

[1] الخطب بالولوہ میں وہ خطبہ نقل بھی کر دیا گیا ہے ۱۲

**مؤلف** اس سے معلوم ہوا کہ باپ کا چھپے چھپے پھرنا یہ بھی خلاف سنت ہے بلکہ بہتر یہ ہے کہ باپ خود اپنی دختر کا نکاح پڑھ دے کیونکہ یہ ولی ہے دوسرا وکیل ولی کو بہر حال وکیل سے ترجیح ہے اور چار سو مثقال[1] چاندی مہر مقرر ہوا۔ کذا فی تحفة الزوجین وغیرہا من الرسائل النبویة۔

**مؤلف** اس سے معلوم ہوا کہ مہر لمبا چوڑا ٹھیرانا بھی خلاف سنت ہے پس مہر فاطمی کافی وموجب برکت ہے اور اگر کسی کو وسعت نہ ہو اس سے بھی کم مناسب ہے پھر آپ نے ایک طبق خرما کا لے کر بکھیر دیا۔

**مؤلف** اس روایت کو ذہبی وغیرہ محدثین نے ضعیف کہا ہے اور غایت ما فی الباب سنت زائدہ ہوگا مگر قاعدہ شرعیہ ہے کہ جہاں امر مباح یا مستحب میں اقتران کسی مفسدہ کا ہو جاوے اس کو ترک کر دینا مصلحت ہے، اس معمول میں آج کل اکثر رنج وتکرار کی نوبت آجاتی ہے اس لئے تقسیم پر کفایت کریں حضورؐ نے حضرت فاطمہ رضؓ کو حضرت ام ایمن کے ہمراہ حضرت علی رضؓ کے گھر بھیجدیا۔

**مؤلف** صاحبو! یہ دونوں جہان کی شہزادی کی رخصت ہے جس میں نہ دھوم دھام نہ میانہ پالکی نہ بکھیر نہ آپؐ نے حضرت علی رضؓ سے کمینوں کا خرچ دلایا نہ کنبہ برادری نے کھانا کیا۔ ہم لوگوں کو بھی لازم ہے کہ اپنے پیغمبر سرزار دوجہاںؐ کی پیروی کریں اور اپنی عزت کو حضورؐ کی عزت سے بڑھ کر نہ سمجھیں۔ نعوذ باللہ منہ پھر حضورؐ پُرنور اُن کے گھر تشریف لائے اور حضرت فاطمہ رضؓ سے پانی منگایا وہ ایک پیالہ چوبیں میں پانی لائیں۔

---

[1] جس کی مقدار اس وقت انگریزی سکہ سے ۱۲ ماشہ کے روپیہ سے ڈیڑھ سو روپے ہوتے ہیں۔ ۱۲



Marfat.com

مؤلف اس سے معلوم ہوا کہ نئی دلہن کو شرم میں اس قدر مبالغہ کرنا کہ چلنا پھرنا اپنے ہاتھ سے کوئی کام کرنا عیب سمجھا جاوے یہ بھی سنت کے خلاف ہے حضورؐ نے اپنا آب دہن مبارک اس میں ڈالدیا اور حضرت فاطمہ رضؓ کو فرمایا کہ ادھر منہ کرو اور ان کے سینہ مبارک اور سر مبارک پر قدرے پانی چھڑکا اور دعا کی کہ الٰہی ان کو ان کی اولاد کو شیطان مردود سے آپ کی پناہ میں دیتا ہوں پھر فرمایا کہ ادھر پشت کرو اور آپ نے ان کے شانوں کے درمیان پانی چھڑکا اور پھر وہی دعا کی پھر حضرت علیؓ سے پانی منگایا اور یہی عمل ان کے ساتھ بھی کیا مگر پشت کی طرف پانی نہیں چھڑکا۔

مؤلف مناسب ہے کہ نکاح کے بعد دولھا دلہن کو ایک جگہ جمع کرکے یہ عمل کیا کریں کہ موجب برکت ہے۔ ہندوستان میں ایسی بری رسم ہے کہ باوجود نکاح ہو جانے کے بھی دولھا دلہن میں پردہ رہتا ہے اور ایک دوسرا عمل جو مشہور ہے کہ دولہن کے پاؤں دھو کر گھر میں جابجا پانی چھڑکا جاتا ہے۔ تذکرۃ الموضوعات میں اس کو موضوع قرار دیا ہے ۔) پھر ارشاد ہوا کہ بسم اللہ برکت کے ساتھ اپنے گھر جاؤ۔ اور ایک روایت ہے کہ نکاح کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد عشاء حضرت علی رضؓ کے گھر تشریف لائے اور ایک برتن میں پانی لے کر اس میں لعاب مبارک ڈالا اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھ کر دعا کی پھر حضرت علی رضؓ و حضرت فاطمہ رضؓ کو علی الترتیب حکم فرمایا کہ اسے پئیں اور وضو کرلیں پھر دونوں صاحبوں کے لئے دعاء تطہیر و تالیف برکت اولاد خوش نصیبی کی فرمائی اور فرمایا جاؤ آرام کرو۔

مؤلف اگر داماد کا گھر قریب ہو تو یہ عمل بھی کرنا موجب برکت ہے اور جہیز

حضرت سیدۃ النساءؓ کا یہ تھا دو چادر یمانی جو سوسی کے طور پر ہوتی تھیں دو نہالی جس میں السی کی چھال بھری تھی اور چار گدی دو بازوبند چاندی کے اور ایک کملی اور ایک تکیہ اور ایک پیالہ اور ایک چکی اور ایک مشکیزہ اور پانی رکھنے کا برتن یعنی گھڑا اور بعض روایتوں میں ایک پلنگ بھی آیا ہے۔ ازالۃ الخفا۔

مؤلف۔ صاحبو جہیز میں اس امر کا لحاظ رکھنا چاہیئے۔ اول اختصار کہ گنجائش سے زیادہ تردد نہ کرے۔ دوم ضرورت کا لحاظ جن چیزوں کی سردست ضرورت واقع ہوگی وہ دینا چاہیئے۔ سوم اعلان نہ ہونا کیونکہ یہ تو اپنی اولاد کے ساتھ صلہ رحمی ہے۔ دوسروں کو دکھلانے کی کیا ضرورت ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے جو اس روایت میں مذکور ہے تینوں امر ثابت ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کام اس طرح تقسیم فرمایا کہ باہر کا کام حضرت علیؓ کے ذمہ اور گھر کا کام حضرت فاطمہ رضؓ کے ذمہ۔

مؤلف معلوم نہیں ہندوستان کی شریف زادیوں میں گھر کے کاروبار سے کیوں عار کی جاتی ہے۔ پھر حضرت علی رضؓ نے ولیمہ کیا اور ولیمہ میں یہ سامان تھا جو چند صاع ایک صاع نمبری سیر سے ساڑھے تین سیر کے قریب ہوتا ہے اور کچھ خرما اور کچھ مالیدہ۔

مؤلف۔ پس ولیمہ کا مسنون طریق یہ ہے کہ بلا تکلف و بلا تفاخر اختصار کے ساتھ جس قدر میسر ہو جاوے اپنے خاص لوگوں کو کھلا وے۔



Marfat.com

# نکاح ازواج مطہرات

مہر حضرت خدیجہ رضہ پانسو درہم یا اس قیمت کے اونٹ تھے جو ابو طالب نے اپنے ذمہ رکھے اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا کوئی برتنے کی چیز تھی جو دس درم کی اور حضرت جویریہ رضہ کا چار سو درہم تھے اور حضرت ام حبیبہ رضہ کا چار سو دینار جو شاہ حبشہ نے اپنے ذمہ رکھے اور حضرت سودا رضہ کا چار سو درم تھے اور ولیمہ حضرت ام سلمہ رضہ کا قدر جو کا کھانا اور حضرت زینب رضہ بنت جحش کے ولیمہ میں ایک بکری ذبح ہوئی تھی اور گوشت روٹی لوگوں کو کھلائی گئی اور حضرت صفیہ رضہ کا جو کچھ صحابہ رضہ کے پاس حاضر تھا سب جمع کر لیا گیا یہی ولیمہ تھا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا خود فرماتی ہیں کہ نہ اونٹ ذبح ہوا نہ بکری سعد ابن عبادہ کے گھر سے ایک پیالہ دودھ کا آیا تھا بس وہی ولیمہ تھا۔

مؤلف اور مفصل حالات نکاح بنات مقدسات ازواج مطہرات کے کتب سیر میں مذکور ہیں۔ مگر اس مقام پر ایک نکاح کی مفصل حالت لکھ کر باقی عقود کے واقعات ہیں سے صرف بعض مہر و ولیمہ کے ذکر پر اکتفا کیا گیا کہ زیادہ غرض اس مقام پر یہ دکھلانا ہے کہ یہ تکلفات و اسرافات وغیرہ سب ہمارے سردار دو جہاں کے طریقہ محبوبہ مرضیہ مقبولہ کے خلاف ہے اور یہ غرض اس اجمال سے حاصل ہے اور ایک درم تخمیناً سوا چار آنہ کا ہوتا ہے اور ایک دینار دس درم کا اس سے معلوم ہو جائے گا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مہر کس قدر رکھا تھا اور کوئی شخص ناداری کی نا دلیل نہیں کر سکتا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اگر چاہتے

تو دنیا بھر کے خزائن آپ کے پائے مبارک پر تصدق کر دیئے جاتے اور چار سو دینار صرف ایک بی بی کا مہر ہوا سو وہ بھی ایک بادشاہ نے اپنے ذمہ لے لیا تھا۔ اس پر بھی وہ ہمارے ملک کے رواج سے پھر بھی بہت کم ہے۔ اہل اسلام پر لازم ہے کہ اسی طریقہ سے اپنا معمول مقرر کریں ورنہ کیوں خسر الدنیا والآخرۃ کے مصداق بنتے ہیں۔



Marfat.com

# نکاح کے مسائل

اب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ چند مسائل ضروری نکاح کے متعلق جن کی بہت ضرورت رہتی ہے لکھدیئے جائیں سب کو بالخصوص نکاح خواں قاضیوں کو ان کا یاد کر لینا ضروری ہے ان کے نہ جاننے سے اکثر اوقات نکاح میں خرابی ہو جاتی ہے۔

(۱) مسئلہ نابالغہ کا نکاح بدون اجازت ولی کے صحیح نہیں ہے اور خود اس منکوحہ کا زبان سے کہنا قابل اعتبار نہیں خواہ اس کا پہلا نکاح ہو یا دوسرا نکاح ہو۔

(۲) مسئلہ اگر نابالغہ کا نکاح ولی نے غیر کفو سے کر دیا سو اگر باپ یا دادا نے کسی ضروری مصلحت سے کیا ہے تو صحیح ہے بشرطیکہ ظاہر کوئی امر خلافِ مصلحت نہ ہو ورنہ صحیح نہ ہوگا اور اگر باپ دادا کے سوا کسی دوسرے ولی نے نکاح کیا ہے تو فتویٰ اس پر ہے کہ بالکل جائز نہ ہوگا۔

(۳) مسئلہ بالغہ کا نکاح بلا اجازت اس کے جائز نہیں پس اگر یہ اس کا دوسرا نکاح ہوتا ہے تب تو زبان سے اجازت لینی چاہئے۔ اور اگر پہلا نکاح ہے تو اگر اجازت لینے والا ولی ہے تب تو دریافت کرنے کے وقت اس کا خاموش ہو جانا ہی اجازت ہے اور اگر کوئی دوسرا شخص ہے تو اس کا زبان سے کہنا ضروری ہے بدون اس کے اجازت معتبر نہ ہوگی۔

(۴) مسئلہ بالغہ اگر بلا اجازت ولی کے خود اپنا نکاح کر لے کفو میں تو جائز ہے اور غیر کفو میں فتویٰ یہی ہے کہ بالکل جائز نہیں البتہ اگر کسی عورت کا کوئی ولی ہی



Marfat.com

نہ ہو اس کی کارروائی پر رضامند ہو تو غیر کفو میں جائز ہوگا۔

(۵) مسئلہ اگر ولی نے نابالغہ کا نکاح بلا اس کی اجازت کے کر دیا اور بعد میں وہ سنکر خاموش ہو گئی اب نکاح صحیح ہو گیا اور اگر غیر ولی نے ابتداءً اجازت لی تھی مگر وہ خاموش ہو گئی تو اس وقت نکاح صحیح نہ ہوگا لیکن اگر صحبت کے وقت اس کی ناراضی ظاہر نہ ہوئی تو وہ نکاح اب صحیح ہو جاویگا۔

(۶) مسئلہ ایجاب و قبول کے الفاظ ایسی بلند آواز سے کہنے چاہئیں کہ گواہ اچھی طرح سن لیں۔

(۷) مسئلہ ولی سب سے اول باپ ہے پھر دادا۔ پھر حقیقی بھائی پھر علاتی بھائی، پھر ان کی اولاد اسی ترتیب سے پھر حقیقی چچا پھر علاتی چچا پھر چچازاد بھائی اسی ترتیب سے اور عصبات ترتیب فرائض کے جب کوئی عصبہ نہ ہو تو ماں پھر دادی پھر نانا پھر حقیقی بہن پھر اخیافی بھائی بہن پھر پھوپی پھر ماموں پھر خالہ پھر چچازاد بہن پھر اور ذوی الارحام۔

(۸) مسئلہ ولی قریب کے ہوتے ہوئے ولی بعید کو ولایت نہیں پہنچتی۔

(۹) مسئلہ طلاق تین طرح پر ہے رجعی۔ بائن۔ مغلظ۔ رجعی میں عدت کے اندر اگر شوہر نے رجوع کر لیا نکاح باقی رہے گا۔ دوسرے سے نکاح جائز نہیں۔ اگر عدت کے اندر رجعت نہ کی تو نکاح جاتا رہے گا۔ بعد عدت کے اس عورت کا دوسرے شخص سے نکاح جائز ہے اور بائن اور مغلظ میں رجوع جائز نہیں ہے مگر عدت کے اندر دوسرے شخص سے نکاح جائز نہیں البتہ بعد عدت جائز ہے۔

سلہ طلاق بائن میں اسی شوہر سے عدت میں اور بعد عدت ہر وقت نکاح جائز ہے ۱۲۔



Marfat.com

(۱۰) مسئلہ عدت کی تفصیل یہ ہے کہ اگر بی بی شوہر کے پاس نہیں بھیجی گئی اور شوہر نے طلاق دیدی تو عدت بالکل واجب نہیں اور اگر شوہر کے پاس بھیجی گئی ہے سو اگر ابھی اس کو حیض شروع نہیں ہوا یا عمر زیادہ ہونے سے حیض بند ہو گیا اور اس کو طلاق دی گئی ہے تو اس کی عدت تین ماہ ہے اور اگر اس کو حیض آتا ہے تو تین حیض ہے اور اگر اس کو حمل ہے تو عدت اس کی یہ ہے کہ بچہ پیدا ہو جاوے اور اگر شوہر مر گیا ہے تو اس وقت سب کی عدت چار مہینے دس دن ہیں مگر حمل والی کی عدت یہاں بھی بچہ کا پیدا ہونا ہے۔

غرض جس عورت کی جو عدت ہو اس عدت کے اندر دوسرا نکاح جائز نہیں جو عورت کافر مسلمان ہو جاوے اور اس کا خاوند مسلمان نہ ہو تو اس کا حکم مثل طلاق کے ہے، اس میں بھی عدت واجب ہے۔ جب تک تین حیض اس وقت سے نہ آجاویں یا اگر حمل والی ہو تو جب تک بچہ پیدا نہ ہو جاوے کسی شخص سے اس کا نکاح جائز نہیں اس میں اکثر لوگ احتیاط نہیں کرتے۔

(۱۱) مسئلہ نکاح کے وقت یہ بھی تحقیق کر لینا ضرور ہے کہ ناکح منکوحہ میں علاقہ حرمت نسبی یا رضاعی کا تو نہیں۔



Marfat.com

# حجاب کے مسائل

(۱) مسئلہ مرد کو ناف سے زانو کے نیچے تک بدن ڈھانکنا فرض ہے مردوں سے اور عورتوں سے بھی بجز اپنی بی بی کے کہ اس سے کوئی عضو ڈھانکنا ضروری نہیں گو بلا ضرورت بدن دکھانا خلاف اولیٰ ہے۔

(۲) مسئلہ عورت کو عورت کے روبرو بھی ناف سے نیچے زانو تک بدن کھولنا جائز نہیں اس سے معلوم ہوا کہ بعضی عورتیں جو نہاتے وقت دوسری عورت کے روبرو ننگی بیٹھ جاتی ہیں یہ بالکل گناہ ہے۔

(۳) مسئلہ عورت کو اپنے محرم شرعی کے روبرو ناف سے زانو تک اور کمر اور شکم کھولنا حرام ہے باقی سر اور چہرہ اور بازو اور پنڈلی کھولنا گناہ نہیں گو بعض اعضاء کا بلا ضرورت ظاہر کرنا مناسب بھی نہیں اور محرم شرعی وہ ہے جس سے عمر بھر کسی طرح نکاح صحیح ہونے کا احتمال نہ ہو مثلاً باپ۔ بیٹا حقیقی بھائی یا علاتی بھائی یعنی باپ دونوں کا ایک ہو اور ماں دو ہوں یا اخیافی بھائی یعنی ماں ایک ہو اور باپ دو ہوں۔ یا ان بھائیوں کی اولاد یا انہیں تین طرح کی بہنوں کی اولاد اور مثل ان کے جس جس سے ہمیشہ کے لئے نکاح حرام ہو اور جس سے عمر میں کبھی نکاح صحیح ہونے کا احتمال ہو وہ شرعاً محرم نہیں بلکہ نامحرم ہے اور جو حکم شریعت میں محض اجنبی اور غیر آدمی کا ہے وہی ان کا ہے۔ گو کسی قسم کا رشتہ قرابت کا رکھتا ہو جیسے چچا کا یا پھوپی کا بیٹا یا ماموں کا یا خالہ کا بیٹا یا دیور یا بہنوئی یا نندوئی وغیرہم یہ سب نامحرم ہیں ان سے وہی پردہ ہے جو نامحرم سے ہوتا ہے۔ چونکہ[۱]

[۱] چونکہ ایسے لوگوں سے فتنہ کا واقع ہونا آسان ہے اس وجہ سے ان لوگوں سے خاص احتیاط رکھی جائے یعنی زیادہ خلا ملا نہیں کیا جائے ۱۲۔

ایسے موقعوں پر فتنہ کا واقع ہونا سہل ہے اور زیادہ احتیاط کا حکم ہے۔
(۴) مسئلہ علماء نے فساد زمانے کو دیکھ کر بعض محرموں کو مثل نامحرموں کے قرار دیا ہے بوجہ انتظام واحتیاط کے جیسے جوان خسر اور جوان عورت کا داماد اور شوہر کا بیٹا اس کی دوسری بی بی سے اور دودھ شریک بھائی وغیرہم اہل تجربہ کو معلوم ہے جو کچھ ایسے علاقوں میں فتنہ وفساد واقع ہو رہے ہیں۔
(۵) مسئلہ جو شرعاً نامحرم ہو اس کے روبرو سر اور بازو اور پنڈلی وغیرہ بھی کھولنا حرام ہے اور اگر بہت ہی مجبوری ہو مثلاً عورت کو ضروری کاروبار کے لئے باہر نکلنا پڑتا ہے، یا کوئی رشتہ دار کثرت سے گھر میں آتا جاتا رہتا ہے اور گھر میں تنگی ہے کہ ہر وقت کا پردہ نبھ نہیں سکتا ایسی حالت میں جائز ہے کہ اپنا چہرہ اور دونوں ہاتھ کلائی کے جوڑ تک اور دونوں پاؤں کے ٹخنے کے نیچے تک کھولے رکھے اور اس کے علاوہ اور کسی بدن کا کھولنا جائز نہ ہوگا۔ پس ایسی عورتوں کو لازم ہے کہ سر کو خوب ڈھانکیں کرتہ بڑی آستین کا پہنیں پاجامہ غرارہ دار نہ پہنیں اور کلائی اور ٹخنے نہ کھلنے پاویں کوئی مجبوری نہ ہو تو اتنا بھی ظاہر نہ کریں بلکہ گھر میں بیٹھیں اور بضرورت شرعی یا طبعی نکلیں تو برقعہ پہنیں جیسے شرفاء میں معمول ہے گو بعض ناعاقبت اندیش اس پردہ کو بھی اڑانا چاہتے ہیں اور اس کو خلاف شرع بتاتے ہیں مگر واقع میں شرعاً وعقلاً یہ مامور بہ ہے چنانچہ تفصیل مسئلہ پردہ کی بوجہ احسن رسالہ لطائف رشیدیہ مصنفہ حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی نے لکھی ہے اور اس میں یہ مسئلہ نہایت بسط ووضاحت سے مذکور ہے جس کا جی چاہے دیکھ لے۔
(۶) مسئلہ جس عضو کا ظاہر کرنا جائز نہیں جس کی تفصیل اوپر گزر چکی ہے اس کو



Marfat.com

مطلقاً دیکھنا حرام ہے گو شہوت بالکل نہ ہو اور جس عضو کا ظاہر کرنا اور نظر کرنا جائز ہے اس میں یہ قید ہے کہ شہوت کا اندیشہ نہ ہو اور اگر ذرا شک بھی ہو تو دیکھنا اس وقت حرام ہے۔ اب یہاں سے سمجھئے کہ عجوزہ ضعیفہ جس کی طرف اصلا احتمال رغبت کا نہ ہو اس کا چہرہ تو دیکھنا جائز ہوگا مگر سر اور بازو وغیرہ دیکھنا جائز نہ ہوگا ایسی عورتیں گھروں میں اس کی احتیاط نہیں کرتیں اپنے اپنے نامحرم رشتہ داروں کے روبرو ننگے سر بے آستین کا کرتہ پہنے بیٹھی رہتی ہیں اور خود بھی گنہگار ہوتی ہیں اور مردوں کو بھی گنہگار کرتی ہیں۔

(۷) مسئلہ جس عضو کا دیکھنا حرام ہے اگر معالجہ کی ضرورت سے دیکھا جائے جائز ہے۔ بشرطیکہ نظر اس سے نہ بڑھاوے۔

(۸) مسئلہ جو شخص شرعاً نامحرم ہے اس کا اور عورت کا تنہا مکان میں ہونا حرام ہے اسی طرح اگر تنہائی نہ ہو بلکہ دوسری عورت موجود ہو مگر وہ بھی نامحرم ہو تب بھی مرد کا اس مکان میں ہونا جائز نہیں البتہ اگر اس عورت کا کوئی محرم یا شوہر یا اس مرد کی کوئی محرم عورت یا زوجہ بھی اس مکان میں ہو تو مضائقہ نہیں۔

(۹) مسئلہ جس[1] عضو کا دیکھنا جائز ہے اور چھونے میں اندیشہ شہوت کا ہے۔ تو دیکھنا جائز ہوگا اور چھونا حرام ہوگا۔ البتہ ضرورت علاج معالجہ کی مستثنیٰ ہے لیکن حتی المقدور اپنے خیال کو ادھر ادھر بانٹ دے دل میں خیال فاسد نہ آنے دے

(۱۰) مسئلہ اگر قابلہ[2] یعنی بچہ جنانے والی کافر ہو زچہ کو اس کے روبرو جس قدر بدن کھولنے کی ضرورت ہے، اس کا کھولنا بھی جائز نہ ہوگا۔ اس ملک کی عورتیں اکثر

[1] جس عضو کا دیکھنا جائز نہیں چھونا بھی جائز نہیں ۱۲۔ [2] دائی ۱۲ [3] بڑھیا عورت

مہترانیوں کے یا مالنوں کے آنے جانے میں اس کی احتیاط نہیں کرتیں۔

(۱۱) مسئلہ اگر قابلہ یعنی بچہ جنانے والی کافرہ ہو زچہ کو اس کے روبرو جس قدر بدن کھولنے کی ضرورت ہے اس کا کھولنا تو جائز ہے باقی سر اور بازو کھولنا ناجائز ہے۔

(۱۲) مسئلہ نامحرم مرد و عورت میں باہم ہمکلامی بھی بلا ضرورت ممنوع ہے اور ضرورت میں بھی فضول باتیں نہ کرے نہ ہنسے نہ مذاق کی کوئی بات کرے نہ اپنے لہجہ کو کم کر کے گفتگو کرے۔

(۱۳) مسئلہ گانے کی آواز مرد کی عورت کو یا عورت کی مرد کو سننا دونوں ممنوع ہیں اس سے معلوم ہوا یہ جو بعض جگہ عادت ہے کہ بعضے رسمی واعظ مناجات یا قصیدہ آواز بنا کر عورتوں کو سناتے ہیں یہ بہت برا ہے۔

(۱۴) فقہا نے نامحرم جوان عورت کو سلام کرنے یا سلام لینے سے منع کیا ہے۔

(۱۵) مسئلہ مرد کا جھوٹا کھانا پینا نامحرمہ کو اور عورت کا جھوٹا نامحرم مرد کو جبکہ احتمال التذاذ کا ہو مکروہ ہے۔

(۱۶) مسئلہ اگر نامحرم کا لباس وغیرہ دیکھ کر طبیعت میں میلان پیدا ہوتا ہو اس کو بھی دیکھنا حرام ہے۔

(۱۷) مسئلہ جو لڑکی نابالغ ہو مگر اس کی طرف مرد کو رغبت ہوتی ہو اس کا حکم مثل عورت بالغہ[1] کے ہے۔

(۱۸) مسئلہ جس طرح بری نیت سے نامحرم کی طرف نظر کرنا اس کی آواز سننا اس سے بولنا اس کو چھونا حرام ہے اسی طرح اس کا خیال دل میں جمانا

[1] یعنی پردہ کرے ۱۲

اور اس سے لذت لینا بھی حرام ہے اور یہ قلب کا زنا ہے۔

(۱۹) مسئلہ اسی طرح نامحرم کا ذکر کرنا یا ذکر سننا یا اس کا فوٹو دیکھنا یا اس سے خط و کتابت کرنا غرض جس ذریعہ سے خیالات فاسد پیدا ہوتے ہوں یہ سب حرام ہیں۔

(۲۰) مسئلہ جس طرح مرد کو اجازت نہیں کہ نامحرم عورت کو بلا ضرورت دیکھے بھالے اسی طرح عورت کو بھی جائز نہیں کہ بلا ضرورت نامحرم کو جھانکے پس اس سے معلوم ہوا کہ یہ جو عورتوں کی عادت ہے کہ دولہا کو یا برات کو جھانک جھانک کر دیکھتی ہیں یہ بری بات ہے۔

(۲۱) مسئلہ ایسا باریک کپڑا پہننا جس میں بدن جھلکتا ہو مثل برہنہ ہونے کے ہے حدیث میں ایسے کپڑے کی مذمت آئی ہے۔

(۲۲) مسئلہ مرد کو غیر عورت سے بدن دلوانا جائز نہیں۔

(۲۳) مسئلہ بجتا ہوا زیور جس کی آواز نامحرم کے کان میں جائے یا ایسی خوشبو جس کی مہک غیر محرم کے دماغ تک پہنچے استعمال کرنا عورتوں کو جائز نہیں یہ بھی بے پردگی میں داخل ہے اور جو زیور خود نہ بجتا ہو مگر دوسری چیز سے لگ کر آواز دیتا ہو ایسے زیور میں یہ احتیاط واجب ہے کہ پاؤں زمین پر آہستہ رکھے تاکہ افشا نہ ہو۔

(۲۴) مسئلہ چھوٹی لڑکی کو بھی بجتا زیور نہ پہناوے۔

(۲۵) مسئلہ پیر بھی اگر نامحرم ہو تو مثل دوسرے نامحرم مردوں کے ہے اس کے روبرو بلا حجاب آجانا برا ہے البتہ اگر وہ بہت بوڑھا ہو مریدنی بہت



Marfat.com

بڑھیا ہو تو صرف چہرہ اور دونوں ہتھیلیاں اور دونوں پاؤں ٹخنے سے نیچے کھول دینا جائز ہے مگر باقی اعضا دکھلانا یا تنہائی میں اس کے پاس بیٹھنا جائز نہیں۔

(۲۶) **مسئلہ** جس عضو کو حیات میں دیکھنا جائز نہیں بعد موت کے بھی جائز نہیں اور اسی طرح بدن سے جدا ہونے کے وقت بھی جائز نہیں اسی طرح زیر ناف کے بالوں کو یا عورت کے سر کے بالوں کو بھی اُترنے یا ٹوٹنے کے بعد دیکھنا مرد کو جائز نہیں اس سے معلوم ہوا کہ عورتیں جو کنگھی کر کے بالوں کو ویسے ہی پھینک دیتی ہیں کہ عام طور سے سب کی نگاہ سے گزرتے ہیں۔ یہ جائز نہیں

(۲۷) **مسئلہ** ہیجڑا یا خواجہ سرا یا عنین سب کا حکم مثل نامحرم مرد کے ہے اسی کی احتیاط ان سے لازم ہے۔

(۲۸) **مسئلہ** امرد یعنی بے ریش لڑکا بعض احکام میں مثل اجنبی عورت کے ہے۔ یعنی وقت اندیشہ شہوت کے اس کی طرف دیکھنا اس سے مصافحہ یا معانقہ کرنا اس کے پاس تنہائی میں بیٹھنا اس کا گانا سننا یا اس کے موجود ہوتے ہوئے گانا سننا یا اس سے بدن دلوانا اس سے بہت پیار اخلاص کی باتیں کرنا یہ سب حرام ہے۔

(۲۹) **مسئلہ** عورتوں کو پردہ کی وجہ سے سفر میں نماز قضا کرنا جائز نہیں اور نہ گاڑی میں بیٹھے بیٹھے نماز پڑھنا درست ہے بلکہ چادر یا برقعہ پہن کر نیچے اتر کر کھڑے ہو کر نماز پڑھنا واجب ہے۔ برقعہ کا پردہ ایسے وقت پر کافی ہے۔

(۳۰) **مسئلہ** سفر میں اگر کوئی مرد محرم ہمراہ نہ ہو تو عورت کو سفر کرنا حرام[1] ہے۔

(۳۱) **مسئلہ** عورت کو مساجد یا مقابر پر جانا مکروہ ہے البتہ بہت بڑھیا

[1] اگرچہ حج کا ہی سفر کیوں نہ ہو۔ یعنی بغیر محرم کے حج کا سفر بھی تنہا صحیح نہیں ہے ۱۲



Marfat.com

کو مسجد میں حاضر ہونا جائز نہ ہے۔

(۳۲) مسئلہ بعضے لوگ جوان لڑکیوں کو اندھے یا بینا[1] مردوں سے پڑھواتے ہیں۔ یہ بالکل خلاف شریعت ہے۔

# ساتویں فصل

منجملہ ان رسوم کے بیوہ عورتوں کے نکاح ثانی کو عار سمجھنا ہے جس میں مسلمانان ہند اور شرفا خصوصاً مبتلا ہیں شرعاً و عقلاً جیسا نکاح اول ویسا نکاح ثانی دونوں میں فرق سمجھنا محض بے وجہ ہے صرف کفار ہند کے اختلاط سے اور کچھ جائداد کی محبت سے یہ خیال فاسد جم گیا ہے جس کو بناء الفاسد کہنا زیبا ہے مقتضائے ایمان اور عقل یہ ہے کہ جس طرح نکاح اول بے روک ٹوک کر دیتے ہیں اسی طرح نکاح ثانی بھی کر دیا کریں اگر نکاح ثانی سے دل تنگ ہو جاتا ہے تو نکاح اول سے کیوں نہیں ہوتا بلکہ اس کو عیب سمجھنے میں خوف کفر ہے کہ حکم شرعی کو باعث توہین و تحقیر سمجھتا ہے ترویج نکاح ثانی میں کوشش کرتے ہیں۔ جواب یہ ہے کہ بعض حالات میں نکاح ثانی بھی مثل نکاح اول کے فرض ہے مثلاً عورت جوان ہے قرائن سے طبیعت میں تقاضا معلوم ہوتا ہے۔ تجرد میں اندیشہ فساد ہے یا نان و نفقہ کی تنگی ہے اور افلاس میں آبرو اور دین کے ضائع ہونے کا احتمال ہے تو بیشک ایسی عورت کا نکاح ثانی کرنا فرض ہوگا اور اگر ایسی نہ بھی ہو تب بھی چونکہ تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ جس عمل سے دل میں تنگی اور انقباض پیدا ہو جاتا ہے اور اس کو موجب عار و ننگ سمجھنے لگتے ہیں تا وقتیکہ اس عمل کو عام طور پر شائع نہ کیا جاوے وہ تنگی دل

[1] آنکھوں والے



Marfat.com

سے نہیں نکلتی اس سے اصل مقصود علماء کا تو یہی ہے کہ اس کو عیب نہ سمجھیں مگر چونکہ یہ موقوف ہے اس کے عمل میں لانے پر اس لئے ترویج علمی میں کوشش کرنا ضروری جانتے ہیں اور وانفع میں بھی ضروری ہے۔

# آٹھویں فصل

منجملہ ان رسوم کے طالب علموں کا بڑے بڑے عہدوں کے حاصل کرنے کے لئے باوجود ضائع ہونے دین کے انگریزی پڑھنا یا معقول و فلسفہ میں دینیات سے زیادہ توغل وانہماک کرنا ہے۔ چونکہ ان دونوں چیزوں کا ضرر رساں ہونا تجربہ ومشاہدہ سے ثابت ہو چکا ہے اس لئے داخل وعید قرآنی ہو کر واجب المنع ٹھہریں گے۔ قال اللہ تعالیٰ ویتعلمون ما لا یضرھم ولا ینفعھم ہر چند کہ محصلان انگریزی یہ کہتے ہیں کہ انگریزی ایک زبان ہے اس میں کیا برائی ہے مگر یہ نہیں سمجھتے کہ اس سے غایت ما فی الباب خود اس کی اباحت ذاتی ثابت ہوتی ہے اور بس لیکن مباح جب ذریعہ معصیت کا ہو جاوے یا بہ نیت ارتکاب معصیت کے اس کو اختیار کیا جاوے تب تو مباح معصیت ہو جاتا ہے مثلاً چلنا فی نفسہ مباح ہے مگر جب بہ نیت چوری کرنے کے چلے عقلاً ونقلاً اسوقت یہ چلنا ضرور حرام ہو جاوے گا اور ظاہر ہے کہ یہ جو بڑے بڑے پاس حاصل کئے جاتے ہیں ان سے بجز اس کے کہ بڑے بڑے عہدے اور منصب جو بالکل خلاف شرع ہیں حاصل کئے جاویں اور کوئی بھی غرض نہیں جب وہ معصیت ہیں تو کوئی زبان جب اس کا ذریعہ بنایا جاوے کیونکر معصیت نہ

ہو گی تو اگر اس میں اور مفاسد بھی نہ ہوتے جو کہ غالب الوقوع ہیں جیسے کہ دین کی پرواہ نہ رہنا عقائد میں فساد آجانا نخوت و ترفع و تکبر و طول امل کا پیدا ہو جانا وغیرہ وغیرہ اور دینیات کا ہر طرح سے پابند رہنا علم و عمل دونوں درست رہتے تب بھی بوجہ نیت مذکورہ کے اس کی تحصیل حرام ہوتی اور جب سب جمع ہو جاویں۔ تب تو کچھ پوچھنا ہی نہیں البتہ اگر اپنی کارروائی روزمرہ کے لئے پڑھے یا ضرورت دینیہ کے لئے پڑھے اس وقت یہ وجہ حرمت کی نہ رہیں گی مگر اس میں کسی پاس وغیرہ حاصل کرنے کی ضرورت نہیں۔ صرف استعداد کافی ہے اگر کوئی شخص ایسا دعوے کرے تو اس کے صدق و کذب کا معیار و امتحان یہی ہے کہ اگر پاس حاصل کرنے کی کوشش نہ کرے تو سچا ہے ورنہ جھوٹا اسی طرح معقولات کے توغل سے اکثر فساد عقیدہ اور نخوت و کبر و عدم مبالاۃ فی الدین وغیرہ یہ خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس عارض کی وجہ سے کہ شل لازم ہے وہ بھی حرام ہوگا اگر یہ امور بھی نہ ہوں تو اکثر نیت اس کی تحصیل مباہات و حصول جاہ ہوا کرتا ہے کہ کوئی شخص ناقص التحصیل سمجھ کر حقیر نہ جانے تو اس حالت میں ذریعہ معصیت ہونے سے معصیت ہو جاوے گا البتہ اگر ان سب غوائل سے پاک ہو تو مضائقہ نہیں مگر قدر ضروری پر اکتفا کرنا واجب ہوگا۔

## نویں فصل

منجملہ ان رسوم کے بعض مصنفین اور اہل مطابع کا حق تالیف یا نخشہ بیچنا یا خریدنا تار اور رجسٹری کرنا ہے چونکہ حق محض شرعاً مملوک نہیں جیسا

کہ اہل حدیث و فقہ پر ظاہر ہے اس لئے اس میں کوئی تصرف مالکانہ کرنا اور دوسروں کو اس متنفع ہونے سے روکنا سب حرام اور معصیت ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ مت کھاؤ اپنے مالوں کو اپنے آپس میں غیر مشروع طریقہ سے۔

# دسویں فصل

منجملہ ان رسوم کے اکثر تاجروں اور ثقہ لوگوں کا بلکہ بعض اہل علم و اہل فقر کا کھیل تماشوں کے مجمع میں تفریح کے لئے چلا جاتا ہے۔ مثل گھوڑ دوڑ، اکھاڑہ، کشتی و نمائش گاہ و میلہ ہنود یا تھیٹر وغیرہ چونکہ ایسے مجمعوں میں اکثر امور خلاف شرع واقع ہوتے ہیں۔ ڈھول نقارہ وغیرہ سے خالی نہیں ہوتے بازاری عورتوں کی آمد و رفت سے پاک نہیں ہوتے ہیں۔ گھوڑ دوڑ میں قمار بھی ہوتا ہے۔ کشتی میں گھٹنا ران پہلوانوں کے کھلے ہوتے ہیں۔

میلۂ کفار میں تو کفریات کا اجتماع محتاج بیان نہیں اس لئے ایسے مجمعوں میں جانا معاصی و کفریات کی تائید اور ترویج کرنا اور مجمع فسق و کفر بڑھانا ہے۔

حدیث میں ہے جو شخص بڑھاوے مجمع کسی قوم کا وہ انہیں میں سے ہے۔ حتےٰ کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو لب سڑک بیٹھک مقرر کرنے سے منع فرمایا تھا۔ کیونکہ ایسے مواقع میں آدمی معصیت سے بچ نہیں سکتا۔ اسی طرح قرب قیامت میں ایک لشکر کے دھنسنے کی



Marfat.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر سنائی جو خانہ کعبہ کی اہانت کے لئے آتا ہوگا حضرت امہ سلمہ رضؓ نے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان میں تو دوکاندار لوگ بھی ہوں گے۔ آپ نے فرمایا کہ اس وقت سب دھنس جاویں گے۔

تاجرو شاید تم ضرورت کا عذر کرتے تو یہ حدیث سُن لو اور اللہ خیر الرازقین آیت قرآنی پڑھ کر اپنی تسلی کر لو۔



Marfat.com

# تیسرا باب

## پہلی فصل

منجملہ ان رسوم کے مولد شریف کی محفل ہے اس کی تین صورتیں ہیں اور ہر ایک کا جدا حکم ہے۔

پہلی صورت وہ محفل جس میں قیود مروجہ متعارفہ میں سے کوئی قید نہ ہو نہ قید مباح نہ قید مکروہ سب قیود سے مطلق ہو۔ مثلاً کچھ لوگ اتفاقاً جمع ہو گئے کسی نے ان کو اہتمام کر کے نہیں بلایا یا کسی اور مباح ضرورت سے بلائے گئے تھے اس مجمع میں خواہ کتاب سے یا زبانی حضور پُر نور سرور عالم فخر آدم صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات ولادت شریفہ و دیگر اخلاق و شمائل و معجزات و فضائل مبارک صحیح روایات سے بیان کر دیا گیا اور اثنائے بیان میں اگر ضرورت امر بالمعروف بیان احکام کے دیکھی جاوے تو اس میں بھی دریغ نہیں کیا گیا یا اصل میں اجتماع استماع وعظ و احکام کے لئے ہو اس کے ضمن میں ان وقائع شریفہ و فضائل کا بیان بھی آ گیا۔ یہ وہ صورت ہے کہ بلا نکیر جائز بلکہ مستحب سنت ہے۔ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حالات و کمالات اسی طریق سے بیان فرمائے ہیں۔ اور آگے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے ان کو روایت کیا جس کا سلسلہ محدثین میں آج تک بفضلہ تعالیٰ جاری ہے۔ اور تا بقائے دین رہے گا۔

دوسری صورت۔ وہ محفل جس میں قیود غیر مشروعہ موجود ہوں جو کہ اپنی ذات



Marfat.com

میں بھی قبیح و معصیت ہیں۔ مثلاً روایات موضوعہ خلاف واقعہ بیان کی جاویں یا خوش رو خوش الحان لڑکے اس میں غزل خوانی کریں یا رشوت یا سود وغیرہ کا حرام مال اس میں خرچ کیا جاوے یا حد ضرورت سے زیادہ اس میں روشنی فرش و آرائش مکان وغیرہ کا تکلف کیا جاوے یا لوگوں کو جمع کرنے کا اہتمام بہت مبالغہ سے کیا جاوے کہ اس قدر اہتمام نماز و جماعت و وعظ کے لئے بھی نہ ہوتا۔ یا نثر و نظم میں حضرت حق تعالیٰ شانہ یا حضرات انبیاء علیہم السلام یا حضرت ملائکہ علیہم السلام کی توہین و گستاخی صراحتہً یا اشارۃً کی جاوے یا اس مجمع میں جانے سے نماز یا جماعت فوت ہو جاوے یا وقت تنگ ہو جاوے یا اس کا قوی احتمال ہو یا بانی مجلس کی نیت شہرت و تفاخر کی ہو یا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو وہاں حاضر ناظر جانا جاوے یا کوئی اور امر اسی قسم کا خلاف شرع اس میں پایا جاوے۔ یہ وہ صورت ہے جو اکثر عوام و جہلا میں شائع و ذائع ہے اور شرعاً بالکل ناجائز و گناہ ہے۔

ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ نے جس شخص نے جھوٹ بولا مجھ پر جان کر پس اس کو اپنا ٹھکانا دوزخ میں ڈھونڈھ لینا چاہئیے۔ اور ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آدمی کو جھوٹا بولنے کے لئے یہ کافی ہے کہ جو سنا کرے اس کو بیان کر دیا کرے۔ روایت کیا اس کو مسلم نے ان حدیثوں سے معلوم ہوا کہ روایات کے بیان کرنے میں بڑی احتیاط کرنا چاہئیے۔ بدون علم و تحقیق کے بیان کرنا گناہ ہے خصوصاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کسی غلط امر کا منسوب کرنا سخت ہی وبال ہے۔ اور حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ارشاد



Marfat.com

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ گانا جماتا ہے نفاق کو قلب میں جس طرح جماتا ہے پانی زراعت کو روایت کیا اس کو بیہقی نے اس حدیث سے گانے کی مذمت معلوم ہوئی بالخصوص جہاں احتمال فتنہ کا ہو جیسے کہ خوشرو عورت کا گانا۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ پاک ہیں۔ نہیں قبول کرتے مگر پاک حلال مال کو۔ اور اسی روایت میں ہے کہ ایک شخص بڑا سفر دراز کرے اور اس کے بال بھی پریشان ہیں اور بدن و لباس بھی میلا ہے اور اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف بڑھا بڑھا کر یارب یارب کرتا ہے (یعنی تمام سامان قبولیت دعا کے بظاہر مجتمع ہیں) مگر ساتھ ہی اس کے یہ ہے کہ اس کا کھانا حرام اور پانی حرام اور لباس حرام اور حرام ہی سے غذا دیا گیا پس ایسے شخص کی کی دعا کب قبول ہو۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کیسے ہی خلوص سے کوئی عبادت کرے مگر حرام مال سے سب اکارت ہو جاتا ہے بلکہ حرام مال لگانے کا گناہ اس کے اوپر جو رہتا ہے وہ جدا۔

اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ تم اسراف مت کرو اور فرمایا کہ بیشک فضول اڑانے والے شیطان کے بھائی ہیں۔ اور شیطان اپنے رب کا ناشکر گذار ہے جس صرف میں کوئی مشروع غرض نہ ہو وہ سب اس میں داخل ہو گیا خواہ روشنی ہو یا اور تکلفات ہوں لباس و وضع غیر مشروع کے باب میں جو حدیثیں آئی ہیں سو وہ باب اول میں مذکور ہو چکی ہیں۔ حاجت اعادہ کی نہیں۔

حضرت حذیفہ رضؓ سے روایت ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قسم اس ذات کی کہ جان میری اس کے قبضہ میں ہے کہ تم لوگ یا تو

امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرتے رہو نہیں تو عنقریب بھیجے گا اللہ تعالیٰ عذاب تم پر اپنے پاس سے پھر تمہاری یہ حالت مردودیت کی ہوجاوے گی کہ تم اس سے دعا کروگے اور قبول نہ ہوگی۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے حضرت حسن رضہ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان بن ابی العاص کسی ختنہ میں بلائے گئے۔ آپ نے انکار فرما دیا کسی نے دریافت کیا آپ نے فرمایا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں ہم لوگ ختنہ میں نہیں جاتے تھے اور نہ اس کے لیے بلائے جاتے تھے۔ روایت کیا اس کو احمد نے اس سے معلوم ہوا کہ جس کام کے لئے لوگوں کو بلانا سنت سے ثابت نہیں اس کے لئے بلانے کو صحابی نے ناپسند فرمایا اور جانے سے انکار کیا اور راز اس میں یہ ہے کہ بلانا دلیل ہے۔ اہتمام کی تو شریعت نے جس امر کا اہتمام نہیں کیا۔ اس کا اہتمام کرنا دین میں ایجاد کرنا ہے اسی وجہ سے حضرت ابن عمر رضہ نے لوگوں کو جب مسجد میں چاشت کی نماز کے لئے مجتمع دیکھا تو بڑا انکار اس کو بدعت فرمایا اور اسی بنا پر فقہا نے جماعت نافلہ کو مکروہ کہا ہے اور حضرت حق تعالیٰ اور انبیاء اور ملائکہ علیہم السلام کی گستاخی کا مذموم و کفر ہونا محتاج بیان نہیں۔ کون مسلمان اس کا منکر ہے گو بہت سے جاہل شاعر اس میں مبتلا ہیں نہ ایسے اشعار کا تصنیف کرنا جائز نہ ان کا پڑھنا سننا جائز اسی طرح نماز یا جماعت یا وقت کا ضائع کرنا ظاہر ہے کہ حرام ہے اور جو ذریعہ گناہ کا ہو وہ بھی گناہ ہوتا ہے اسی لئے حدیث شریف میں عشا کے بعد باتیں کرنے سے ممانعت آئی ہے اور اس کی وجہ شراح حدیث نے یہی لکھی ہے کہ اس سے صبح یا تہجد کی نماز میں خلل پڑے گا۔ اسی طرح نمائش اور فخر کا حرام ہونا سب جانتے ہیں اور ذریعہ حرام کا

حرام ہی ہوتا ہے۔ حدیث میں ہے جو شخص شہرت کا کپڑا پہنے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن ذلت کا لباس پہنا دیں گے اور حدیث میں ہے کہ تھوڑا سا ریاء بھی شرک ہے اور حاضر ناظر ہونا موقوف ہے علم و قدرت پر چونکہ حق تعالیٰ کا علم و قدرت دونوں کامل ہیں اس لئے وہ ہر زمان و مکان میں حاضر و ناظر ہیں یہ اعتقاد حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یا انبیاء اور اولیاء کے ساتھ کرنا اگر اس بناء پر ہے کہ آپ کے لئے علم و قدرت ذاتی ثابت کرتا ہے جیسا کہ بعض جہلاء کا عقیدہ ہے، تب تو یہ شرک ہے گو اللہ تعالیٰ سے کم ہی سمجھتا ہو کیونکہ مشرکین عرب بہ نص قرآنی مشرک ہیں اور یہ بھی قرآن ہی سے ثابت ہے کہ وہ اپنے کو اللہ تعالیٰ کی برابر نہ سمجھتے تھے اور اگر یوں جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اطلاع اور اذن دیتا ہے تو شرک تو نہیں ہے مگر بلا حجت شرعیہ گناہ ضرور ہے اس لئے کہ جھوٹ سب جانتے ہیں کہ حرام ہے اور جھوٹ جیسا زبان سے ہوتا ہے دل سے بھی ہوتا ہے مگر اصل تو دل ہی میں ہوتا ہے وہاں سے زبان پر آتا ہے حتیٰ کہ بدگمانی کہ محض فعل قلب ہے اس کی نسبت حق تعالیٰ نے ان بعض الظن اثم فرمایا ہے اور حدیث میں فان الظن اکذب الحدیث آیا ہے۔ غرض ان امور ناجائز سے وہ مجلس بھی ناجائز ہوتی ہے اور اس میں شرکت درست نہیں ہوتی۔ اور آج کل اکثر ایسی ہی مجلسیں ہوتی ہیں کہ ان میں اگر کل امور ناجائز نہیں ہوتے تو بعض تو غالباً ضرور ہوتے ہیں اور مجلس کے ناجائز ہونے کے لئے ایک امر ناجائز بھی کافی ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔

**تیسری صورت** وہ محفل جس میں نہ تو پہلی صورت کا سا اطلاق و بے تکلفی ہو اور نہ دوسری صورت کی طرح اس میں قیود حرام ہوں بلکہ قیود تو ہوں مگر ایسے قیود ہوں



Marfat.com

جو خود اپنی ذات میں مباح و حلال ہیں یعنی روایات بھی صحیح و معتبر ہوں بیان کرنے والا بھی ثقہ و دیندار ہو اور محل شہوت بھی نہ ہو۔ مال بھی اس میں حلال طیب صرف کیا جاوے آرائش و زیبائش بھی حد اسراف تک نہ ہو حاضرین محفل کا لباس و وضع موافق شرع کے ہو اور جو اتفاقاً کوئی خلاف شرع ہئیت سے حاضر ہو جائے تو بیان کرنے والا بشرط قدرت امر بالمعروف سے دریغ نہ کرے اسی طرح حسب موقع اور ضروری احکام بھی بیان کرتا جاوے اگر کچھ نظم ہو تو قواعد موسیقی سے نہ ہو مضمون اس کا حد شرع سے متجاوز نہ ہو لوگوں کو بلانے اور اطلاع کرنے میں مبالغہ نہ ہو کسی ضروری عبادت میں اس مجمع میں حاضر ہونے سے خلل نہ پڑے بانی کی نیت بھی خالص ہو محض امید برکت و محبت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس کا باعث ہو اور اگر صیغہ ندا کسی کلام میں ہو تو قرائن قویہ سے اعتماد کامل ہو کہ حاضرین کم فہم نہیں ہیں جو آپ کو حاضر و ناظر و عالم الغیب سمجھیں گے اور بھی جمیع منکرات سے پاک ہو مگر اس میں یہ امور بھی ہیں شیرینی و قیام و فرش و ممبر و بخور و عطر اور مثل اس کے جو اپنی ذات میں خلاف شرع نہیں یہ وہ محفل ہے جو نہایت احتیاط والوں میں شاید کہیں شاذ و نادر پائی جاتی ہو پس ایسی محفل نہ تو پہلی محفل کی طرح علی الاطلاق جائز ہے اور نہ دوسری محفل کی طرح علی الاطلاق ناجائز اور جائز ہونے میں تفصیل ہے جو عنقریب معروض ہوتی ہے مگر قبل بیان اس تفصیل کے چند قواعد شرعیہ معروض ہوتے ہیں۔ جو فہم تفصیل[1] میں معین ہوں گے۔

قاعدہ اول کسی امر غیر ضروری کو اپنے عقیدہ میں ضروری اور موکد سمجھ لینا یا عمل میں اس کی پابندی اصرار کے ساتھ اس طرح کرنا کہ فرائض و واجبات کی مثل

[1] تفصیل کے سمجھنے میں مددگار ہوں گے ۱۲



Marfat.com

یا زیادہ اس کا اہتمام ہو اور اس کے ترک کو مذموم اور تارک کو قابل ملامت و شناعت جانتا ہو یہ دونوں امر ممنوع ہیں۔ کیونکہ اس میں حکم شرعی کو توڑ دینا ہے اور تقیید و تعیین تخصیص و التزام و تحدید وغیرہ اسی قاعدہ اور مسئلہ کے عنوانات و تعبیرات ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جو شخص تجاوز کرے گا اللہ تعالیٰ کی حدوں سے پس ایسے ہی لوگ ظالم ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ تم میں ہر شخص کو لازم ہے کہ اپنی نماز میں شیطان کا حصہ مقرر نہ کرے وہ یہ کہ نماز کے بعد داہنی طرف سے پھرنے کو ضروری سمجھنے لگے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بسا اوقات بائیں جانب سے بھی پھرتے دیکھا ہے روایت کیا اس کو بخاری و مسلم نے طیبی شارح مشکوٰۃ نے کہا ہے کہ اس حدیث سے یہ بات نکلی ہے کہ جو شخص کسی امر مستحب پر اصرار کرے اور عزیمۃ اور ضروری قرار دے لے اور کبھی رخصت پر یعنی اس کی دوسری مقابل پر عمل نہ کرے تو ایسے شخص سے شیطان اپنا حصہ گمراہ کرنے کا حاصل کر لیتا ہے پھر ایسے شخص کا تو کیا کہنا ہے جو کسی بدعت یا امر منکر یعنی خلاف شرع عقیدہ یا عمل پر اصرار کرتا ہو صاحب مجمع نے فرمایا ہے کہ اس حدیث سے یہ بات نکلی کہ امر مندوب بھی مکروہ ہو جاتا ہے یہ اندیشہ ہو کہ یہ اپنے رتبہ سے بڑھ جاوے گا۔ اسی بناء پر فقہاء حنفیہ نے نمازوں میں سورت مقرر کرنے کو مکروہ فرمایا ہے خواہ اعتقاداً پابندی ہو یا عملاً۔ فتح القدیر نے اس تعلیم کی تصریح کر دی ہے اور مسلم میں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مت خاص کرو شب جمعہ کو شب بیداری کے ساتھ اور شبوں میں سے اور مت خاص کرو یوم جمعہ روزہ کے ساتھ اور ایام میں سے ہاں اگر اس کے کسی معمولی روزہ میں جمعہ ہی آہی پڑے تو وہ اور بات ہے۔

قاعدہ دوم (۲) فعل مباح بلکہ مستحب بھی کبھی امر غیر مشروع کے مل جانے سے غیر مشروع

وممنوع ہوجاتا ہے۔ جیسے دعوت میں جانا مستحب بلکہ سنت ہے لیکن وہاں اگر کوئی امر خلاف شرع ہو اس وقت جانا ممنوع ہوجاوے گا۔ جیسے احادیث میں آیا ہے اور ہدایہ وغیرہ میں مذکور ہے اور اسی طرح نفل پڑھنا مستحب ہے مگر اوقات مکروہہ میں ممنوع وگناہ ہے اس سے معلوم ہوا کہ امر مشروع بوجہ اقتران[1] وانضمام ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کے غیر مشروع ہوجاتا ہے۔

**قاعدہ سوم** چونکہ دوسرے مسلمانوں کو بھی ضرر سے بچانا فرض ہے اس لئے اگر خواص کے کسی غیر ضروری فعل سے عوام کے عقیدہ میں خرابی پیدا ہوتی ہو تو وہ فعل خواص کے حق میں بھی مکروہ وممنوع ہوجاتا ہے۔ خواص کو چاہئے کہ وہ فعل ترک کردیں۔ حدیث شریف میں قصہ آیا ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حطیم کو بیت اللہ کے اندر داخل فرمانے کا ارادہ کیا مگر اس خیال سے کہ جدید الاسلام لوگوں کے عقیدہ میں فتور اور قلوب میں خلجان پیدا ہوگا اور خود بنا کے اندر داخل ہونا کوئی امر ضروری تھا نہیں۔ اس لئے آپ نے اس قصد کو ملتوی فرمادیا اور تصریحاً یہی وجہ ارشاد فرمائی۔ حالانکہ بناء کے اندر داخل فرمادینا مستحسن تھا مگر ضرر عوام کے اندیشہ سے اس امر مستحسن کو ترک فرمادیا اور ابن ماجہ میں حضرت ابو عبداللہ کا قول ہے کہ اہل میت کو اول روز طعام دینا سنت تھا۔ مگر جب لوگ اس کو رسم سمجھنے لگے پس متروک وممنوع ہوگیا۔ دیکھئے خواص نے بھی عوام کے دین کی حفاظت کے لئے اس کو ترک کردیا حدیثوں میں سجدہ شکر کا فعل مباح وارد ہے۔ مگر فقہا حنفیہ نے حسب قول علامہ شامی اس لئے مکروہ کہا کہ کہیں عوام اس کو سنت مقصودہ نہ سمجھنے لگیں۔ اور عالمگیری میں ہے کہ یہ لوگ نمازوں کے بعد کیا کرتے ہیں مکروہ ہے اس لئے کہ جاہل لوگ اس کو سنت

[1] ملنا ۱۲



Marfat.com

اور واجب سمجھنے لگیں گے اور جس فعل مباح سے یہ نوبت آجاوے وہ مکروہ ہو جاتا ہے البتہ اگر وہ خود شرعاً ضروری ہے تو اس فعل کو ترک نہ کریں گے اس میں جو مفاسد پیدا ہو گئے ہیں۔ ان کی اصلاح کردی جاوے گی۔ مثلاً جنازہ کے ساتھ کوئی نوحہ کرنے والی عورت ہو تو اس امر مکروہ کے اقتران سے جنازہ کے ہمراہ جانا ترک نہ کرینگے خود اس نوحہ کو منع کریں گے کیونکہ وہ ضروری امر ہے۔ اس عارضی کراہت سے اس کو ترک نہ کیا جاوے گا۔ بخلاف قبولِ دعوت کے کہ وہاں امر مکروہ کے اقتران سے خود دعوت کو ترک کرنا کیونکہ وہ ضروری امر نہیں۔ علامہ شامی نے ان مسئلوں میں بھی فرق کیا ہے۔

قاعدہ چہارم۔ جس امر میں کراہت عارضی ہو اختلاف ازمنہ و امکنہ و اختلاف تجربہ و مشاہدہ اہل فتوے سے اس کا مختلف حکم ہو سکتا ہے یعنی یہ ممکن ہے کہ ایسے امر کو ایک زمانہ میں جائز کیا جاوے۔

اس وقت اس میں وجوہ کراہت کی نہیں تھیں اور دوسرے زمانہ میں ناجائز کہہ دیا جائے، اس وقت علت کراہت کی پیدا ہو گئی یا ایک مقام پر اجازت دیجاوے دوسرے ملک میں منع کردیا جاوے اس فرق مذکور کے سبب یا ایک وقت اور ایک موقع پر ایک مفتی جائز کہے اور اس کو اطلاع نہیں کہ عوام نے اس میں اعتقادی یا عملی خرابی کیا کیا پیدا کردی ہیں۔ دوسرا مفتی ناجائز کہے کہ اس کو اپنے تجربہ اور مشاہدہ سے عوام کے مبتلا ہونے کا علم ہو گیا ہے تو واقع میں یہ اختلاف ظاہری ہے حقیقی نہیں اور تعارض صوری ہے معنوی نہیں حدیث و فقہ میں اس کے بیشمار نظائر مذکور ہیں۔ دیکھو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو مساجد میں آکر نماز پڑھنے کی



Marfat.com

کی اجازت دی تھی اس وقت فتنہ کا احتمال نہ تھا اور صحابہ نے بدلی ہوئی حالت دیکھ کر ممانعت فرمادی اسی طرح امام صاحب وصاحبین کے بہت سے اختلافات اسی قبیل کے ہیں۔

قاعدہ (۵) پنجم اگر کسی امر خلاف شرع کرنے سے کچھ فائدے اور مصلحتیں بھی ہوں، جن کا حاصل کرنا شرعاً ضروری نہ ہو یا اس کے حاصل کرنے کے اور طریقے بھی ہوں اور ایسے فائدوں کے حاصل کرنے کی نیت سے وہ فعل کیا جاوے یا ان فائدوں سے مرتب دیکھ کر عوام کو اس سے نہ روکا جاوے یہ بھی جائز نہیں۔ نیک نیت سے مباح تو عبادت بن جاتا ہے اور معصیت مباح نہیں ہوتی خواہ اس میں ہزار مصلحتیں اور منفعتیں ہوں نہ اس کا ارتکاب جائز نہ اس پر سکوت کرنا جائز اور یہ قاعدہ بہت ہی بدیہی ہے مثلاً اگر کوئی شخص اس نیت سے غصب وظلم کرے کہ مال جمع کر کے محتاجوں اور مسکینوں کی امداد کریں گے تو ہرگز ہرگز غصب وظلم جائز نہیں ہو سکتا خواہ لاکھوں فائدے اس پر مرتب ہونے کی امید ہو جب یہ قواعد اور مقدمات سمجھ میں آگئے تو اب تیسری صورت کے جواز و ناجواز کی تفصیل سننا چاہئے وہ یہ کہ یہ قیود مذکورہ چونکہ فی نفسہ امر مباح ہیں اس لئے ان کی ذات میں کوئی خرابی نہیں نہ ان کی وجہ سے محفل میں کوئی ذاتی ممانعت لیکن اس وجہ سے اگر کوئی فساد وخرابی لازم آنے لگے تو اس وقت ان امور اور اس محفل کو اس عارض کی وجہ سے ممنوع و ناجائز کہا جاوے گا۔ اور اگر کسی قسم کی کوئی خرابی لازم نہ آوے تو وہ امور بھی بحال خود مباح رہیں گے۔ چنانچہ قاعدہ دوم سے یہ حکم واضح ہے اب دیکھنے کے قابل یہ بات ہے کہ آیا ہمارے زمانہ میں ان مباحات کی وجہ سے کوئی خرابی لازم آ رہی ہے یا نہیں اگر لازم آتی

ہوئی دیکھو اس محفل کو منع سمجھو ورنہ جائز اور یہ امر تجربہ و مشاہدہ سے بخوبی بلاتردد معلوم ہو سکتا ہے اس میں کوئی بحث و مباحثہ کی ضرورت نہیں سو راقم کا جو کئی سال کا تجربہ ہے اس کی رو سے عرض کیا جاتا ہے کہ بلاشک اکثر بلکہ قریب قریب کل عوام ان قیود کو موکد ضروری و لوازم مجلس سے جانتے ہیں اور مثل ضروریات دین کے بلکہ اس سے بدرجہا زیادہ ان کے ساتھ عملدرآمد کرتے ہیں۔ چنانچہ ان کے کرنے میں جس قدر اہتمام ہوتا ہے نماز جمعہ و جماعت میں اس کا عشر و عشیر بھی نہیں دیکھا جاتا اور ان کے ترک سے جس قدر ناگواری ہوتی ہے فرائض و واجبات کے ترک سے ہرگز ہرگز نہیں ہوتی۔ بلکہ خود ترک کرنا تو بہت ہی بعید ہے اگر کوئی دوسرا شخص انکار کرے تو درکنار اگر ترک بھی کر دے تو اس پر لعن و طعن، حد سے زیادہ ہوتا ہے کفار و مبتدعین و فساق سے زیادہ اس کے مخالف اور آمادہ ایذا رسانی و بدزبانی ہو جاتے ہیں جب عوام نے اپنے اعتقاد و عمل سے ان امور کی یہاں تک نوبت پہنچا دی کہ فرض و واجب سے بھی زیادہ ان کی شان بڑھا دی تو لاریب اس التزام و اصرار کی وجہ سے یہ امور مکروہ و ممنوع ہو جاویں گے جیسا کہ قاعدہ اول میں ثابت ہو چکا ہے جب یہ امور ممنوع ہوئے تو ان کے ملنے سے وہ محفل بھی غیر مشروع اور ممنوع ٹھیرے گی جیسا کہ قاعدہ دوم میں بیان کیا گیا اور گو کسی خاص فہیم شخص کا یہ عقیدہ فاسد نہ ہو اور وہ ان امور کو موکد نہ سمجھتا ہو اور نہ تارک کو قابل ملامت و نفرت جانتا ہو۔ گو اس وقت ہیں ایسے لوگ عنقا صفت ہیں لیکن فرضاً اگر کوئی ہو بھی تو غائت ما فی الباب وہ اپنے فساد عقیدہ و عمل کے گناہ سے بچ گیا مگر اس کے کرنے سے اگر دوسرے فاسد الاعتقاد و فساد العمل لوگوں کو سہارا لگا۔ ان کے فعل کو تقویت و تائید پہنچی تو ان کے فعل



Marfat.com

مکروہ کے ترویج و تائید کے الزام سے یہ شخص کیسے بچ سکے گا۔ جیسا کہ قاعدہ سوم میں مذکور ہو چکا ہے خلاصہ یہ کہ جہاں یہ مفاسد مذکورہ ہوں گو اس کی توقع عوام کی حالت پر نظر کرنے سے بہت ہی بعید ہے لیکن اگر فرضاً کسی وقت یا کسی موقع پر ایسا ہو تو وہاں اجازت دیجاوے گی۔ مگر اس وقت اجازت کے فعل میں بھی ضرور ہو گا کہ ان قیود کو جس طرح عقیدۃً غیر موکد سمجھیں اسی طرح اپنے عمل سے بھی ان کا موکد نہ ہونا بار بار ظاہر کرتے رہیں مثلاً کبھی شیرینی تقسیم کر دیں کبھی نقد یا غلہ یا کپڑا مساکین کو خفیہ دیدیں اور کبھی جب گنجائش نہ ہو یا محض رخصت شرعی پر عمل کرنے کے لئے کچھ بھی نہ دیا کریں کبھی اثنائے بیان فضائل و شمائل نبویہ علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ میں اگر شوق و وجد غالب ہو جاوے کھڑے ہو جاویں پھر اس میں کسی خاص موقع کی تعیین کی کوئی وجہ نہیں جب کیفیت غالب ہو خواہ اول میں یا وسط میں یا آخر میں اور خواہ تمام بیان میں ایک بار یا دو بار یا چار بار اور جب یہ غلبہ نہ ہو بیٹھے رہا کریں کبھی باوجود غلبہ کے اسی طرح ضبط کر کے بیٹھے رہیں اور نہ محفل مولد کی تخصیص کریں اور اگر اور موقع پر بھی حضور کے ذکر سے غلبہ و شوق ہو وہاں بھی گاہ گاہ کھڑے ہو جایا کریں علیٰ ہذا القیاس سب قیود مباحہ کے ساتھ یہی عمل رکھیں تو اس طرح کی محفل گو سلف صالحین سے منقول نہیں مگر بوجہ مخالف نہ ہونے قواعد شرعیہ کے ممنوع بھی نہ کہی جاوے گی یہ حکم ہے صورت سوم کا باعتبار فتویٰ کے لیکن مصلحت انتظام دین کا مقتضا یہ ہے کہ اس سے بھی احتیاط رکھیں کیونکہ یہ خود نہ تو ضروریات دین سے ہے نہ کسی ضرورت دین کا موقوف علیہ ہے اور ایک بار یہی ہیئت اجتماعیہ مباحہ مفضی الی المفاسد ہو بھی چکی ہے جیسا پیش نظر ہے اور جہل روز بروز غالب ہوتا جاتا ہے اس لئے مرتبہ تقویٰ کی احتیاط یہی

میں ہے واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

اب بعض لوگوں کے کچھ شبہات کا مختصر جواب لکھا جاتا ہے بعض یہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث شریف تو خود حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے ورنہ ہم تک روایت کیونکر پہنچتی۔ جواب اس کا یہ ہے کہ جو منقول ہے۔ وہ پہلی صورت ہے اور گفتگو صورت رسوم میں ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ بڑے بڑے علماء مثل سیوطی و ابن حجر و ملا علی قاری وغیرہم نے اس کا اثبات کیا ہے جواب یہ ہے کہ اول تو اس وقت بھی بعض علماء نے ان کے ساتھ اختلاف کیا تھا۔ اور قطع نظر اس سے یہ کہ ان کے زمانہ میں مفاسد مذکورہ پیدا نہ ہوئے تھے اس وقت انھوں نے اثبات کیا۔ اب مفاسد پیدا ہو گئے ہیں۔ وہ حضرات بھی اگر اس زمانہ میں ہوتے اور ان مفاسد کو ملاحظہ فرماتے تو خود منع فرماتے اس لئے اب نفی کی جاتی ہے۔ جیسا قاعدہ چہارم میں لکھا گیا۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ علماء حرمین اس کے جواز پر اتفاق رکھتے ہیں۔ جواب یہ ہے کہ اول تو اتفاق غیر مسلم پھر یہ کہ ان کے فتووں میں قیود مباحہ کو فی نفسہا جائز لکھا ہے جس محفل کو جن عقائد و مفاسد کی وجہ سے ہم روک رہے ہیں ان مفاسدہ کا اظہار سوال میں کرنے کے بعد فتوے منگادو اس وقت تمہارا یہ شبہ معقول ہو سکتا ہے۔ جب فتوی آجاوے گا اس وقت جواب ہمارے ذمہ ہوگا۔

بعض کہتے ہیں کہ کثرت سے علماء جواز کی طرف ہیں۔ جواب یہ ہے کہ اول تو کسی نے دنیا بھر کی علماء شماری نہیں کی دوسرے یہ کہ جس خرابی کی وجہ سے ممانعت کی جاتی ہے اس خرابی کو کونسے علماء کثیر بلکہ قلیل نے جائز کیا ہے فتوی تو استفتا کے تابع ہے مستفتی اپنا عیب کب کھولتا ہے بلکہ ہر طرح اپنی خوش اعتقادی کو جتلا کر پوچھتا ہے



Marfat.com

بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس بہانہ سے غریب غربا کو خیر خیرات پہنچ جاتی ہے یا اس سے اسلام کی شوکت بڑھتی ہے۔ ناواقف لوگوں کے کان میں کچھ مسائل پڑ جاتے ہیں سو اول تو خود یہ امر مسلم نہیں اکثر جگہ امیروں کو حصہ بٹتا ہوا اور غریبوں کو دھکے ملتے ہوئے دیکھا جاتا ہے اور ایسے سامانوں سے جس کی خبر بعض اوقات محلہ میں بھی نہیں ہوتی۔ کیا احتشام اسلام کا منصور ہے اور احکام کا ذکر بھی نہیں آتا اور اگر تسلیم بھی کر لیا جاوے تو خیر خیرات اور احتشام اسلام اور تبلیغ احکام کے جب اور طریقے بھی مشروع ہیں تو غیر مشروع طریقے سے اس کے حاصل کرنے کی اور ان کے حاصل کرنے کے لئے ان نامشروع طریقوں کے اختیار کرنے شرعاً کب اجازت ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ قاعدہ پنجم میں مذکور ہوا اور بھی شبہات اس کے قریب قریب ہیں جن کا جواب بعد ضبط کر لینے اصول مذکورہ کے ہر عاقل سمجھ سکتا ہے۔ یہ کلام تھا اس مسئلہ مولد شریف میں جو بہت سلامت اور اختصار اور جامعیت کے ساتھ لکھنے کی اللہ تعالیٰ نے توفیق عطا فرمائی۔ اب امید ہے کہ اہل انصاف کو اس مسئلہ میں شبہ میں نہ رہے گا اور افراط و تفریط سے سب باز آ دیں گے اور علمائے مصلحین امت سے عداوت و بدگمانی اور ان کی شان میں اہانت و بدزبانی گوارا نہ رکھیں گے اور شب و روز محبت و اتباع سنت نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم میں کوشش کریں گے۔ اللھم ارزقنا حبك وحب نبيك واتباع سنته وتوفنا على ملته واحشرنا فى زمرته۔

## دوسری فصل

منجملہ ان رسوم کے اولیاء اللہ کا عرس و فاتحہ مروجہ ہے جو کسی وقت میں مصلحت



Marfat.com

ایصال ثواب بارواح بزرگان و استفادہ برکات اجتماع صلحاء شروع ہوا تھا مگر اب اس میں بھی مثل دیگر امور کے بہت سے مفاسد پیدا ہو گئے۔ چنانچہ عرس میں تو یہ امور ہو گئے۔

(۱) بعض جگہ تو خوب بازاری عورتوں کا ناچ ہوتا ہے جس کا حرام ہونا ظاہر ہے اور باب اول میں بھی بیان کیا گیا ہے بخصوص قبور پر جو جگہ عبرت و تذکر موت و تذکرۂ آخرت کی ہے پھر خاص کر قبور اولیاء پر جن کو اپنی حیات میں بول و براز سے زیادہ معاصی سے نفرت تھی ظاہر ہے کہ ایسے مجمع میں جانا لاریب فسق و معصیت ہے اگر کوئی شخص کہے کہ ہم تو بہ نیت زیارت جاتے ہیں ہم کو ان منکرات سے کیا ضرر جواب یہ ہے کہ اول تو ممکن نہیں کہ مجمع فسق میں جاوے اور ضرر نہ ہو کچھ نہ کچھ میلان معصیت کی طرف یا چشم و گوش کا تلوث ضرور ہی ہو جاتا ہے۔ دوسرے یہ کہ زیارت دوسرے وقت بھی ہو سکتی ہے تیسرے زیارت کچھ فرائض و واجبات سے نہیں فرض و واجب کے ادا کرنے میں اقتران معصیت پر نظر نہیں کی جاتی ہے اور مباح بلکہ مستحب میں اگر ایسا اتفاق ہو تو خود اس مستحب کو ترک کر دینا واجب ہے جیسا ابھی فصل اول کے قاعدہ دوم میں ذکر ہو چکا ہے پھر یہ کہ اس کی حرکت سے دوسروں کو ضرر ہوتا ہے اور اہل معصیت کے فعل کی تائید ہوتی ہے اس وجہ سے بھی اس سے بچنا ضروری ہے جیسا کہ فصل اول کے قاعدہ سوم میں بیان ہو چکا ہے۔

(۲) بعض جگہ بازاری عورتیں نہیں ہوتیں اور بجائے ان کے قوال اور معازف و مزامیر ہوتے ہیں ایسے سماع کے متعلق اس عاجز نے ایک رسالہ حق السماع

مفصل طور پر لکھا ہے اس میں آداب اور شرائط سماع کے اور جو جو اس میں مفاسد ہو گئے ہیں ان سب کا ذکر بالتفصیل کیا ہے جس سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ اس زمانہ کے مجالس سماع حسب اقوال ائمہ تصوف ہرگز ہرگز جائز نہیں۔

(۳) بعض جگہ یہ قصہ بھی نہیں صرف معین تاریخ پر اجتماع اور قرآن خوانی و تقسیم طعام یا شیرینی ہوتا ہے اور بس اور ایسے عرس کو اس زمانہ میں مشروع عروس سمجھتے ہیں مگر اس میں بھی وہی خرابی اصرار و تعین و التزام مالا یلزم وغیرہ ہا کی یقیناً موجود ہیں۔ جس کی وجہ سے عوام کے عقائد بھی فاسد ہوتے ہیں اور بعض اوقات مہتمم عرس کو اس کے انجام دینے کے لئے قرض لینا خاصکر سودی اور لوگوں کے ہاتھ کو تکنا جس کا منشاء حرص و طمع ہے ظاہر ہے کہ شرعاً اور عقلاً سخت مذموم ہے حدیث میں اس دست نگری کی نسبت آیا ہے۔ ومالا فلا تتبعه نفسك[1] اور اصرار و التزام وغیرہ کا مشروع ہونا فصل اول کے قاعدہ اول میں بیان ہو چکا ہے جس کی وجہ سے وہ مجلس بھی غیر مشروع ہو جاوے گی۔ جیسا قاعدہ دوم میں بیان ہوا اور اس عذر کا جواب اسی فصل کے آغاز میں ہو چکا ہے کہ کوئی شخص کہنے لگے کہ ہماری نیت تو اچھی ہے ہم کو دوسروں کے عقیدہ فاسد سے کیا بحث ہے البتہ افادہ و استفادہ اہل قبور بطریق مشروع شریعت مستحسن ہے اس کا طریق یہ ہے کہ گاہ گاہ ان مزارات پر حاضر ہوا کرے اور جو کچھ توفیق ہو بخشدے اور اپنی موت کو یاد کرے اور اگر صاحب نسبت ہے اور دل چاہے تو حسب طریقہ معمولہ اہل تصوف ان سے استفادہ برکات کا کرے اور اگر عبادات مالیہ کا ان کو ثواب

---

[1] جو چیز تمہارے ہاتھ نہ آوے اپنے جی کو اس کے پیچھے مت ڈالو۔ ۱۲



Marfat.com

بخشنا ہو تو اپنے گھر جب توفیق پکا کر کھلا کر یا نقد و غلہ وغیرہ مساکین کو خفیہ دے کر ان کی روح کو بخش دے نہ تاریخ معین کرنے کی حاجت ہے اور نہ شہرت دینے کی اسی طرح زمانہ عرس بلکہ غیر عرس میں اولیاء اللہ کے مزارات پر چادر ڈالتے ہیں جو مکروہ اور اسراف ہے اور عوام کا جو اس میں اعتقاد ہے وہ بالکل شرک ہے پھر غضب یہ ہے کہ اس کی نذر و منت مانی جاتی ہے بعض لوگ دور دراز سے سفر کر کے اپنے بچوں کا چلہ چھٹی وہاں کرتے ہیں اور یہ نذر پوری کرتے ہیں بعضے اسباب اتروانے کے لئے آتے ہیں اور عقائد فاسدہ میں مبتلا ہوتے ہیں۔ بعضے طواف و سجدہ کرتے ہیں بعضے وہاں چراغ روشن کرتے ہیں قبریں پختہ بناتے ہیں قرآن و حدیث سے صاف صاف ان سب امور سے توبہ کا حکم ہے۔ چنانچہ ارشاد فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو یہ حکم نہیں فرمایا کہ قبروں کو کپڑے پہنائے جاویں اس سے قبروں پر غلاف ڈالنے کا ناپسند ہونا صاف ظاہر ہے۔ علامہ شامی نے نقل کیا ہے۔ یکرہ الستور علی القبور۔ بعض لوگ دھوکہ دینے کے لئے حجت لاتے ہیں کہ دیکھو عورت کے جنازہ پر گہوارہ بنا کر چادر ڈالتے ہیں۔ گہوارہ بھی قبر کے مشابہ ہے۔ جب یہ جائز ہے تو وہ بھی جائز ہے اس تقریر کا لغو ہونا صاف ظاہر ہے اول تو یہ قیاس ہے کہ جو نص کے مقابلہ میں خود باطل ہے دوسرے قیاس بھی مع الفارق گہوارہ پر تو پردہ کی غرض سے چادر ڈالتے ہیں قبر جب بند ہو گئی اب پردہ کی کونسی ضرورت رہی یہاں تو محض زیب و زینت و تکلف اور تقرب و رضامندی صاحب مزار مقصود ہے و بس اور اسراف رہا جدا اور خود یہ امور جدا جدا ممنوع ہیں اور سب کا جمع ہونا اور بھی [illegible] ہے جب اس کا



Marfat.com

ممنوع ہونا ثابت ہو گیا اور معصیت کی نذر جائز نہیں بلاشک ایسی نذر باطل ہو گی جس کا ایفا بالکل ناجائز ہے اور وہاں ایسے فضول کاموں کے لئے جانا خود سفر معصیت ہے بالخصوص عورتوں کا لے جانا جس میں علاوہ مفاسد مذکورہ کے انواع انواع کی بے پردگیاں ہوتی ہیں اور فساد عقیدہ علیحدہ ایسے ہی عورتوں کی نسبت ارشاد فرمایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ لعنت کرے ان عورتوں پر جو قبروں کی زیارت کرتی ہیں۔

اور حدیث شریف میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لعنت کرے اللہ تعالیٰ یہود اور نصاریٰ پر کہ انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنایا۔ یہ حدیث مطلب مذکور کے اثبات کے لئے کافی ہے اور اسی حدیث سے قبر کو سجدہ کرنے کی حرمت بھی ثابت ہو گئی اور دوسری حدیث میں ہے کہ ایک صحابی نے حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی کہ ہم آپ کو سجدہ کیا کریں آپ نے سوال کیا کہ اگر تم ہمارے بعد ہماری قبر پر گزرو گے کیا جب بھی سجدہ کرو گے۔ صحابی نے عرض کیا کہ اس وقت تو نہ کروں گا۔ آپ نے فرمایا کہ اگر کسی کو اجازت سجدہ کی ہوتی تو عورت کو اجازت دیتا کہ خاوند کو سجدہ کیا کریں۔ مطلب آپ کے جواب کا یہ ہوا کہ جب تم اس بات کو تسلیم کرتے ہو کہ بعد موت کے کوئی مستحق سجدہ نہیں ہے تو معلوم ہوا کہ مستحق سجدہ حی ہے سو جو دائم و قیوم قائم ہے۔ سجدہ اسی کا حق ہے اس سے زندہ مردہ سب کو سجدہ کرنا حرام ٹھیرا یہاں سے بھی معلوم ہوا کہ بعض لوگ جو زندہ پیروں کو سجدہ کرتے ہیں یہ بھی جائز نہیں اور اگر کسی بزرگ سے قولاً یا فعلاً منقول ہو تو بحسن ظن اس میں تاویل سکر و غلبہ حال کی



Marfat.com

جاوے گی جس میں معذوری ہے اور حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے اس سے کہ قبروں پر چراغوں کا سامان کیا جاوے اور حضرت جابر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ممانعت فرمائی اس سے کہ قبروں کو پختہ بنایا جائے اور اس سے کہ اُن پر لکھا جاوے اور اس سے کہ اُن پر کوئی عمارت بنائی جاوے روایت کیا اس کو ترمذی نے۔

بعضے لوگ قبروں پر چڑھاوا چڑھاتے ہیں چونکہ مقصود اس سے تقرب و رضامندی اولیاء اللہ کی ہوتی ہے اور ان کو اپنا حاجت روا سمجھتے ہیں یہ اعتقاد شرک ہے اور وہ چڑھاوا[1] کھانا بھی جائز نہیں۔ لعموم قولہ تعالیٰ وما اھل بہ لغیر اللہ۔ بعض لوگ تاویل کرتے ہیں کہ مقصود اصلی ہمارا مساکین کو دینا ہے چونکہ یہ لوگ وہاں جمع رہتے ہیں اس لئے وہاں لے جاتے ہیں مگر یہ محض حیلہ ہے کیونکہ اگر وہی مساکین اس شخص کو راہ میں مل جاویں اور سوال کریں تو ہرگز ان کو اس چڑھاوے میں سے ایک ذرہ بھی نہ دے اور یہی جواب ملے کہ جہاں کے لئے لائے ہیں وہاں تو ابھی پہنچا ہی نہیں اس سے معلوم ہوا کہ قبر مقصود ہے مساکین مقصود نہیں پھر وہاں پہنچ کر دیسے بھی تو مساکین کو تقسیم کر سکتے ہیں۔ قبر پر رکھنے کی کیا وجہ۔

بعض لوگ پھولوں کی چادر اور ہار نہایت تکلف بنا کر قبروں پر ڈالتے ہیں اور دلیل لاتے ہیں کہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم نے دو قبروں پر ایک شاخ کھجور کے دو حصے کر کے گاڑ دیا تھا اور ارشاد فرمایا تھا کہ جب تک یہ خشک نہ ہو جاویں امید ہے کہ ان سے عذاب ہلکا ہو جاوے۔ جواب اس کا یہ ہے کہ اول تو بعض لوگوں نے اس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خصوصیات سے کہا ہے اور اگر عام

[1] چڑھاوے کا کھانا ناجائز نہیں ۱۲



Marfat.com

ہی کہا جاوے تب بھی قیاس مع الفارق ہے دو وجہ سے اول تو کجا شاخ اور کجا پھولوں کے ہار اور چادریں کہ وہاں مقصود محض ایصال اثر ذکر ہے اور یہاں تکلف و آرائش اور تکلف قبور کے ساتھ خود ممنوع ہے جیسا کہ اوپر معلوم ہو چکا دوسرے یہ کہ حضور نے اس عمل کو تخفیف عذاب کے لئے کہا تھا اگر یہ لوگ بھی تخفیف عذاب کرتے تو جن حضرات کو کامل اور مقبول مانتے ہیں اور ان میں عذاب کا احتمال بھی ان کو ہرگز نہیں ہو سکتا ان کی قبروں کے ساتھ یہ عمل نہ کرتے بلکہ فاسق و فاجروں کی قبور کے ساتھ کرتے۔ حالانکہ معاملہ بالعکس ہے اس سے معلوم ہوا کہ مقصود تخفیف عذاب نہیں بلکہ وہی تقرب اور خوشنودی اولیاء اللہ کی جس کی کوئی دلیل ان کے پاس نہیں اور نہ وہ ان امور سے خوش ہوتے ہیں اور خوش تو جب ہوتے جب ان کو کوئی نفع پہنچتا ان تکلفات سے ان کو کیا فائدہ اور فاتحہ مروجہ میں یہ امور ہو گئے ہیں۔

(۱) اکثر عوام حضرات اولیاء اللہ کو حاجت روا اور مشکل کشا سمجھ کر اس نیت سے فاتحہ و نیاز دلاتے ہیں کہ ان سے ہمارے کاروبار کو ترقی ہوگی مال و اولاد ہوگی ہمارا رزق بڑھے گا اور اولاد کی عمر بڑھے گی۔ لہذا ہر مسلمان جانتا ہے کہ اس طرح کا عقیدہ صرف شرک ہے۔ تمام قرآن مجید اس عقیدہ کے ابطال سے بھرا پڑا ہے بعض لوگ زبردستی تاویل کرتے ہیں کہ ہم قادر مطلق عالم الغیب حق تعالیٰ ہی کو سمجھتے ہیں مگر آخر بزرگوں کا توسل تو جائز اور ثابت ہے۔ جواب یہ ہے کہ توسل کے یہ معنی نہیں کہ ان وسائل کو کارخانہ تکوین میں کچھ دخیل سمجھا جاوے خواہ تو ان کو فاعل سمجھیں اس طرح کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے کارخانے سپرد کر رکھے ہیں اور خواہ



Marfat.com

یوں سمجھیں کہ فاعل تو اللہ تعالیٰ ہے مگر ان حضرات کے عرض و معروض کرنے سے ضرور ہی اللہ میاں کو کرنا ہی پڑتا ہے ایسا تو فعل شرک محض ہے۔ مشرکین عرب کے عقائد اسی قسم کے تھے وہ بھی اصنام و ارواح کو فاعل بالاصالت نہ جانتے تھے۔ اسی طرح کارکن سمجھتے تھے جیسا کہ آیہ ولئن سالتھم من خلق السموات والارض و مانعبدھم الا لیقربونا الی اللہ زلفی اس کی شاہد ہے ایک موٹی بات سمجھنے کے قابل ہے کہ کسی شخص سے کسی چیز کی توقع رکھنے کے لئے کئی امر کا جمع ہونا ضروری ہے۔ اول اس شخص کو اس کی حاجت کی اطلاع ہو دوسرے اس کے پاس وہ چیز بھی موجود ہو تیسرے اس کو دینے کی قدرت بھی ہو چوتھے اس سے بڑا کوئی روکنے والا نہ ہو۔ پانچویں اس کے پاس ذرائع اس چیز کو اس شخص تک پہنچانے کے بھی ہوں۔ اب خیال فرمایئے جو شخص بزرگوں سے اولاد رزق وغیرہ کی توقع رکھتا ہے۔ اس سے پوچھنا چاہئے کہ اول تو ان اولیاء کو تمہاری حاجت کی اطلاع کیسے ہوئی اور اگر کہو کہ ان کو تو سب کچھ خود معلوم ہے یہ تو شرک صریح ہے اگر کہیں اللہ تعالیٰ ان کو اطلاع کر دیتا ہے سو یہ محال تو نہیں مگر کچھ ضروری بھی نہیں بلا حجت شرعیہ کسی امر ممکن کے وقوع کا عقیدہ کرنا محض معصیت و کذب قلب ہے۔ قال اللہ تعالیٰ ولا تقف مالیس لک بہ علم الایۃ پھر یہ کہ ان کے پاس رزق و اولاد کہاں جمع رکھا ہے جو نعمتیں ان کے پاس ہیں وہ اور چیزیں ہیں بچے اور روپیہ کا ڈھیر ان کے پاس نہیں لگا پھر یہ کہ قدرت کو اگر ذاتی سمجھا جاوے تب تو شرک ہے اور اگر یہ کہا جاوے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ تصرف دیا ہے تو اس کے لئے دلیل شرعی کی حاجت ہے



Marfat.com

اور بدون اس کے یہ اعتقاد بھی باطل و افترا محض ہے بلکہ قرآن و حدیث میں تو لا املک لنفسی نفعاً ولا ضراً صاف صاف موجود ہے جس سے دوسرں کو ایسی قدرت کی نفی ہو رہی ہے۔ پھر یہ کہ کس طرح معلوم ہوا کہ اللہ تعالےٰ جو احکم الحاکمین ہے وہ ہرگز اس تصرف سے نہ روکیں گے جس طرح چاہتے ہیں وہی ہو جاوے گا اگر ایسا کوئی سمجھے تو اس نے تمام قرآن کی تکذیب کی پھر وہ ذرائع دریافت کئے جاویں کہ اولاد اس کو کس طرح دی۔ رو یہ کس طرح ان کے پاس بھیجا اور اگر ان تمام اشکالات کے جواب میں کوئی یوں کہے کہ وہ لوگ دعا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ قبول فرما کر ویسا ہی کر دیتے ہیں اس کا جواب یہی ہے کہ دعاء کے لئے اوّل ان کو اطلاع کی ضرورت ہے اور اس کی دلیل کوئی نہیں پھر بعد اطلاع کے اس کی دلیل کیا ہے کہ وہ دعاء کر ہی دیتے ہیں۔ پھر دعاء کے بعد اس کی کیا دلیل ہے کہ وہ ضرور ہی قبول ہو جاتی ہے۔ غرض توسل کے یہ معنی نہیں ہیں البتہ توسل جو احادیث سے ثابت ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ یا الٰہی فلاں مقبول بندہ کی برکت سے میری فلاں حاجت پوری فرما دیجئے۔ جس طرح حضرت عمرؓ نے حضرت عباسؓ کے توسل سے بارش کی دعا مانگی تھی۔ ایسا توسل بلا شک جائز ہے۔ اور جیسے جہلا کا عقیدہ ہے وہ محض شرک ہے۔ غرض یاد رکھو کہ جن کمالات کا اختصاص حضرت حق تعالیٰ کے ساتھ عقلاً و نقلاً ثابت ہے ان کمالات کا کسی دوسرے میں اعتقاد کرنا شرک اعتقادی ہے اور جن معاملات اور افعال کا خاص ہونا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ثابت ہے وہ برتاؤ کسی سے کرنا شرک فی العمل ہے اس قاعدہ کے لحاظ کرنے سے انشاء اللہ کسی بلا میں مبتلا نہ ہو گا۔



Marfat.com

(۲) وہی تخصیصات و تعیینات کا ضروری سمجھنا جس کی کراہت کا چند بار ذکر ہو چکا ہے۔ یہاں بھی موجود ہے۔

(۳) اکثر عوام کی عادت ہے کہ بہت سے طعام میں سے تھوڑا سا کھانا کسی طباق یا خوان میں رکھ کر اس کو روبرو رکھ کر فاتحہ وغیرہ پڑھتے ہیں اس میں علاوہ مفاسد مذکورہ کے یہ امر قابلِ استفسار ہے کہ جتنا کھانا تم نے پکایا ہے آیا اس کا ثواب بخشنا منظور ہے یا صرف اس طباق ہی کا یہ تو یقیناً کوئی نہ کہے گا کہ صرف اس طباق ہی کا ثواب بخشنا منظور ہے اور عمل اور برتاؤ سے بھی یہ معلوم نہیں ہوتا پس ضرور یہ کہا جاوے گا کہ تمام کھانے کا ثواب بخشنا منظور ہے تو اب ہم پوچھتے ہیں کہ آیا کھانے کا ثواب پہنچانے کے لئے کھانا روبرو ہونا ضرور ہے یا نہیں۔ اگر ضرور ہے تو صرف ایک طباق رکھنے سے کیا ہوتا ہے اور اس سے تو تمہارے قاعدہ کے موافق صرف اس طباق کا ثواب پہنچنا چاہیے باقی تمام کھانا ضائع گیا اور اگر یوں کہو کہ اس چیز کا روبرو ہونا ضروری نہیں صرف نیت کافی ہے اور اسی بنا پر تمام طعام کا ثواب پہنچ سکتا ہے تو پھر طباق کے رکھنے کی کیا ضرورت ہوئی۔ اس میں بھی نیت کافی تھی کیا نعوذ باللہ یہ تو یہ حق تعالیٰ کو نمونہ دکھلانا ہے کہ دیکھئے اس قسم کا کھانا دیگ میں ہے اس کا ثواب بخش دیجئے۔ غرض اس حرکت کی کوئی معقول وجہ نہیں نکلتی محض رواج کی پابندی ہے اور بس۔ پھر پابندی بھی کیسی کہ اکثر عوام سمجھتے ہیں کہ بدون اس ہیئت خاصہ کے ثواب بھی نہ پہنچے گا۔

(۴) ایک امر قابلِ دریافت یہ ہے کہ جس چیز کا ثواب بخشنا منظور ہو اگر اس کا



Marfat.com

روبرو رکھنا ضروری ہے تو کیا وجہ کہ طعام و شیرینی کو تو رکھا جاتا ہے اور اگر روپیہ یا کپڑا یا غلہ وغیرہ ایصال ثواب کے لئے دیا جاوے تو اس میں اس طریق سے فاتحہ کیوں نہیں پڑھی جاتی اور اگر روبرو رکھنا ضروری نہیں تو اس طعام و شیرینی ہی میں یہ تکلف کیوں کیا جاتا ہے اور اگر طعام وغیر طعام میں کچھ فرق ہے تو دلیل شرعی سے اس کو بیان کرنا چاہیئے تو قیامت تک بھی یہ ممکن نہیں۔

(۵) ایک عادت و رواج یہ ہے کہ کھانا کھلانے اور دینے کے قبل بطریق متعارف ثواب بخشتے ہیں سو اس میں دو امر قابل تحقیق ہیں ایک تو یہ ثواب پہنچانے کی حقیقت کیا ہے سو ظاہر ہے کہ حقیقت اس کی یہ ہے کہ ایک شخص نے کوئی نیک کام کیا اور اس پر اس کو کچھ ثواب ملنے کی توقع ہوئی جو کچھ اس کو ثواب ملا اس نے اپنی طرف سے دوسرے کو دیدیا۔ دوسرا امر قابل تحقیق یہ ہے کہ ثواب کس چیز کا ملتا ہے آیا نفس طعام کا یا اس کے کھلانے اور دینے کا تو ظاہر ہے کہ خود کھانے کی ذات تو کوئی ثواب کی چیز نہیں جیسا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ہرگز نہیں پہنچتا اللہ تعالیٰ کے پاس قربانی کا گوشت اور نہ اس کا خون لیکن تمہارا التقویٰ وہاں پہنچتا ہے اس سے صاف معلوم ہوا کہ شئے کا ثواب نہیں پہنچتا بلکہ عمل کا ہوتا ہے جس سے معلوم ہوا کہ خود طعام کی ذات کا ثواب نہیں ہوا بلکہ کھلانے پلانے اور دینے کا ہوا کیونکہ وہ عمل ہے۔ جب یہ دونوں امر تحقیق ہو چکے تو اب ہم پوچھتے ہیں کہ جس وقت کھانا پک کر تیار ہوا ہے اور ابھی نہ کسی کو دیا گیا اور نہ کھلایا گیا یا اس کو ثواب ملا ہی یا نہیں اگر نہیں ملا تو یہ مردہ کو کیا پہنچاتا ہے ابھی خود تو کچھ لیلئے دوسرے کو دے اور اگر اس کو ثواب ملا ہے تو کس چیز کا ملا ہے۔ کوئی عمل ابھی پایا نہیں گیا۔ پھر کاہے کا ثواب بخشتا ہے غرض یہ حرکت بھی محض بے معنی ہے۔ بلکہ بعض عوام کے طرز عمل

سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ خود ذات طعام کو موجب ثواب سمجھتے ہیں دلیل اس کی یہ ہے کہ بعض نذر و نیاز میں آپ ہی کھا پی لیتے ہیں یا اغنیاء احباب کو کھلا دیتے ہیں جن کے دینے کو کوئی شخص بھی موجب ثواب ہرگز نہیں جان سکتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ وہ لوگ دینے کھلانے کو موجب ثواب نہیں جانتے ورنہ ایسے لوگوں کو دیا کرتے جن کو دینے کو ثواب جانتے بلکہ خود ذات طعام یا شیرینی میں ثواب سمجھتے ہیں تو یہ خود ایک عقیدہ فاسدہ ہے اور قرآن کے خلاف ہے جس سے توبہ کرنا واجب ہے اور اگر کوئی کہے کہ ہم طعام کو موجب ثواب نہیں سمجھتے مگر جب ہم نے نیت طعام کی کرلی تو نیت بھی تو عمل ہے اس لئے ایصال ثواب بے معنی نہیں اس کا جواب یہ ہے کہ ہم نے مانا کہ نیت عمل ہے مگر نیت کا ثواب بخشنا چاہتے ہو یا کھانا کھلا دینے کا کیونکہ نیت کا ثواب اور ہے اور طعام کا ثواب اور پھر یہ کہ نیت تو قبل کھانا پکانے کے بھی ہو گئی تھی اس وقت کیوں نہیں بخش دیا کرتے۔ غرض اس عادت کی بھی کوئی معقول وجہ نہیں ہے محض رواج کی پابندی ہے اور کچھ بھی نہیں البتہ ایصال ثواب بطریق مشروع نہایت خوبی کی بات ہے اس کا سیدھا طریقہ وہی ہے جو ان مفاسد کے بیان سے ذرا قبل مذکور ہوا ہے کہ بلا تعین و پابندی رواج حسب توفیق جو میسر ہو مستحقین کو دیدے اور ثواب بخش دے اس تقریر سے ان سب معمولات کا حکم معلوم ہو گیا۔ گیارہویں۔ سہ ماہی توشہ وغیرہ کا کہ بلا تقیید و بلا تخصیص و بلا فساد عقیدہ تو بلا کلام جائز ہے اور قیود مکروہہ و مفاسد مذکورہ کے ساتھ بلا تردد ناجائز ہے اور قیود مباحہ کے ساتھ جس کو نہ خود ضرر ہو نہ اس کے فعل سے کسی دوسرے کو ضرر ہو خفیہ طور پر اس کو گنجائش دی گئی ہے اس کو بھی چاہئے کہ ان قیود میں



Marfat.com

ہ ہ ہ ہ تغیر و تبدل کر دیا کرے تاکہ کہیں اسی کے نفس میں یا شاید دوسرے کے نفس میں کوئی خرابی نہ پیدا ہو جاوے مگر پھر بھی اطلاق کا طریقہ افضل و مسنون ہے کیونکہ اس طریق مباح ہی سے آخر خرابیاں پیدا ہو چکی ہیں تو آئندہ بھی اندیشہ ہی ہے اس لئے مقتضائے انتظام الٰہی یہی ہے کہ ان قیود سے بالکل ہی احتیاط رکھے اور تجربہ سے یہ بھی ثابت ہوا ہے کہ قیود کی پابندی میں اگر ابتداء میں بالفرض خلوص بھی ہو مگر بعد چند دن کے پھر اس کو نباہنے کے لئے کرنا پڑتا ہے اور نیت درست نہیں رہتی۔

# تیسری فصل

منجملہ ان رسوم کے شب برات کا حلوہ اور عید کی سویاں عاشورہ محرم کا کھچڑا اور شربت وغیرہ ہے۔ شب برات میں حدیث سے اس قدر ثابت ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم بحکم حق تعالیٰ جنت البقیع میں تشریف لے گئے اور اموات کے لئے استغفار فرمایا۔ اس سے آگے سب ایجاد ہے جس میں مفاسد کثیرہ پیدا ہو گئے ہیں۔

(۱) بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا دندان مبارک جب شہید ہوا تھا۔ آپ نے حلوا نوش فرمایا تھا یہ بالکل موضوع اور غلط قصہ ہے۔ اس کا اعتقاد کرنا ہرگز جائز نہیں بلکہ عقلاً بھی ممکن نہیں اس لئے کہ یہ واقعہ شوال میں ہوا نہ کہ شعبان میں

(۲) بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت ان دنوں



Marfat.com

میں ہوئی تھی۔ یہ ان کی فاتحہ ہے یہ بھی محض بے اصل ہے اور اول تو تعین تاریخ کی ضرورت نہیں۔ دوسرے خود یہ واقعہ بھی غلط ہے۔ آپ کی شہادت بھی شوال میں ہوئی تھی۔ شعبان میں نہیں ہوئی۔

(۳) بعض لوگ اعتقاد رکھتے ہیں کہ شب برات وغیرہ میں مردوں کی روحیں گھروں میں آتی ہیں اور دیکھتی ہیں کہ کسی نے ہمارے لئے کچھ پکایا یا نہیں ظاہر ہے کہ ایسا امر مخفی بجز دلیل نقلی کے اور کسی طرح ثابت نہیں ہو سکتا اور وہ یہاں ندارد ہے

(۴) بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ جب شب برات سے پہلے کوئی مر جاوے تو جب تک کہ اس کے لئے فاتحہ شب برات نہ کیا جاوے وہ مردوں میں شامل نہیں ہوتا یہ بھی محض تصنیف یاران اور بالکل لغو ہے بلکہ رواج ہے کہ اگر تہوار سے پہلے کوئی مر جاوے تو کنبہ بھر میں پہلا تہوار نہیں ہوتا۔ حدیثوں میں صاف مذکور ہے کہ جب مردہ مرتا ہے تو مرتے ہی اپنے جیسے لوگوں میں جا پہنچتا ہے یہ نہیں کہ شب برات تک اٹکا رہتا ہے۔

(۵) حلوے کی ایسی پابندی ہے کہ بدون اس کے سمجھتے ہیں کہ شب برات ہی نہیں ہوئی اس پابندی میں اکثر فساد عقیدہ بھی ہو جاتا ہے کہ اس کو موکد ضروری سمجھنے لگتے ہیں، فساد عمل بھی ہو جاتا ہے۔ فرائض و واجبات سے زیادہ اس کا اہتمام کرنے لگتے ہیں اور ان دونوں کا معصیت ہونا فصل اول میں بالتشریح مذکور ہو چکا ہے۔ ان خرابیوں کے علاوہ تجربہ سے ایک اور خرابی ثابت ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ نیت بھی فاسد ہو جاتی ہے۔ ثواب وغیرہ کچھ مقصود نہیں رہتا ہے خیال ہو جاتا ہے کہ اگر اب کے نہ کیا تو لوگ کہیں گے کہ اب کے خست اور



Marfat.com

ناداری نے گھیر لیا ہے اس الزام کے رفع کرنے کے لئے جس طرح بن پڑتا ہے مزار کر کرتا ہے۔ ایسی نیت سے صرف کرنا محض اسراف وتفاخر ہے جس کا گناہ ہونا بار ہا مذکور ہو چکا ہے کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ اس کے لئے قرض سودی لینا پڑتا ہے۔ یہ جدا گناہ ہے۔

(۶) جو لوگ مستحق اعانت ہیں ان کو کوئی بھی نہیں دیتا یا ادنی درجہ کا پکا کر ان کو دیا جاتا ہے اکثر اہل ثروت و برادری کے لوگوں کو بطور معاوضہ کے دیتے لیتے ہیں اور نیت اس میں یہی ہوتی ہے کہ فلاں شخص نے ہمارے یہاں بھیجا ہے اگر ہم نہ بھیجیں گے تو وہ کیا کہے گا۔ غرض اس میں بھی وہی ریاء وتفاخر ہو جاتا ہے۔

(۷) بعض لوگ اس تاریخ میں مسور کی دال ضرور پکاتے ہیں اس ایجاد کی وجہ آج تک معلوم نہیں ہوئی۔ لیکن اس قدر ظاہر ہے کہ موکد سمجھنا بلاشک معصیت ہے یہ تو کھانا پکانے میں مفاسد ایجاد کرتے ہیں۔ ان کے علاوہ آتشبازی کی رسم اس شب میں شامل ہے۔ اس کی نسبت باب اول میں بیان ہو چکا ہے۔ حاجت اعادہ نہیں۔ تیسرے زیادتی اس میں یہ کی گئی ہے کہ بعض لوگ شب بیداری کے لئے ذوالفضل سے زیادہ اس میں لوگوں کو جمع کرنے کا اہتمام کرتے ہیں ہر چند کہ اجتماع سے شب بیداری سہل تو ہو جاتی ہے مگر نفل عبادت کے لئے لوگوں کو ایسے اہتمام سے بلانا اور جمع کرنا یہ خود خلاف شریعت ہے۔ جیسا ابھی باب کی فصل اول میں بیان ہو چکا ہے۔ البتہ اتفاقاً کچھ لوگ جمع ہو گئے اس کا مضائقہ نہیں۔

(۸) بعض لوگوں نے اس میں برتنوں کا بدلنا اور گھر لیپنا اور خود اس شب میں چراغوں کا زیادہ روشن کرنا عادت کر لی ہے یہ بالکل رسم کفار کی نقل ہے

اور حدیث تشبہ سے حرام ہے۔ حدیث سے اس زمانہ میں تین امر ثابت ہوئے ہیں
ان کو بطور مسنون ادا کرنا موجب ثواب و برکات کا ہے۔ اول پندرہویں شب
کو گورستان میں جاکر اموات کے لئے دعاء استغفار کرنا اور کچھ صدقہ وخیرات دیکر
بھی اگر مردوں کو اس کا ثواب بخش دیا جاوے تو وہی دعاء واستغفار اس کے لئے
اصل نکل سکتی ہے کہ مقصود دونوں سے نفع رسانی اموات کی ہے مگر اس میں کسی
بات کا پابند نہ ہو اگر وقت پر میسر ہو خفیہ کچھ دے دلادے باقی حدود شرعی سے
تجاوز نہ کرے دوم اس شب میں بیدار رہ کر عبادت کرنا خواہ خلوت میں ہو یا دو
چار آدمیوں کے ساتھ جن کے جمع کرنے کے لئے کوئی خاص اہتمام نہ کیا گیا
ہو۔ سوم پندرہویں تاریخ کو روزہ نفل رکھنا ان عبادتوں کو مسنون طور پر
ادا کرنا نہایت احسن ہے اور عید الفطر میں سویاں پکانا فی نفسہ مباح ہے
مگر لوگوں نے اس میں خرابیاں پیدا کرلی ہیں۔

(۱) اس کو ضروری سمجھتے ہیں۔ حتیٰ کہ اگر سویاں نہ پکائی جاویں تو گویا عید ہی
نہیں ہوئی۔ ایسے التزام واہتمام کا خلاف شرع ہونا اوپر مذکور ہوچکا ہے۔

(۲) اس پابندی کی بدولت یہاں تک نوبت پہنچتی ہے اگر پاس خرچ نہ ہو
تو قرض لے کر گو سودی ہی ملے ضرور اس کا اہتمام کرتے ہیں۔

(۳) اس کی نسبت ایک موضوع روایت مشہور کی ہے کہ حضرت فاطمہ رضؓ
نے آٹا پکا کر مروڑیاں جمع کر کے سویاں پکائی تھیں یہ محض تہمت ہے کہیں ثابت نہیں

(۴) اور دینے لینے میں ریاء وتفاخر ہونا یہاں بھی موجود ہے اکثر اعزاء واقارب
کے بچوں کو شرم اتارنے کے لئے دیا جاتا ہے خواہ گنجائش ہو یا نہ ہو پھر جانب



Marfat.com

ثانی سے اسی دن یا اگلی عید بقرعید کو نہایت ضروری سمجھ کر اس کا عوض ادا کیا جاتا ہے۔ جو مصیبت نوتہ میں تھی وہی یہاں بھی ہے۔ اسی طرح سویوں کا طباق جہاں اس نے اس کی بہو کو اور اس نے اس کی بہو کو دیا لیا جس کو ٹھیٹھ بدلوائی کہا جاوے تو نہایت زیبا ہے۔ اسی دل لگی میں جانبین پر پورا بار ہو گیا اس تاریخ میں حضرت پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف اس قدر ثابت ہے کہ چند خرما نوش فرما کر عیدگاہ تشریف لے جاتے تھے اگر رغبت و لذت کے لئے دودھ سویاں وغیرہ بھی اضافہ کرے تو مباح ہے مگر اس کا ایسا پابند نہ ہو جس سے مفاسد مذکورہ لازم آویں کبھی کبھی ناغہ بھی کر دیا کریں۔ گنجائش نہ ہونے کے وقت خواہ مخواہ فکر میں نہ پڑے اور گنجائش کے وقت بھی رسوم کا اتباع نہ کرے بے تکلفی سے جو ہو جاوے اس پر بس کرے۔

عشرۂ محرم میں حدیث سے دو امر ثابت ہیں۔ نویں دسویں کا روزہ اور دسویں تاریخ اپنے گھر والوں کے خرچ میں قدرے وسعت کرنا جس کی نسبت وارد ہوا ہے کہ اس عمل سے سال بھر تک روزی میں وسعت رہتی ہے باقی امور حرام یہ ہیں :-

(۱) تعزیہ بنانا جس کی وجہ سے طرح طرح کا فسق و شرک صادر ہوتا ہے بعض جہلاء کا اعتقاد ہوتا ہے کہ نعوذ باللہ اس میں حضرت امام حسین رونق افروز ہیں اور اس وجہ سے اس کے آگے نذر و نیاز رکھتے ہیں جس کا اہل بہ لغیر اللہ میں داخل ہو کر کھانا حرام ہے اس کے آگے دست بستہ تعظیم سے کھڑے ہوتے ہیں۔ اس طرف پشت نہیں کرتے اس پر عرضیاں لٹکاتے ہیں اس کے

دیکھنے کو زیارت کہتے ہیں اور اس قسم کے واہی تباہی معاملات کرتے ہیں جو صریح شرک ہیں ان معاملات کے اعتبار سے تعزیہ اس آیت کے مضمون میں داخل ہے اتعبدون ما تنحتون اور طرفہ ماجرا یہ ہے کہ یا تو اس کی ہجد تعظیم و تکریم ہو رہی تھی اور یا دفعتہ اس کو جنگل میں لے جا کر توڑ پھوڑ برابر کیا معلوم نہیں آج وہ ایسا بے قدر کیوں ہو گیا۔ واقعی جو امر خلاف شرع ہوتا ہے وہ عقل کے بھی خلاف ہوتا ہے۔ بعضے نادان لوگ کہتے ہیں کہ صاحب اس کو حضرت امام عالی مقام کے ساتھ نسبت ہو گئی اور ان کا نام لگ گیا۔ اس لئے تعظیم کے قابل ہو گیا۔ جواب اس کا یہ ہے کہ نسبت کی تعظیم ہونے میں کوئی کلام نہیں مگر جب کہ نسبت واقعی ہو۔ مثلاً حضرت امام حسین رضؓ کا کوئی لباس ہو یا اور کوئی ان کا تبرک ہو۔ ہمارے نزدیک بھی وہ قابل تعظیم ہے اور جو نسبت اپنی طرف سے تراشی ہوئی ہو وہ ہرگز اسباب تعظیم سے نہیں ورنہ کل کو کوئی خود امام حسین رضؓ ہونے کا دعوی کرنے لگے تو چاہئے کہ اس کی اور زیادہ تعظیم کرنے لگو حالانکہ بالیقین اس کو گستاخ و بے ادب قرار دیکر اس کی سخت توہین کے درپے ہو جاؤ گے اس سے معلوم ہوا کہ نسبت کاذبہ سے وہ شے معظم نہیں ہوتی۔ بلکہ اس کذب کی وجہ سے زیادہ اہانت کے قابل ہوتی ہے اس بنا پر انصاف کرو کہ یہ تعزیہ تعظیم کے قابل ہے یا اہانت کے

(۲) معازف و مزامیر کا بجانا جس کی حرمت حدیث میں صاف صاف مذکور ہے اور باب اول میں وہ حدیث لکھی گئی ہیں اور قطع نظر خلاف شرع ہونے کے عقل کے بھی تو خلاف ہے معازف و مزامیر تو سامان سرور ہیں۔ سامان غم میں

لہ کیا ایسی چیز کو پوجتے ہو جس کو خود تراشتے ہو ۱۲



Marfat.com

اس کے کیا معنی یہ تو در پردہ خوشی منانا ہے۔ بریں دعوئے الفت آفریں۔

(۳) مجمع فساق و فجار کا جمع ہونا جس میں وہ فحش واقعات ہوتے ہیں۔ کہ ناگفتہ بہ ہیں۔

(۴) نوحہ کرنا جس کے بارے میں سخت وعیدیں آئی ہیں ابوسعید رضؓ سے روایت ہے کہ لعنت فرمائی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نوحہ کرنیوالے اور اس کی طرف کان لگانے والے کو روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔

(۵) مرثیہ پڑھنا جس کی نسبت حدیث میں صاف ممانعت آئی ہے۔ ابن ماجہ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرثیوں سے منع فرمایا ہے۔

(۶) اکثر موضوع روایات پڑھنا جس کی نسبت احادیث میں سخت وعیدیں آئی ہیں

(۷) ان ایام میں قصداً زینت ترک کرنا جس کو سوگ کہتے ہیں اور حکم اس کا شریعت میں یہ ہے کہ عورت کو صرف خاوند پر چار ماہ دس دن یا وضع حمل تک واجب ہے اور دوسرے عزیزوں کے مرنے پر تین دن جائز ہے باقی حرام سو اب تیرہ سو سال کے بعد یہ عمل کرنا بلاشک حرام ہے۔

(۸) کسی خاص لباس یا کسی خاص رنگ میں اظہارِ غم کرنا ابن ماجہ میں حضرت عمران ابن حصین سے ایک قصے میں منقول ہے۔ کہ ایک جنازہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو دیکھا کہ غم میں چادر اتار کر صرف کرتہ پہنے ہیں یہ وہاں غم کی اصطلاح تھی آپ نہایت ناخوش ہوئے اور فرمایا کیا جاہلیت کے کام کرتے ہو یا جاہلیت کی رسم کی مشابہت کرتے ہو میرا تو یہ ارادہ ہوگیا تھا کہ تم پر ایسی بد دعا کروں کہ تمہاری صورتیں مسخ ہو جائیں پس فوراً ان لوگوں نے اپنی چادریں اوڑھ لیں اور پھر کبھی ایسا



Marfat.com

نہیں کیا اس سے ثابت ہوا کہ کوئی خاص وضع وہئیت اظہارِ غم کے لئے بنانا بھی حرام ہے۔

(۹) بعض لوگ اپنے بچوں کو امام حسین رضؓ کا فقیر بناتے ہیں اور ان سے بعضے بھیک بھی منگواتے ہیں اس میں اعتقادی فساد تو یہ ہے کہ اس عمل کو اس کی طولِ حیات میں موثر جانتے ہیں یہ صریح شرک ہے کہ بھیک مانگنا بلا اضطرار حرام ہے۔

(۱۰) حضرات اہل بیت کی اہانت بر سر بازار کرتے ہیں اگر ایام غدر کے واقعات جس میں کسی خاندان کی عورتوں کا ہتک ہوا ہو اس طرح علی الاعلان گائے جاویں اس خاندان کے مردوں کو کس قدر غیظ و غضب آئے گا۔ پھر سخت افسوس ہے کہ حضرات اہل بیت کے حالات اعلان کرنے میں غیرت بھی نہ آئے اور اس طرح کے بہت سے امور قبیحہ ہیں جو ان دنوں میں کئے جاتے ہیں ان کا اختیار کرنا اور ایسے مجمع میں جانا سب حرام ہے اور یہی تمام فضیحتیں پھر چہلم کو دہرائی جاتی ہیں اور بعض امور فی نفسہ مباح تھے مگر بوجہ فساد عقیدہ یا عمل کے وہ بھی ممنوع ہو گئے

(۱) کھچڑا یا اور کچھ کھانا پکا کر احباب یا مساکین کو دینا اور اس کا ثواب حضرت امام حسین کو بخش دینا اس کی اصل وہی حدیث ہے کہ جو شخص اس دن میں اپنے اہل و عیال پر وسعت دے اللہ تعالیٰ سال بھر تک اس پر وسعت فرماتے ہیں وسعت کی یہ بھی ایک صورت ہو سکتی ہے کہ بہت سے کھانے پکائے جاویں خواہ جدا جدا یا ملا کر کھچڑی میں کئی جنس مختلف ہوتی ہیں اس لئے وہ اس وسعت میں داخل ہو سکتا تھا۔ چنانچہ درمختار میں ہے ولا باس بالمعتاد خلطا ویوجہ۔ جب



Marfat.com

اہل و عیال کو دیا کچھ غریب غربا کو بھی دیدیا۔ حضرت اامین کو بھی ثواب بخش دیا مگر چونکہ لوگوں نے اس میں طرح طرح کی رسوم کی پابندی کر لی ہے گویا خود اس کو ایک تہوار قرار دیدیا ہے اس لئے رسم کے طور پر کرنے سے ممانعت کی جائے گی بلا پابندی اگر اس روز کچھ فراخی خرچ میں کھانے پینے میں کردے تو مضائقہ نہیں۔

(۲) شربت پلانا یہ بھی اپنی ذات میں مباح تھا کیونکہ جب پانی پلانے میں ثواب ہے تو شربت پلانے میں کیا حرج تھا۔ مگر وہی رسم کی پابندی اس میں ہے اور اس کے علاوہ اس میں اہل رفض کے ساتھ تشبہ بھی ہے اس لئے یہ بھی قابل ترک ہے تیسرے اس میں ایک مضمر خرابی یہ ہے کہ شربت اس مناسبت سے تجویز کیا گیا ہے کہ حضرات شہداء کربلا پیاسے شہید ہوئے تھے اور شربت مسکن عطش[۱] ہے۔ اس لئے اس کو تجویز کیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے عقیدہ میں شربت پہنچتا ہے جس کا باطل اور خلاف قرآن مجید ہونا فصل دوم میں مذکور ہو چکا ہے اور اگر پلانے کا ثواب پہنچتا ہے تو ثواب سب یکساں ہے کیا صرف شربت دینے کو ثواب میں تسکین عطش کا خاصہ ہے پھر یہ بھی اس سے لازم آتا ہے کہ ان کے زعم میں اب تک شہداء کربلا نعوذ باللہ پیاسے ہیں یہ کس قدر بے ادبی ہے۔ ان مفاسد کی وجہ سے اس سے بھی احتیاط لازم ہے۔

(۳) شہادت کا قصہ بھی بیان کرنا یہ بھی فی نفسہ چند روایات کا ذکر کر دینا ہے اگر صحیح ہوں تو روایات کا بیان کر دینا فی ذاتہ جائز تھا مگر اس میں یہ خرابیاں عارض ہو گئیں۔ (۱) مقصود اس بیان سے ہیجان اور جلب غم اور گریہ نزاری

[۱] پیاس بجھانے والا۔ ۱۲



Marfat.com

کا ہوتا ہے اس میں صریح مقابلہ شریعت مطہرہ کا ہے کیونکہ شریعت میں ترغیب صبر مقصود ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ مزاحمت شریعت کی سخت معصیت اور حرام ہے اس لئے گریہ وزاری کو بھی قصداً یاد کر کے لانا جائز نہیں البتہ غلبۂ غم سے اگر آنسو آجائیں تو اس میں گناہ نہیں۔ (۲) لوگوں کو اس لئے بلایا جاتا ہے اور ایسے امور کے لئے تداعی واہتمام خود ممنوع ہے (۳) اس میں مشابہت اہل رفض کے ساتھ بھی ہے اس لئے ایسی مجلس کا منعقد کرنا اور اس میں شرکت کرنا سب ممنوع ہے چنانچہ مطالب المؤمنین میں صاف منع لکھا ہے اور قواعد شرعیہ بھی اس کے شاہد ہیں اور یہ تو اس مجلس کا ذکر ہے جس میں کوئی مضمون خلاف نہ ہو اور نہ وہاں نوحہ و ماتم ہو اور جس میں مضامین بھی غلط ہوں یا بزرگوں کی توہین ہو یا نوحہ حرام ہو جیسا کہ غالب اس وقت میں ایسا ہی ہے تو اس کا حرام ہونا ظاہر ہے اور اس سے بدتر خود شیعہ کے مجالس میں جا کر شریک ہونا بیان سننے کے لئے یا ایک پیالہ فیرینی اور دو نان کے لئے۔

# چوتھی فصل

منجملہ ان رسوم کے وہ رسوم ہیں جو کسی کے مرنے میں برتی جاتی ہیں۔ اول تجہیز یا تکفین یا نماز میں اس وجہ سے دیر کرتے ہیں کہ فلاں عزیز شریک ہو جاوے یا جمعہ میں زیادہ مجمع ہوگا۔ وہاں نماز ہونا زیادہ اچھا ہے سو سمجھ لینا چاہئے کہ یہ بالکل شریعت کے خلاف ہے۔ حدیث میں صاف حکم ہے کہ جنازہ میں ہرگز دیر مت کرو۔ فقہاء نے بعض وقتی نمازوں سے اس کو مقدم رکھا ہے اور اگر



Marfat.com

رونے پیٹنے میں دیر لگائی جاوے تو وہ اور بھی زیادہ برا ہے۔ دوم بعض لوگ جنازہ کے ساتھ کچھ اناج اور پیسے وغیرہ لے جاتے ہیں اور اس کو وہاں خیرات کر دیتے ہیں سو چونکہ یہ فعل بالیقین ناموری کے واسطے کیا جاتا ہے اس لئے خلاف شرع ہے اور اکثر اس مقام پر غیر مستحقین زیادہ جمع ہو جاتے ہیں اس لئے اولے یہ ہے کہ جو کچھ دینا ہو اپنے گھر پر خفیۃً مستحقین کو سوچ سمجھ کر دیں اور وہ بھی مشترک ترکہ سے نہ ہو جیسا آئندہ آتا ہے۔ سوم اکثر کفن کے ساتھ جانماز اور اوپر کے ڈالنے کی چادر بھی ترکہ میت سے خریدی جاتی ہے۔ سو چونکہ یہ دونوں چیزیں کفن مسنون سے خارج ہیں اس لئے ترکہ میں سے جو کہ سب ورثہ میں مشترک ہے اور ممکن ہے کہ ان میں بعض نابالغ رہے ہوں یا بعض یہاں حاضر نہ ہوں ان کا خریدنا ان کے مال میں ناجائز تصرف کرنا ہے اول تو ان چیزوں کی حاجت نہیں بلکہ اس کی پابندی التزام مالا یلزم ہے اور اگر بلا پابندی کسی مصلحت سے اس کو رکھا جاوے تو کوئی شخص بالغ خاص اپنے مال سے خریدے تو مضائقہ نہیں البتہ عورتوں کے جنازہ پر پردہ کے لئے ضروری ہے۔ اس وجہ سے ترکہ سے خریدنا بھی جائز ہے۔ چہارم رسم ہے کہ مردہ کے مرتے ہی اس کے کپڑے لتے نکال کر حاجتمندوں کو دیتے ہیں۔ اس میں بھی وہی خرابی ہے۔ جو امر سوم میں ذکر کی گئی۔ تا وقتیکہ ترکہ تقسیم نہ ہو جاوے ہرگز اس میں ایسے تصرفات نہ کریں یا البتہ اگر سب وارث بالغ ہوں اور وہاں موجود ہوں اور بطیب خاطر سب متفق ہو کر دیدیں تو تقسیم کی حاجت نہیں بلا تقسیم بھی جائز ہوگا۔ پنجم اکثر تیسرے روز مردہ کے مکان پر یا اس کے محلہ کی مسجد میں برادری کے لوگ اور ساکین وغیرہ



Marfat.com

جمع ہو کر قرآن مجید اور کلمہ طیبہ ختم کر کے مردے کو بخشتے ہیں اور کہیں کھانا اور کہیں نقد اور کہیں نخود بریاں پڑھنے والوں کو تقسیم ہوتے ہیں۔ اور جلسہ برخاست ہونے کے قبل جس جس کا دل چاہے کچھ متفرق رکوع کچھ معین سورتیں بآواز بلند پڑھ کر جس کو پنج آیت کہتے ہیں دعا کر کے ختم کر دیتے ہیں۔ یہ عمل بظاہر تو بہت خوبصورت معلوم ہوتا ہے مگر اس کی اندرونی حالت دیکھنے کے قابل ہے۔

تجربہ و مشاہدہ سے یہ امر درجۂ یقین کو پہنچ گیا ہے کہ دوست آشنا اور برادری کے لوگ تو محض رفع شکایت کی غرض سے آتے ہیں ایصال ثواب ہرگز مقصود نہیں ہوتا بھا جتنے کہ اگر کوئی عزیز اپنے گھر بیٹھ کر پورا قرآن ختم کر کے بخش دے تو اہل میت ہرگز راضی نہ ہوں اور شکایت ان کی رفع نہ ہو اور یہاں حاضر ہو کر یوں ہی تھوڑی دیر بیٹھ کر اور کوئی بہانہ حیلہ کر کے چلا جاوے گا تو شکایت سے بچ جاوے گا

اور بار بار بیان ہو چکا ہے کہ جو عمل ایسے فاسد اغراض سے ہوتا ہے اس کا کچھ ثواب نہیں ملتا جب اس کو ثواب نہ ملا مردے کو کیا دے گا رہ گئے مساکین ان کو اگر یہ معلوم ہو جاوے کہ وہاں جا کر صرف پڑھنا پڑے گا۔ ملے ملاوے گا کچھ نہیں ہرگز ایک بھی نہ آوے۔ سو ان کا آنا محض اس توقع سے ہوتا ہے کہ کچھ ملے گا۔ جب ان کو عوض دنیوی مقصود ہو گیا ان کا پڑھنا بھی خالصاً للہ نہ رہا اس لئے اس کا ثواب بھی نہ ملے گا۔ پھر مردہ کو کیا بخشے گا۔ غرض یہ ساری مشقت اور سامان سب رائیگاں ہے۔ بلکہ قرآن خوانی کو جو ان لوگوں نے ذریعہ جاہ و مال کا بنایا اس کا گناہ سر پر الگ رہا۔ اور جس طرح قرآن کا عوض لینا جائز نہیں اسی طرح دینا بھی جائز نہیں اس بنا پر یہ نخود و طعام تقسیم کرنے والا بھی اس الزام سے بری نہ رہا



Marfat.com

اور التزام و تعیین کی کراہت ان سب کے علاوہ ہے۔ اور بعض موقعوں پر پھول وغیرہ بھی تقسیم ہوتے ہیں۔ یہ صاف تشبہ بالکفار ہے۔ اسی طرح پنج آیت میں بھی ہر شخص اپنی قرأت کا اظہار کرتا ہے اور ریاء کا معصیت ہونا ظاہر ہے پھر وہی التزام اور تعین کا قصہ اس میں بھی ہے۔

ششم اکثر جگہ دستور ہے کہ کچھ معین تاریخوں میں یا ان کے قریب قریب آگے پیچھے کچھ کھانا پکا کر برادری میں تقسیم ہوتا ہے اور کچھ مساکین کو کھلاتے ہیں۔ اور اس کا ثواب مردے کو بخشتے ہیں۔ اس میں بھی وہی قصہ ریاء و تفاخر کا ہے اور اتباع رسم کی وجہ سے اس کی ایسی پابندی ہے کہ بعض اوقات قرض لے کر کرتے ہیں اور اگر کوئی ان سے کہے کہ جتنے دام اس میں صرف کرتے ہو وہ دام خفیہ طور پر دیدو تو یہ ہرگز گوارا نہ ہو اور یہی خیال کریں کہ واہ اس قدر خرچ بھی کیا اور کسی کو اطلاع بھی نہ ہوئی۔ اور اکثر ترکہ مشترکہ میں یہ رسم ادا کی جاتی ہیں جس کا ممنوع ہونا ابھی بیان ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ اس میں برادری کا کیا حق ہے۔ غیر مستحقین کو دینا یہ بھی اضاعت مال ہے۔ جس کی ممانعت حدیث و قرآن میں موجود ہے۔ اس قدر مفاسد اس تقسیم طعام میں مجتمع ہیں اس لئے یہ بھی واجب الترک ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ پھر ایصال ثواب کس طرح کریں۔ جواب یہ ہے کہ جس طرح سلف صالحین کرتے تھے بلا تقید و تخصیص اپنی ہمت کے موافق حلال مال سے مساکین کی خفیہ مدد کریں اور جو کچھ توفیق ہو لبطور خود قرآن وغیرہ ختم کر کے اس کو پہنچا دیں یا قبرستان میں قبل دفن جو فضول خرافات میں وقت گزار دیتے ہیں اس وقت کچھ کلمہ کلام ہی پڑھتے رہا کریں بلکہ یہ وقت

مردہ کی زیادہ دستگیری کے قابل ہے۔ اور حدیث میں بھی ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن معاذ رضؓ کو دفن کر کے کچھ تسبیح وغیرہ پڑھیں جس سے ان کو ضیق قبر سے نجات ہوئی۔ غرض ایصال ثواب سے کوئی منع نہیں کرتا البتہ منکرات و مکروہات سے منع کرتے ہیں جن سے ثواب بھی نصیب نہیں ہوتا اور مال بھی برباد ہوتا ہے

ہفتم میت کے گھر عورتیں کئی کئی بار جمع ہوتی ہیں۔ اور وہاں پان چھالیہ اور کھانا کھاتی ہیں سو اس میں کئی امر مکروہ جمع ہیں۔ اول تو کئی کئی بار تعزیت کرنا جس کو درمختار میں تصریحاً ممنوع لکھا ہے۔ اور عقل میں بھی تو یہ بات آتی ہے کہ بار بار غم کا یاد دلانا ایک نامعقول حرکت ہے تعزیت کی حرکت تو یہ ہے کہ یاد شدہ غم کو بھلا دیا جائے نہ یہ کہ بھولے ہوئے غم کو یاد دلایا جائے۔ پھر یہ کہ جو تعزیت کے معنی ہیں کہ اہل میت کو تسلی دیں کہ ان کو صبر کی فہمائش کریں اس کا تو کہیں پتہ بھی نہیں ہوتا بعض تو اس قصہ کو زبان تک نہیں لاتیں اگر مجمع میں بیٹھ گئیں تو غیبتیں شکایتیں جہان بھر کی شروع ہو جاتی ہیں۔ ذرا کوئی پوچھے تو کہ تمہاری تشریف آوری سے کیا فائدہ ہوا بس ایک الزام اتارنا ہے اور کچھ بھی نہیں۔ اور بعض جو دردمند ہیں وہ عقلمند بجائے اس کے کہ صبر دلائیں اور الٹا صاحب خانہ کے گلے لگ کر رونا پیٹنا شروع کر دیتی ہیں اس میں بڑی محبت ظاہر ہوتی ہے۔ استغفر اللہ نوحہ اور چلانے کا جو گناہ ہے وہ الگ رہا خود عقل کے بھی تو خلاف ہے۔ ہمدردی کے معنی تو یہ ہیں کہ اہل میت کے دل کو تھاما جاوے نہ کہ اور زیادہ برانگیختہ کیا جاوے تو غرض یہ بھی تعزیت نہ ہوئی۔ تو عورتوں کا آنا محض بیکار ٹھیرا اور ان کے جمع ہونے میں اور بھی بہت سی خرابیاں ہیں۔ جو تجربہ سے معلوم ہوتی ہیں۔ اور باب دوم میں کسی قدر اس جمعیت نامبارک



Marfat.com

کا بیان بھی ہو چکا ہے۔

دوسرے میت کے گھر آکر اپنی مہمانداری[1] کرانا ان سے پان چھالیہ لینا یا کھانا لینا خود ایک امر مذموم ہے چنانچہ کتب فقہ میں تصریح موجود ہے البتہ جو دور کا مہمان ہو اور تعزیت کے لئے آیا ہو اس کے لئے جائز ہے چنانچہ درمختار میں کتاب الوصیت میں مذکور ہے۔ غرض کہ اہل میت پر اس قسم کا بار ڈالنا اور ان کو تکلیف پہنچانا بالکل خلاف شرع اور نہایت ہی بے دردی کی دلیل ہے ہمارے اطراف میں ایسا برا دستور ہے کہ مدتوں میت کے گھر گاڑیوں کی چڑھائی رہتی ہے گھر والا دانہ گھاس دیتے دیتے اور ان مہمانوں کی خاطرداری کرتے کرتے تنگ ہو جاتا ہے۔ حدیث میں بالتصریح میزبان کو تنگ کرنے کی حرمت وارد ہے اور غضب در غضب یہ ہے کہ بیوہ عورت کو ایک بار تو شوہر کی موت پر اس طرح تنگ کیا تھا کہ ابھی وہ اس بار سے ہلکی نہ ہونے پائی تھی کہ انقضائے عدت کے وقت پھر وہی فوج کشی ہوتی ہے گویا عدت کوئی تنگ کوٹھری ہے کہ اس میں سے نکالنے کے واسطے مجمع عظیم کی ضرورت ہے کہ کوئی ہاتھ پکڑے گا کوئی پاؤں پکڑے گا اور سب مل کر اس سے نکالیں گے۔ نعوذ باللہ۔

تیسرے یہ خرابی ہے کہ ان تمام نزدیک و دور کے مہمانوں کا خرچ گھر والا ترکہ مشترکہ میں سے لٹاتا ہے یہ بھی صحیح ظلم اور حق تلفی دوسرے ورثہ کی ہے جسکو مہمانداری کرنا ہو اپنے حصہ میں سے کرے دوسروں کے مال میں تصرف کرنا بلا اذن معتبر شرعی بالکل حرام ہے اور یہ عذر کرنا کہ میرا حصہ ان مصارف کے لئے کافی نہیں بالکل بیجا بات ہے اگر یہ سب حصے بھی کافی نہ ہوں تو کیا پڑوسیوں کی چوری بھی حلال ہو جاوے گی غرض یہ قافلہ مہمانوں کا اس گناہ کا بھی باعث ہوتا ہے اس لئے یہ مناسب ہے کہ

[1] خواہش کرنا ۱۲۔



Marfat.com

جو مرد عورت پاس کے ہیں وہ کھڑے کھڑے آویں اور تعزیت کر کے چلے جاویں پھر دوبارہ آنے کی ضرورت نہیں نہ کوئی تاریخ معین کرنے کی حاجت جب جس کو فرصت ملے ہو جایا کرے اور جو دور کے ہیں اگر سمجھیں کہ بدوں ہمارے گئے ہوئے اہل مصیبت کو ہرگز صبر نہ آوے گا تو اس مصلحت اور ضرورت سے آویں تو مضائقہ نہیں ورنہ خط سے تعزیت ادا کریں کہ یہ بھی سنت ہے۔ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے تو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو ان کے بیٹے کے مرنے میں خط ہی سے تعزیت فرمائی تھی۔ ہشتم دستور ہے کہ اہل میت کے لئے اول روز کسی عزیز قریب کے گھر سے کھانا آتا ہے یہ فعل فی نفسہ جائز بلکہ مسنون اور قرین مصلحت ہے مگر اس میں چند مفاسد پیدا ہو گئے ہیں ان کی اصلاح واجب ہے۔ اول اس میں ادلا بدلا ہونے لگتا ہے کہ انہوں نے ہمارے یہاں دیا تھا ہم ان کے گھر دیں یہ کوئی تجارت نہیں یا غمزدوں کی دستگیری ہے۔ اس میں غضب یہ ہے کہ قرض چلنے لگا۔ خلاصہ یہ کہ یہ ایک تبرع ہے اور تبرع میں جبر حرام ہے۔ جب ایک شخص نے محض رسم کی درجہ سے واجب ادا سمجھا تو یہ جبر صریح ہے۔ بعض اوقات جب گنجائش نہیں ہوتی قرض لینے کی نوبت آتی ہے۔ تو ایسی پابندی بلاشک مکروہ ہے اس میں بے تکلفی و سادگی مناسب ہے جس عزیز کو توفیق ہو کھانا بھیج دے نہ اس میں ادلے بدلے کی ضرورت و رعایت چاہئے اور نہ ترتیب قرابت کے لحاظ کی ضرورت ہے کہ ہائے فلاں کس طرح بھیجے میں اس کی نسبت زیادہ نزدیک کا رشتہ دار ہوں اس پر تکرار ہے اصرار ہے ہرگز دور کے رشتہ دار کو نہیں بھیجنے دیتے مرتے ہیں مارے شرم کے ہیں قرض کرتے ہیں اور بھیجتے ہیں۔ بس وہی مصیبت بدنامی مٹانے کی دوم اہل میت کے دو چار آدمی ہوں مگر



Marfat.com

کھانا بچتا ہے دور تک کے کنبے کا یہ بھی محض حد شرعی سے تجاوز ہے اہل میت پر چونکہ غلبہ غم کا ہوتا ہے اس لئے وہ پکانے کا اہتمام نہیں کرتے ہیں سارے کنبہ پر ہرگز ایسا غلبہ نہیں ہوتا کہ ان کے چولہے بھی سرد ہو جاویں۔ ہرگز نہ ان کو کھانا جائز نہ ان کے لئے پکانا جائز بس مختصر سا کھانا کافی ہے۔

نہم دستور ہے کہ قبر پر یا گھر پر حفاظ کو بٹھلا کر کہیں دس روز کہیں چالیس روز یا کم و بیش قرآن مجید ختم کراتے ہیں۔ پھر ان کو کچھ اسباب کچھ نقد وغیرہ دیتے ہیں گو اس کو لوگ کوشش کر کے درست بنانا چاہتے ہیں۔ مگر بات کھلی ہوئی ہے کہ جب مقصود جانبین کا اجرت دینا لینا ہے اور طاعت پر اجرت لینا جائز نہیں اس لئے یہ فعل ہرگز درست نہیں نہ ایسے قرآن پڑھنے کا ثواب ملے جب پڑھنے والے کو نہ ملا تو مردہ کو کیا پہنچے گا۔ بعض لوگوں کو شبہ پڑ گیا ہے کہ آخر ضرورت کے واسطے متاخرین نے تعلیم قرآن پر اجرت لینا جائز فرمایا ہے۔ جواب خود اس سوال میں موجود ہے یعنی وہاں ضرورت کی وجہ سے ایسا کیا کہ اندیشہ قرآن مجید کے ضائع ہو جانے کا تھا یہاں کون سے دین کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہے۔ البتہ دوستوں کو بطور خود پڑھ کر بخشنا موجب نفع ہے۔ بعض ملکوں میں یہ غضب ہے کہ جنازہ کی نماز پڑھانے پر قبر کی زیارت کرنے پر اجرت لیتے ہیں۔ یہ اس سے بڑھ کر ہے اور اس کے حرام ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔

دہم اہل میت مدتوں تک سوگ کرتے ہیں۔ چنانچہ پہلا تہوار آتا ہے اس میں خوشی نہیں کرتے حد شرعی سے بڑھ کر سوگ کرنا یہ بھی حرام ہے۔



Marfat.com

# پانچویں فصل

منجملہ ان رسوم کے رمضان المبارک کے بعض معمولات ہیں جو لوگوں میں شائع ہیں۔ اوّل حفاظ کی عادت ہے کہ اپنا قرآن سنا کر دوسرے حفاظ کا سنتے پھرتے ہیں ہر چند کہ قرآن مجید کا سننا اور اس کے لئے جانا بہت خوبی کی بات ہے مگر ان حضرات کی اکثر نیت یہ ہوتی ہے کہ اس کی غلطی پر مطلع ہو کر اس کو فضیحت کریں گے ظاہر ہے کہ کسی مسلمان کی عیب جوئی کرنا خود حرام ہے قرآن و حدیث میں اس کی حرمت موجود ہے پھر اس کو رسوا کرنا یہ دوسرا گناہ ہے اور گناہ کے ارادہ سے چلنا کہیں جانا یہ بھی گناہ ہے البتہ اگر صرف برکات قرآنی حاصل کرنے کے لئے جاویں یا کسی خوش آواز کا سنکر دل ہی خوش کرنا مقصود ہو تو مضائقہ نہیں۔ پہلی ضرورت عبادت دوسری مباح ہو گی۔ بعضے لوگ اس پر یہ طرہ کرتے ہیں کہ دوسری جگہ کھنکارتے ہیں کہیں لکڑیاں زمین پر یا دیوار پر مارتے ہیں یا لالٹین زمین یا دیوار پر مارتے ہیں۔ یا لالٹین کا رُخ بدل بدل کر اپنی تشریف آوری سے اطلاع دیتے ہیں جس سے پڑھنے والا پریشان ہو کر بھولنے لگے۔ ظاہر ہے کہ کسی عبادت میں خلل ڈالنا خود یہ شیطان کا کام ہے بعضے نماز میں شریک ہو کر قصداً غلط بتلانا شروع کر دیتے ہیں اور اس کے یاد اور عدم یاد کا امتحان لیتے ہیں یہ سب گناہ کی باتیں ہیں اگر کہیں سننے کے لئے جاوے چپکے سے جا کر یا تو بیٹھ جاوے یا بہتر ہے نماز میں شریک ہو جاوے اور جب مقصود حاصل ہو جاوے اسی طرح واپس آجاوے۔

دوم۔ قرآن مجید جلد ختم کرنے کو یا بہت سے قرآن ختم کرنے کو فخر سمجھتے ہیں اور



Marfat.com

اس مقصود کو حاصل کرنے کو خوب تیز پڑھتے ہیں کہ حرف بھی صاف ادا نہیں ہوتے۔ قرآن مجید میں ترتیل کو فرض فرمایا ہے خود اس فرض کا ترک کرنا موجب گناہ ہے خاصکر جب ریا و نمود و فخر کے لئے ہو تو مضاعف[1] گناہ ہے بعض اس قدر زیادہ پڑھتے ہیں کہ مقتدی گھبرا جاتے ہیں۔ حدیث میں امام کو تخفیف صلوٰۃ کا حکم آیا ہے اس میں اس حکم کا ترک لازم آتا ہے یہ بھی برا ہے۔ غرض بقدر تحمل مقتدیوں کے پڑھنا چاہیئے اور وہ صاف صاف گو کئی ختم نہ ہوں۔

سوم بعض حفاظ کی عادت ہے کہ اجرت لے کر قرآن مجید سناتے ہیں طاعت پر اجرت لینا حرام ہے اسی طرح دینا بھی حرام ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہم نے پہلے سے مقرر نہیں کیا اس لئے یہ معاوضہ نہیں ہوا جواب یہ ہے کہ گو پہلے سے نہیں ٹھیرایا نیت تو دونوں کی یہی ہے اور نیت بھی مرتبہ خطرہ و خیال میں نہیں بلکہ مرتبہ عزم میں اگر کسی طور سے یہ معلوم ہو جاوے کہ یہاں کچھ وصول نہ ہوگا تو ہرگز ہرگز تو وہاں پڑھیں ہی نہیں اور فقہ کا قاعدہ ہے کہ معروف مثل مشروط کے ہے جب اس کا رواج ہو گیا اور دونوں کی نیت یہی ہے بلا شک وہ معاوضہ ہے اور تعلیم قرآن پر اجرت لینے کے شبہ کا جواب فصل چہارم میں گزر چکا ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ صاحب بلا اجرت پڑھنے والا تو ہم کو ملتا نہیں اور اجرت دے کر سننا جائز نہیں تو پھر قرآن کیونکر سنیں جواب یہ ہے کہ قرآن پورا سننا فرض نہیں ایک امر مستحب کے لئے مرتکب حرام کا ہونا ہرگز جائز نہیں الم ترکیف سے تراویح پڑھ لو ایسی حالت میں قرآن مجید کا ختم ہونا ضروری نہیں۔

چہارم بعض حفاظ کی عادت ہے کہ لیالی قدر میں یا اور کسی شب میں سب جمع ہو کر ایک یا کئی شخص مل کر قرآن مجید ختم کرتے ہیں اور عرف میں اس کو شبینہ کہتے ہیں۔

[1] دو چند گناہ ہے ۱۲



Marfat.com

اول تو بعض علما نے ایک شب میں قرآن مجید ختم کرنے کو مکروہ کہا ہے کیونکہ اس میں ترتیل وتدبیر کا موقعہ نہیں ملتا مگر چونکہ سلف صالحین سے ایک روز میں ختم کرنا بلکہ بعض سے کئی کئی ختم کرنا منقول ہے اس لیے اس میں گنجائش ہو سکتی ہے مگر اس میں اور بہت سے مفاسد شامل ہو گئے جس کی وجہ سے یہ عمل شبینہ کا بطریق مروج بلاشک مکروہ ہے (۱) ہر شخص کوشش کرتا ہے کہ جس طرح ممکن ہو شب بھر میں قرآن مجید ختم ہو جاوے اور اس وجہ سے نہ ترتیل کی پرواہ ہوتی ہے اور نہ غلطی رہ جانے کا غم ہوتا ہے بعض اوقات خود پڑھنے والے یا سننے والے کو معلوم ہوتا ہے کہ فلاں مقام پر غلطی پڑھی گئی ہے مگر اس ختم کرنے کے خیال سے اس کو اسی طرح چھوڑ دیتے ہیں (۲) اکثر پڑھنے والوں کے دل میں ریا و تفاخر ہوتا ہے کہ زیادہ اور جلدی پڑھنے سے نام ہوگا کہ فلاں نے ایک گھنٹے میں اتنے پارے پڑھے اور ریا و تفاخر کا حرام ہونا ظاہر ہے (۳) بعض جگہ نوافل میں یہ ختم ہوتا ہے اور نوافل کی جماعت خود مکروہ ہے اور اگر تراویح میں پڑھا اس میں یہ خرابی ہوتی ہے کہ اگر سب مقتدی شریک ہوئے تب تو ان پر پورا جبر ہے اور اگر وہ نہ شریک ہوئے تو آج کی تراویح میں جماعت سے محروم رہے یہ جبر اور حرمان دونوں امر مذموم ہیں (۴) بعض لوگ شوق میں شریک تو ہو جاتے ہیں مگر پھر ایسی مصیبت پڑتی ہے کہ توبہ توبہ کھڑے کھڑے تھک جاتے ہیں پھر بیٹھ کر سنتے ہیں یا پھر لیٹ جاتے ہیں ادہر قرآن ہو رہا ہے ادہر سب حضرات آرام فرما رہے ہیں بعضے آپس میں باتیں کرتے جاتے ہیں غرض قرآن مجید کی بہت ہی بے ادبی ہوتی ہے اور صورت اعراض کی سی معلوم ہوتی ہے اس میں سحری کا وقت آجاتا ہے تو اس ختم کرنے کے خیال سے پڑھنے والے کو سب کے ساتھ سحری میں شریک نہیں کرتے وہ کھڑا انتظار رہا



Marfat.com

ہے اور سب کھانا کھا رہے ہیں۔ قرآن مجید سننے کے وقت دوسرا کام کرنا ہرگز جائز نہیں (۵) بعض حفاظ نماز سے خارج[1] ہو کر پڑھنے والے کو بتلاتے رہتے ہیں اور سب کی نماز تباہ کرتے ہیں (۶) بعض جگہ سحری کے لئے چندہ ہوتا ہے اور دباکر شرما کر بھی وصول کیا جاتا ہے جس کا حرام ہونا آگے آتا ہے (۷) بعض اوقات صبح صادق ہو جاتی ہے۔ اور قرآن کچھ رہ جاتا ہے خواہ مخواہ کھینچ تان کر اس کو پورا کر ڈالتے ہیں بعد صبح صادق کے اور نوافل پڑھنا مکروہ ہے بجز دو سنت فجر کے۔

پنجم ختم کے روز اکثر مساجد میں معمول ہے کہ شیرینی تقسیم ہوتی ہے ہر چند کہ قرآن مجید کا ختم ہونا نعمت عظمٰی ہے جس کے شکریے اور فرحت میں کوئی چیز تقسیم کرنا بہت خوب امر ہے مگر اس میں بھی بہت سی خرابیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ (۱) چونکہ اس کا عام رواج ہو گیا ہے حتی کہ اگر شیرینی تقسیم نہ ہو تو عام لوگ ملامت و طعن کرتے ہیں اس لئے تقسیم کرنے والوں کی نیت اکثر اچھی نہیں رہتی اسی الزام سے بچنے کے لئے لامحالہ تقسیم کرتے ہیں خواہ گنجائش ہو یا نہ ہو بعض اوقات تردد کرنا پڑتا ہے مگر یہی خیال ہوتا ہے کہ بھلا کیسے تقسیم نہ ہو لوگ کیا کہیں گے اور ریاء و تفاخر کا حرام ہونا اور اس نیت سے جو فعل ہو اس کا معصیت ہونا چند بار بیان ہو چکا ہے (۲) اکثر جگہ چندہ سے شیرینی آتی ہے اور اہل محلہ اور نمازیوں سے جبراً چندہ لیا جاتا ہے اور یہ بھی جبر ہے کہ ان کو مجمع میں شرمایا جاوے یا ایسا شخص مانگنے اٹھے جس کی وجاہت کا اثر پڑے چونکہ حدیث میں وارد ہے کہ کسی مسلمان کا مال بلا طیب خاطر اس کے حلال نہیں اس لئے ایسے چندہ سے جو چیز خریدی جاوے سب ناجائز ہے (۳) اس روز مٹھائی کے لالچ سے ہر طرح کے لوگ مسجد میں بھر آتے ہیں بے نمازی یا برہنہ تن برہنہ لونڈے جن

[1] بغیر نیت باندھے ہوئے حافظ کے پیچھے اس کو بتانا ناجائز نہیں ۱۲۔

Marfat.com

کی طہارت کا نجاست کا کچھ اعتبار نہیں اور تمام مسجد اور فرش کو ملوث کرتے ہیں اور غل غپاڑہ اس قدر ہوتا ہے کہ نمازیوں کو تشویش ہوتی ہے (۴) مجمع کو سنانے کے لئے خود حافظ صاحب بھی اس روز خوب بنا کر پڑھتے ہیں ریا کا مذموم ہونا اور اس کے اسباب کا مذموم ہونا سب جانتے ہیں (۵) پھر تقسیم کے وقت جو کچھ دھول دھپا شور و غل گالی گلوج ہوتا ہے وہ سب کو معلوم ہے اسی طرح اور بہت سی خرابیاں ہیں البتہ شکر یہ کے واسطے اگر دل چاہے حسب گنجائش بلا اعلان جو کچھ میسر ہو نقد یا غلہ یا طعام یا شیرینی مستحقین کو بلا پابندی دیدینا بہت مستحسن ہے۔

ششم مساجد میں روزانہ اور ختم کے روز کثرت سے روشنی کرنا اس میں بہت سے مکروہات ہیں۔ (۱) اسراف کہ اس قدر تیل اور بتی مفت ضائع جاتا ہے اگر یہی رقم مسجد کے کسی ضروری کام ڈول رسی فرش لوٹہ وغیرہ میں صرف کیا جاوے تو کس قدر مدد پہنچے اور اسراف کا حرام ہونا بار بار مذکور ہو چکا ہے۔ (۲) اکثر روشنی کرنے والوں کی نیت وہی ناموری ہوتی ہے کہ فلاں شخص نے ایسا اہتمام کیا (۳) مسجد تماشا گاہ بنتی ہے عبادت گاہ کا تماشا گاہ بنانا کس قدر معیوب ہے (۴) نمازیوں کی توجہ اس طرف مبذول رہتی ہے۔ نماز میں خیال بٹتا ہے خشوع فرض ہے جو چیز مخل خشوع ہو گی بلا شک مذموم ہو گی بالخصوص مہتمم کی طبیعت بالکل اس میں مشغول رہتی ہے کہ فلاں چراغ بجھتا ہے فلاں بھڑکتا ہے فلاں کو ابھارنا چاہئے فلاں کو کم کرنا چاہئے نماز ہوئی خاک نہیں

ہفتم بعض جگہ شبہائے قدر میں لوگ جمع ہو کر شب بیداری کا خاص اہتمام کرتے ہیں اس کا مکروہ ہونا فصل سوم میں بیان ہو چکا ہے اتفاقاً اگر دو چار آدمی جمع ہو جائیں وہ اور بات ہے غرض بطور خود ہر شخص حسب ہمت عبادت میں مشغول رہے خاص اہتمام



Marfat.com

اور جمعیت خلاف شرع ہے۔

# چھٹی فصل

منجملہ ان رسوم کے بعض عورتوں کا یہ معمول ہے کہ رمضان المبارک میں حافظ کو گھر میں بلا کر اس کے پیچھے قرآن مجید سنتی ہیں اس میں علاوہ ان مفاسد کے جو باب دوم میں عورتوں کے جمع ہونے میں لکھے گئے ہیں یہ مفاسد زائد ہیں (۱) جو شخص قرآن مجید سناتا ہے حتی الامکان آواز کو بنا کر لہجہ کو دلکش کر کے پڑھتا ہے مردوں کا ایسا نغمہ عورتوں کے کان میں پڑنا بلاشک موہم فتنہ و فساد قلب ہے حدیث انجشہ میں اس کی دلیل واضح ہے (۲) عورتوں کے مزاج میں چونکہ بے احتیاطی ہوتی ہے اس لئے سلام پھیر کر پکار پکار کر باتیں کیا کرتی ہیں اور امام صاحب سنا کرتے ہیں بلا ضرورت عورتوں کو اپنی آواز اجنبی مردوں کے کان میں ڈالنا شرعاً ناپسندیدہ ہے (۳) بعض مجمع میں تمام عورتیں اس مرد کے اعتبار سے نامحرم ہوتی ہیں ان میں کوئی بھی اس کی بی بی یا ماں نہیں ہوتی ایک گھر میں مرد کا اتنی نامحرم عورتوں کے ساتھ جمع کرنا بلاشک حکم شرعی کے خلاف ہے اور یہ موٹی بات ہے کہ جب شرعاً عورتوں کو مسجد میں جانا منع ہے اس سے معلوم ہوا کہ شریعت کا مقصود یہ ہے کہ مردوں اور عورتوں میں مباعدت رہے پس جب عورت کو مردوں کے مجمع میں جانے کی ممانعت ہے اسی طرح مرد کو عورتوں کے مجمع میں جانے سے اور عورتوں کو مرد کے بلانے سے کیوں نہ ممانعت ہوگی۔

---

لے یعنی ناجائز ہے ۱۲



Marfat.com

عورتوں کے لئے یہی مناسب ہے کہ اپنے گھروں میں فرادی فرادی تراویح پڑھیں ہاں کسی کا بھائی بیٹا حافظ ہو اور دو چار بیبیاں گھر کی جمع ہو کر اس کے پیچھے قرآن سن لیں تو مضائقہ نہیں بشرطیکہ یہ شخص فرض جماعت کے ساتھ مسجد میں پڑھے اور اگر دو چار میں کوئی پردہ دار ہو تو درمیان میں کوئی دلیوار یا پردہ وغیرہ حائل ہو اور عورتوں کے جمع ہونے کا اہتمام نہ کیا جاوے۔

# ساتویں فصل

منجملہ ان رسوم کے مدارس یا مساجد کے لئے چندہ جمع کرنے کی رسم ہے اس طرح سے کہ دینے والے مجمع کی شرم سے یا اس مہتمم کے دباؤ یا لحاظ سے دے نکلیں یا نادہندی وخست کی شہرت کے اندیشہ سے دیتے ہیں اور قرائن تو یہ ہے معلوم ہو جاوے کہ اگر یہ اسباب نہ ہوتے تو یہ شخص نہ دیتا تو ایسی صورت میں ان ذرائع سے وصول کرنا ہرگز جائز نہیں اس بات میں حدیث بھی مذکور ہو چکی ہے اور امام غزالی رح نے اس مسئلہ کی تصریح کر دی ہے رہا یہ سوال کہ صاحب بلا دباؤ تو کوئی دیتا نہیں اور یہ کام کرنا ضروری ہے کیونکر کیا کریں یہ بات بالکل ہی پوچ ہے اول تو یہی غلط ہے کہ بلا دباؤ کوئی دیتا نہیں بہت سے بندگان خدا خود تقاضا کر کے دیتے ہیں دوسرے جن اغراض کے لئے اس طرح چندہ لیا جاتا ہے وہ اغراض خود شرعاً ضروری نہیں کیونکہ اکثر مشاہدہ سے معلوم ہوتا ہے کہ فضول خرچیوں کے لئے اتنی بڑی رقموں کی حاجت ہوتی ہے اگر رقم کم ہو مسجد کچی بنا لو چھپر ڈال لو نماز کے لئے بہت ہے مدرسہ مختصر بنا لو یا کسی کرایہ کے مکان میں رکھو



Marfat.com

یا کسی مسجد میں بیٹھ جاؤ معقولات کا درس کم کرو قطبی تک پڑھانیوالا تھوڑی تنخواہ کا مدرس کافی ہے فرش و سامان میں تکلف مت کرو غرض جہاں تک اختصار ممکن ہو اختصار کرو اور ضروری ضروری کاموں پر نظر رکھو اگر اتنا بھی حلال طور سے نہ ملے کام بند کر دو یہ سب مسلمانوں کا کام ہے کچھ اکیلے مہتمم کا نہیں ہے چلے چلاؤ نہ چلے بند کر دو نہ بلکہ دین کا کام دین کے خلاف ہو کر کرنا اور بھی زیادہ برا ہے اور جو کام سرے سے ضروری نہیں جیسا قحط یا وبا میں مساکین کو کھانا کھلانا وغیرہ اس کے لئے چندہ کرنا اور بھی زیادہ برا ہے اور مشاہدہ ہوا ہے کہ قحط و وبا کے چندہ میں مساکین کو بہت ہی کم پہنچتا ہے مہتممین کے گھروں میں اور ان کے اقارب و اصحاب کو خوب حصے پہنچتے ہیں۔

# آٹھویں فصل

منجملہ ان رسوم کے بعض مدارس کی یہ رسم ہے کہ جب طالب علم نے کتابیں پڑھ لیں خواہ اس کو استعداد ہو یا نہ ہو اور خواہ اپنے علم کے موافق عامل ہو یا نہ ہو اس کو سند فضیلت دیدیتے ہیں اور دستار بندی کر دیتے ہیں غور کرنا چاہئے کہ رسم دستار بندی واقع میں اساتذہ و مشائخ کی طرف سے عوام کے روبرو اس امر کا اظہار اور شہادت ہے کہ یہ شخص ہمارے نزدیک اس قابل ہے کہ دین میں اس کی طرف رجوع کیا جاوے اور اس سے مسائل پوچھ کر عمل کیا جاوے خلاصہ یہ کہ یہ شخص آج سے مقتدائے دین ہے جب حقیقت اس کی یہ ہے تو جو شرائط شہادت کی ہیں وہ اس میں بھی ہونا واجب ہے اور شہادت کی بڑی شرط یہ ہے کہ شاہد کو اس امر کا پورا علم اور یقین ہو جسکی شہادت دے رہا ہو وہ صحیح ہے تاکہ اس کو جھوٹ کا گناہ اور دوسروں کو دھوکہ دینے



Marfat.com

کا گناہ نہ ہو اور کسی کو اس سے ضرر نہ پہنچے اسی طرح یہاں بھی اس شخص کی نسبت پوری تحقیق ہونا چاہئے کہ قابل مقتدا فی الدین بننے کے ہے یا نہیں۔ اگر علمائے حاضرین کو اس پر پورا اطمینان ہو اور اس کی حالت علمی و عملی قابل قناعت ہو تو دستار بندی بہت خوب رسم ہے کہ اس میں اظہار نادا قفوں کے روبرو ہو جاتا ہے بشرطیکہ تکلفات زائد جس میں ریاء و اسراف لازم آوے نہ کئے جاویں بلکہ اگر واعظوں کے لئے بھی کوئی ایسی بشرط ہو جاوے کہ بلا امتحان و سند علماء کے وعظ نہ کہنے پاویں اور عوام بھی بدون پیش کرنے سند کے کسی اجنبی کا وعظ نہ سنا کریں تو بڑی ضروری مصلحت کی بات ہے اس سند و دستار بندی کی یہ حکمت ہے اور بدون اہلیت کے ہرگز ہرگز دستار بندی نہ کی جاوے نہ سند دی جاوے کہ بجز اضلال خلق کے اس کا اور کیا ثمرہ ہے۔

## نویں فصل

منجملہ ان رسوم کے تبرکات کی زیارت ہے جس میں اکثر عوام کا مجمع زیادہ ہوتا ہے اس میں بھی بکثرت بے احتیاطیاں ہوتی ہیں۔ (۱) بعض جگہ تو تبرکات ہی بے اصل ہیں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف غلط نسبت کرنا کس قدر موجب وعید ہے اسی طرح اولیاء اللہ و بزرگان دین پر افترا کرنا بھی جھوٹ تو ضرور ہے بلکہ بعض تبرکات کے تو غلط ہونے پر دلیل عقلی یا نقلی شہادت دیتی ہے چنانچہ قدم شریف کے قصے کا اکثر محدثین نے انکار کیا ہے۔ اور بعض قرآن پر اعراب لگائے ہوئے حضرت علی کی طرف نسبت کئے جاتے ہیں۔ اس زمانہ میں یہ اعراب اصطلاحی نہ تھے البتہ جہاں کوئی دلیل مکذب نہ ہو ہم کو تکذیب کی حاجت نہیں۔ بالخصوص جہاں قرائن سے



Marfat.com

صدق غالب ہو وہ ظناً تبرک ہے گو یقیناً نہ سہی کیونکہ دلائل یقین کی مفقود ہیں۔ (۲) زیارت کرانے پر معاوضہ لیا جاتا ہے۔ فقہاء نے تصریح کی ہے کہ ایسے امور پر معاوضہ لینا حرام اور رشوت ہے۔ (۳) زیارت کے وقت اکثر مردوں عورتوں کا اختلاط جسمی یا نظری ہو جاتا ہے (۴) بعض تبرکات نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زیارت کرانے کے وقت عوام کے مجمع میں اشعار ندائیہ پڑھے جاتے ہیں اور ہیئت بھی حضور کی سی بنائی جاتی ہے جس سے عوام کو ایہام رونق افروزی حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کا احتمال ہوتا ہے اس عقیدے کی تفصیل فصل اول بحث عام قیام میں ہو چکی ہے۔ (۵) اس کا اہتمام تداعی فرائض وواجبات سے زیادہ ہوتا ہے اور محتاط کو نشانۂ ملامت بناتے ہیں یہ صریح تعدی حدود ہے اس لئے مناسب یہ ہے کہ اس ہیئت سے زیارت نہ کی جاوے بلکہ خلوت میں یا جلوت خاص میں بلا پابندی ان رسوم کے زیارت سے مشرف ہو جاوے اور کبھی کبھی بلا تعین وقت بطور خدمت کے خادم تبرکات کی خدمت میں کچھ پیش کر دیا کرے اس کا مضائقہ نہیں۔

# دسویں فصل

منجملہ ان رسوم کے مساجد کی زینت و تکلف ہے جو حد اعتدال سے خارج ہو فقہاء نے فرمایا ہے اور عقل میں بھی یہ بات آتی ہے کہ مساجد کے استحکام کے لئے اہتمام وصرف کرنا تو مضائقہ نہیں مگر زیب و زینت بنقش و نگار مکروہ ہے بلکہ اگر مال وقف سے کرے گا تو متولی کو اپنے گھر سے اتنا روپیہ بھرنا پڑے گا اور واقعی اگر غور کر کے دیکھا جاوے کہ مسجد کس غرض کے لئے شرعاً موضوع ہوئی ہے غرض یہی ہے



Marfat.com

کہ اس میں عبادت کی جاوے اور عبادت کی روح اعظم حضور قلب وخشوع ہے تو لامحالہ جو چیز مخل خشوع ہو گی وہ مخل عبادت ہے وہ موضوع مسجد کے خلاف ہے تو ضرور مسجد میں اس کا منتظم کردینا ممنوع ہونا چاہیئے اسی واسطے حدیث بخاری میں حضرت عمر نے مسجد نبوی کے مستری کو رنگ آمیزی کرنے سے منع فرمایا۔ اور یہی وجہ فرمائی کہ اس میں لوگوں کے دل کو مشغولی ہوگی گویا عبادت گاہ تماشا گاہ بن جاوے گا واقعی کس قدر قلب موضوع ہے اور حدیث ابوداؤد میں ایسی زیب و زینت کو یہود و نصاریٰ کا فعل بتایا گیا ہے ان کے ساتھ تشابہت کرنا بھی بالیقین برا ہے پھر اس میں اسراف بھی ہے علاوہ اس کے اکثر تفاخر و شہرت کا قصد بھی ہوتا ہے اور اکثر اس قدر تکلف کے لئے حلال مال بھی کم میسر ہوتا ہے کیونکہ حلال مال اول تو اس قدر کس کے پاس ہے پھر اس کو اس طرح بے دریغ خرچ کرنا بھی مشکل ہے۔ حرام مال مسجد میں لگانا اور زیادہ وبال ہے۔ غرض اتنی خرابیاں اس مجمع میں ہیں اس لئے مساجد کو سادہ اور مستحکم بنانے پر اکتفا کریں ان سب زوائد کو حذف کر دیں جس قدر اس میں خرچ کرنا ہو مصلحت یہ ہے کہ اول اس کی کوئی جائداد یا دوکان وغیرہ خرید کر اس کے مصارف کے لئے وقف کردیں۔ اور بعض لوگوں کا حضرت عثمان رضہ کے قصے بنا مسجد نبوی اور اس میں ساج وغیرہ کے منقش کرنے کے قصے کو دلیل نقلی میں پیش کرنا اور مصلحت اعزاز و رفعت دین کو دلیل عقلی میں پیش کرنا محض ناکافی ہے حضرت عثمان رضہ نے اس قدر تکلف نہیں فرمایا تھا نہ ان کی نسبت میں تفاخر تھا نہ مشتبہ مال اس میں لگایا ان کے قصے پر اپنے فعل کو قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے ؎

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر ۔ گرچہ ماند در نوشتن شیر شیر



Marfat.com

اور دین کا اعزاز و ترفع ایسے امور سے نہیں ہوتا بلکہ سادگی میں اس کا حسن اور دو بالا ہو جاتا ہے حضرت عمرؓ کا ارشاد نحن قوم اعزنا اللہ بالاسلام آب زر سے لکھ کر حرز جان بنانے کے قابل ہے اور اسکے حاشیہ پر حافظ شیرازی کا شعر چڑھانیکے لائق ہے ؎

زعشق ناتمام ما جمال یار مستغنی ست　　　بآب و رنگ و خال و خط چہ حاجت روی زیبا را

اسی طرح مساجد بہت پاس پاس بنانا بالخصوص تفاخر و تزاحم کے لئے بھی بالکل دین اور عقل کے خلاف حرکت ہے خلاصہ یہ ہے کہ دین کے کام کو دین کے طور پر کرو ورنہ نیکی برباد گناہ لازم کا مضمون ہو جاتا ہے۔

# خاتمہ

الحمد للہ کہ تیسرے باب کے ساتھ کتاب ہذا بھی اختتام کو پہنچی اور آج ہی کے دن تاریخ چہارم ربیع الثانی ۱۳۳۸ھ اس ناکارہ کی عمر سے پورا اٹھتیواں سال بھی ختم ہوا یہ مدت تو جو کہ قریب چہل ہے سعدی رح کے اس قول کا مصداق ہے ؎

چہل سال عمر عزیزت گذشت
مزاج تو از حال طفلی نگشت

دیکھئے آئندہ کتنی عمر باقی ہے اور کس حال میں گذرتی ہے۔ یا اللہ اپنی رحمت کا صدقہ کہ بقیہ عمر کو اس گذشتہ عمر کا مصلح بنا کر ایمان کامل پر خاتمہ کیجیو بحرمت سید الخلائق والبشر سیدنا و مولانا محمد صلے اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ الی یوم التناد والمحشر وارزقنا شفاعتہ یوم الفزع الاکبر

آمین برحمتک یا ارحم الراحمین



Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# اصلاح الرسوم

جس کو طبع ثانی کے وقت مؤلف نے اضافہ کیا اس میں کئی چند فصلیں ہیں اور ہر فصل میں ایک رسم کا بیان ہے۔

## پہلی فصل

ایک رسم یہ ہے کہ جب کوئی شخص مرجاتا ہے تو اس کے ورثہ میں سے جو موقع پر موجود ہوتے ہیں اس کے کپڑے نکال نکال کر غریبوں کو محتاجوں کو مزاروں میں مساجد میں تقسیم کرنا شروع کردیتے ہیں اور اس کا خیال نہیں کرتے کہ بعض وارثین جو حاضر نہیں ہیں اس میں ان کا بھی حصہ ہے ممکن ہے کہ وہ اس تقسیم کو پسند نہ کریں یا ان کی مرضی اور کسی جگہ دینے کی ہو اسی طرح بعض ورثہ نابالغ ہوتے ہیں ان کے حصے میں بھی تصرف کرنا جائز نہیں بلکہ اگر وہ اجازت بھی دیدیں تب بھی عقد و تبرع و ہبہ میں ان کی اجازت شرعاً معتبر نہیں ہے۔ اسی طرح کفن کے علاوہ اوپر کی چادر اور جانماز یہ سب کفن سے خارج ہے اور عام رواج یہی ہے کہ یہ ترکہ مشترکہ میت سے بنایا جاتا ہے سوان چیزوں میں بوجہ تصرف فی حق الغیر کے غصب اور ظلم کا گناہ ہوتا ہے اس لئے اس میں احتیاط کرنا ضرور ہے پس اگر میت نے وصیت صراحۃً کی ہو کہ

میرے کپڑے مساکین یا صلحاء کو دیدیئے جاویں تو یہ وصیت ثلث ترکہ میں جاری ہوگی یعنی جس قدر کپڑوں کے لئے وہ وصیت کرگیا ہے اگر عمل ترکہ کے ثلث سے قیمت میں زائد نہ ہوں تو بلا کسی وارث کے دریافت کئے ہوئے وہ تقسیم کردیئے جاویں ورنہ ان کو اول تقسیم کرنا چاہیئے۔ جب ہر شخص اپنے حصہ پر قابض ہوجائے پھر ہر ایک کو اپنی چیز کا اختیار ہے جس کو چاہے دے یا نہ دے اور نابالغوں کا حصہ اگر ان کے بکار آمد ہو رکھا جاوے ورنہ فروخت کرکے ان کے کام میں لگایا جاوے البتہ اگر کسی جگہ سب وارث بالغ ہوں اور تصریحاً دلالۃً بقرائن قویہ اجازت دیدیں تب بلا تقسیم بھی صرف کردینا جائز ہے اور جس جگہ لینے والے کو حال معلوم نہ ہو تو چونکہ غالب بے احتیاطی ہے اس لئے واجب ہے کہ خوب تفتیش کرلیا کرے یہ نہیں کہ مردہ کے مال کو غنیمت سمجھیں اہل مدارس، مساجد کو اس کا بہت خیال رکھنا ضروری ہے ان کی احتیاط سے عوام متنبہ ہوجاویں گے۔

# دوسری فصل

ایک رسم یہ ہے کہ جب کسی شیخ کی وفات ہوئی اس کے مریدوں نے جمع ہوکر اس کے کسی بیٹے کو یا کسی خادم کو سجادہ نشین کردیا اور سند کے لئے دستار بندی کردی خواہ اس میں اہلیت ہو یا نہ ہو۔ خیال کرنے کی بات ہے کہ جو لوگ ابھی خود اس راہ سے ناآشنا ہیں ان کی اجازت کہاں تک قابل اعتبار ہوسکتی ہے یاد رکھنا چاہیئے کہ جتنے لوگ ایسے رسمی سجادہ نشین سے بیعت ہوں گے ان سب کی گمراہی کا وبال اس سجادہ نشین کی برابر ان ارباب جلسہ کو بھی مل جاوے گا کہ یہ لوگ بانی

ضلالت ہوتے۔ حدیث شریف میں علامات قیامت سے آیا ہے کہ لوگ جاہلوں کو اپنا پیشوا بنالیں گے وہ خود بھی گمراہ ہوں گے اوروں کو بھی گمراہ کریں گے اس لئے سمجھ لینا ضروری ہے کہ جب تک کوئی شیخ کامل جامع شریعت وطریقت جس کو اس زمانہ کے اچھے لوگوں نے اہل مان لیا ہو اجازت نہ دے بیعت لینے پر جرأت نہ کرنا چاہئے۔

# تیسری فصل

ایک رسم یہ ہے کہ اکثر بعد مرنے مورث اعلیٰ کے کوئی چچا یا بھائی وغیرہ کسی لڑکے یا لڑکی کا نکاح اسی کے حصے سے جو ترکہ سے اس کو پہنچا ہے کر دیتے ہیں اور فضول اخراجات میں اس کو برباد کر دیتے ہیں اور اپنے ذہن میں سمجھتے ہیں کہ ہم نے تو اس کی چیز اسی کو لگادی کونسا گناہ کیا اس کی تو ایسی مثال ہوئی کہ کسی مسخرہ میزبان نے دعوت کر کے مہمانوں کی جوتیاں بیچ کر ان کو مٹھائی کھلادی تھی اور کہا تھا کہ یہ آپ ہی کی جوتیوں کا صدقہ ہے بلکہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ کچھ قرضہ بھی ہو جاتا ہے تو وہ اس لڑکے کے ذمہ رکھا جاتا ہے اور اس سے ادا کرایا جاتا ہے یہ کس قدر ظلم صریح ہے پس اول تو فضول رسوم خود ناجائز ہیں اور جو مصارف مباح وجائز بھی ہوں تب بھی اس کے حصہ سے بلا رضا صریح کے جبکہ وہ بالغ ہو صرف کرنا حرام ہے اور اگر وہ نابالغ ہے تو صریح اجازت بھی شرعاً معتبر نہیں یا ویسے ہی رسمی اجازت ہے بوجہ لحاظ کے یا عرف کے یہ سب غیر معتبر ہے۔



Marfat.com

# چوتھی فصل

ایک رسم یہ ہے کہ لڑکیوں کو بہنوں کے ترکہ سے حصہ نہیں دیتے جو صریح نص قطعی کے خلاف ہے اللہ تعالیٰ نے سورہ نساء میں فرمایا ہے کہ مردوں کا بھی حصہ ہے جو کچھ ماں باپ یا اقارب نے چھوڑا اس طرح عورتوں کا بھی حصہ ہے جو کچھ ماں باپ یا اقارب نے چھوڑا قلیل ہو یا کثیر یہ حصہ مقرر کیا ہوا فرض کیا ہوا ہے الخ ایسے صاف حکم کے خلاف برکس طرح جرائت ہوتی ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ صاحب وہ لیتی نہیں ان سے پوچھنا چاہیئے کہ تم نے کب دیا تھا کہ انہوں نے انکار کیا البتہ لحاظ سے مروت سے مانگا نہیں اس سے کسی کا مال حلال نہیں ہو سکتا بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہم نے دینا چاہا تھا۔ انہوں نے نہیں لیا یہ بھی عذر ناکافی ہے ایک نہ لینا اس وجہ سے ہوتا ہے کہ لینے سے خلقت ملامت کرے گی یہ شرعاً معتبر نہیں ایک نہ لینا محض طیب خاطر سے ہوتا ہے سو اس کا فیصلہ ہر شخص انصاف سے خود کر سکتا ہے اس زمانہ میں چونکہ اکثر لوگ حاجت مند و مفلس ہیں اور مال کی محبت اکثر قلوب میں راسخ ہے اس لئے رسمی اجازت کا اعتبار نہیں بلکہ ضرور ہے کہ بعد مرنے مورث کے سب کا نام بھی درج کرایا جاوے اور ششماہی یا سالانہ آمدنی پر سب حساب کر کے ہر ایک کا حصہ روپیہ یا غلہ اس کو اصرار کر کے دیا جاوے اگر اعلان سے لینا اس کو ناگوار ہو تو اخفا کے ساتھ اس کا پورا حق دے یا اس کی جائداد وغیرہ علیحدہ تقسیم کر کے اس کو حوالہ کرے اور جو وہ انتظام نہ کر سکے تو یہ شخص وکالتاً اس کی جانب سے انتظام کر دے یا اس کی خوشی سے خود مناسب طور سے ٹھیکہ پر لیلے اور رقم ٹھیکہ اس کو

ادا کرتا رہے بعض لوگ اپنے جی کو سمجھا لیتے ہیں کہ ہم نے تقریبات میں پھوپی کو بہن کو بھات دیا ہے جوڑے دیئے ہیں اور ہمیشہ دیا کرتے ہیں یہ گویا اس کا حصہ ترکہ کا ادا کر دیا جاتا ہے اس کے جواب میں وہی حکایات مسخرہ میزبان کی جو فصل سوم میں لکھی گئی کافی ہے۔

# پانچویں فصل

ایک رسم یہ ہے کہ اکثر لوگ مسجد کی چیز اپنے برتنے کے لئے لے جاتے ہیں کوئی آگ لے جاتا ہے یا سقاوہ میں سے پانی لے جاتا ہے کوئی بیمار کے لیے پانی پڑھوا کر مسجد کے لوٹے میں لے جاتا ہے کوئی وہاں کا فرش اپنے دعوتیوں کو بٹھلانے کے لئے لے جاتا ہے کوئی استنجے کے ڈھیلے اپنے گھر استنجا کرنے کے لئے لے جاتا ہے اور اپنے دل کو یوں سمجھا لیتے ہیں کہ مسجد کا مال وقف ہے اس میں سب کو حق انتفاع ہے۔ صاحبو یہی تو ممانعت کی دلیل ہے کیونکہ وقف کا حکم یہ ہے کہ جس غرض کے لئے جس قید کے ساتھ وقف ہوا اس کے سوا دوسری طرح استعمال جائز نہیں ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ اشیاء مذکورہ ان اغراض کے لئے وقف نہیں کی گئیں بلکہ جو ضرورتیں نمازیوں کو وہاں نماز پڑھنے کے وقت پیش آتی ہیں ان کے لئے یہ اشیاء وقف ہوتی ہیں اس لئے اس شرط و قید سے تجاوز کرنا حرام ہوگا۔ فقہا نے تصریح کی ہے کہ جو پانی پینے کے لئے وقف کے طور پر رکھا گیا ہے اس سے وضو کرنا جائز نہیں ہے اور اگر وقف کے یہی معنی ہیں تو مسجد کی اینٹیں بھی تو وقف ہیں ان سے اپنا مکان بنا لینا جائز ہونا چاہیے وہاں کے کواڑ تختے سب وقف



Marfat.com

ہیں یہ بھی لے جانا جائز ہونا چاہیئے نعوذ باللہ منہ اسی طرح بعض قوہیں بڑے بڑے مجمعوں کو مسجد میں کھانا کھلاتی ہیں۔ گویا مسجد چوپال ہے یا ان کی بیٹھک ہے یہاں یہاں وہی مسئلہ یاد کرنا چاہیئے کہ مسجد اس کام کے لئے نہیں ہے اس لئے یہ فعل ناجائز ہوگا بلکہ فقہاء نے لکھا ہے کہ معلم لوگ جو تنخواہ لے کر قرآن وغیرہ پڑھاتے ہیں ان کو مسجد میں لڑکے لےکر بیٹھنا جائز نہیں کیونکہ مسجد عبادت گاہ ہے تجارت گاہ نہیں ان سب امور سے اجتناب واجب ہے اور منجملہ احترام مسجد کے یہ بھی ہے کہ وہاں بدبودار چیز نہ لے جاوے حتی کہ مٹی کا تیل اس کے اندر نہ جلائے دیا سلائی اس کے اندر نہ کھینچے باہر چراغ روشن کر کے اندر رکھ دے تمباکو کھانے پینے والا جب تک خوب منہ کو صاف نہ کر لے اس میں داخل نہ ہو۔

# چھٹی فصل

ایک رسم یہ ہے کہ اکثر قصبات میں عیدین کی امامت اور بعض جگہ جمعہ اور نماز پنج گانہ کی بھی محض موروثی بنا پر دعوئے ریاست کی طرح چلی آتی ہے خواہ امام صاحب میں اہلیت ہو یا نہ ہو بعض جگہ تو امام قرآن بھی صحیح نہیں پڑھ سکتا ایسی صورت میں نماز ہی سب کی باطل ہوگی اور اگر اولٹا سیدھا صحیح بھی پڑھ لیا مگر مقتدی لوگوں کو اس کی امامت ناگوار ہے اور جبراً و کرہاً بہ خیال احتمال فتنہ کے کے ساکت ہیں تو اس امام کو سخت گناہ ہوگا۔ جیسا حدیث میں آیا ہے کہ ایسے امام کی نماز قبول نہیں ہوتی۔



Marfat.com

# ساتویں فصل

ایک رسم یہ ہے کہ اکثر لوگ عیدین یا جمعہ میں یا اور نمازوں میں پہلے سے خود یا کسی نوکر چاکر دوست آشنا کی معرفت مسجد میں اپنا کپڑا یا تسبیح قبضہ کے لئے رکھ دیتے ہیں اور آزادانہ بے فکری سے جب جی چاہتا ہے تشریف لیجاتے ہیں سو یہ بات بالکل شریعت کے خلاف ہے۔ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے صحابہ نے دریافت کیا کہ ہم حضور کے لئے منے میں پہلے خیمہ وغیرہ لگا دیں۔ آپ نے فرمایا کہ نہیں کیوں کہ وہاں ٹھیرنے استحقاق اس کو حاصل ہے جو پہلے پہنچ جاوے الخ البتہ کسی جگہ جب آدمی بیٹھ گیا اور نماز ہونے تک بیٹھے رہنے کا ارادہ کر لیا اگر اتفاقاً درمیان میں عارضی طور پر اٹھنا پڑے مثلاً وضو ٹوٹ گیا ۔ کھنکارنے گیا۔ اس وقت یہی شخص اس جگہ کا مستحق ہے دوسرے شخص کو وہاں بیٹھنا جائز نہیں ایک حدیث اس مضمون کی بھی آئی ہے ۔

# آٹھویں فصل

ایک رسم یہ ہے کہ اکثر مساجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ ممتاز اور بلند ہے بعض جگہ امام بالکل محراب کے اندر کھڑا ہوتا ہے ان دونوں صورتوں کو فقہا نے مکروہ لکھا ہے بس اس میں احتیاط کرنی چاہیئے کہ امام کے کھڑے ہونے کی جگہ ایک بالشت بھی بلند نہ ہو اور کم از کم پاؤں محراب سے باہر رہنے چاہئیں

# نویں فصل

ایک رسم یہ ہے کہ اکثر لوگ دو چار نسخے یاد کر کے مطب اور علاج شروع کر دیتے ہیں نہ کلیات سے واقف نہ جزئیات کے احکام معلوم حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص طب میں ماہر نہ ہو اور علاج کرے اور اس کے علاج سے کوئی نقصان ہو جاوے وہ ضامن یعنی دنیا میں قابل ملامت اور آخرت میں موجب عذاب ہے نیم حکیم خطرہ جان نیم ملا خطرہ ایمان مسلم ہے۔

# دسویں فصل

منجملہ ان رسوم کے یہ رسم ہے کہ قربانی کے جانور میں لازم سمجھتے ہیں کہ پائے حجام کا حق ہے اور سری سقہ کا حق ہے۔ اسی طرح عقیقہ میں اپنے اپنے حقوق لازم کر رکھے ہیں اس کو دینے والا اور لینے والا ضروری سمجھتے ہیں ورنہ وہ شکایت اور مذمت و ہجو کرتے پھرتے ہیں یہاں تک کہ یہ لوگ بلا اجازت مالک کے یہ چیزیں اٹھا کر لے جاتے ہیں پس سمجھ لینا چاہئے کہ شریعت میں اس لزوم کی دلیل نہیں بلکہ اگر غور کیا جائے تو اس میں بڑی خرابی لازم آتی ہے وہ یہ کہ قاعدہ فقہیہ ہے کہ المعروف کالمشروط پس جب درجہ کا عرف ہو جاوے تو ایسا ہو گا جیسا ان لوگوں سے شرط ٹھہرائی گئی ہو اور اگر کوئی شرط اس طرح ٹھہراوے کہ تم ہمارا فلاں کام کیا کرو تم کو اس خدمت کے معاوضہ میں فلاں چیز دیں گے وہ چیز اس صورت میں اجرت ہو گی اور اجرت بذمہ کام لینے والے کے دین ہے تو گویا اس شخص نے قربانی کے اجزاء

سے اپنا دین ادا کیا اور یہ حکم بیع میں ہے اور حرام اور باطل ہے صرف تبرعات میں اس کا صرف کرنا جائز ہے اسی طرح کھال کو یہ سمجھنا کہ مؤذن کا حق ہے اس میں بھی بعینہ وہی خرابی ہے جیسا کہ ادنیٰ تامل سے معلوم ہو سکتا ہے چاہیے کہ اس رسم کو موقوف کریں اور بلا تعین اور بلا اعتقاد و استحقاق مالک کو اختیار ہے جس کو چاہے دے دیا کرے اسی طرح قربانی میں اور کبھی بے احتیاطیاں کرتے ہیں مثلاً عام رواج ہے کہ گائے بھینس کا بچہ پرورش کے لئے حصہ پر دیدیتے ہیں یعنی زید اپنی گائے کا بچہ عمرو کو یہ شرط کر کے دیتا ہے کہ تم اپنے طور پر اس کی خدمت کرو کھلاؤ پلاؤ جب بڑا ہو جاوے آدھا ہمارا اور آدھا تمہارا اور یہی اس کا حق الخدمت واجرت پرورش ہے پس کبھی وہ زید کے پاس رہتا ہے اور وہ اجرت وقیمت عمرو کو دیتا ہے کبھی بالعکس چونکہ یہ کسی عقد صحیح میں شرعاً داخل نہیں اس لئے معاملہ حرام ہے اور اگر خدمت کرنے والے کے پاس وہ جانور رہا تو اس کی ملک خبیث ہے پس بعض لوگ ایسا جانور خرید کر اس پر قربانی کیا کرتے ہیں چونکہ اس صورت میں وہ بملک خبیث حاصل ہوگا۔ اس لئے قربانی اس کی مردود ہونی چاہیئے کہ اس معاملہ کو بھی ترک کر دیویں اور ایسے جانور کی قربانی بھی نہ کریں اور دوسری قسم کی بے احتیاطیاں بھی قربانی میں ہو جاتی ہیں۔ علماء سے تحقیق کر کے سب سے احتراز کرے فقط واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم

تمت

بالخیر



Marfat.com

# سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب
## سابق ناظم جمعیۃ علماء ہند
## کی تصانیف

**اعظم گڈھ جیل میں "خدا کی باتیں"** پچھلے دنوں گورنمنٹ یو پی نے ڈیفنس آف انڈیا ایکٹ کی دفعہ ۱۲۸ کے ماتحت قصبہ مبارک پور ضلع اعظم گڈھ کی ایک تقریر پر حضرت مولانا احمد سعید صاحب کے خلاف مقدمہ قائم کر کے ایک ماہ کی قید کی سزا دی تھی۔ چنانچہ حضرت مولانا ۲۰ر جنوری ۱۹۴۱ء سے ۲۶ر فروری تک اعظم گڈھ جیل میں حکومت کی غیر منصفانہ مہربانیوں کا شکار رہے۔

**احادیث قدسیہ کا ترجمہ** ابھی یہ کام اپنی ابتدائی منزل میں تھا کہ مبارک پور کا مقدمہ شروع ہو گیا۔ ۳۰ر جنوری کو مولانا کے خلاف فیصلہ کر دیا گیا اور مولانا جیل تشریف لے گئے لیکن مولانا نے اپنا کام جیل میں بھی جاری رکھا اور الحمد للہ اعظم گڈھ جیل میں احادیث قدسیہ کا ترجمہ پورا ہو گیا کم وبیش تقریباً آٹھ سو احادیث کا یہ ترجمہ ہے جو مولانا نے سلیس اور عام فہم اردو میں کیا گیا ہے بعض بعض مقامات پر احادیث کے مطالب کی توضیح بھی فرمادی ہے یہ کتاب مولانا کی ایک دینی خدمت کے علاوہ قید خانہ کی یادگار بھی ہوگی۔ کتاب کا نام خدا کی باتیں رکھا ہے قیمت ۳ روپے

**جنت کی کنجی** ملاحظہ کیجئے جسے حضرت مولانا نے احادیث کی معتبر کتابوں سے تالیف فرمایا ہے، اردو میں یہ پہلی کتاب ہے۔ ہر مسلمان مرد وعورت کیلئے اس کا مطالعہ بیحد ضروری ہے اس میں بہت سی آسان باتیں درج ہیں جو عام طور پر لوگوں کو معلوم نہیں اور جن پر عمل کرنے سے آپ جنت کے حقدار بن جائیں گے اس کتاب میں ۲۰۰۰ حدیثوں کا نہایت سلیس اور عام فہم ترجمہ ہے جن میں جنت کی خوشخبری دی گئی ہے اور پوری کتاب تقریباً چار سو صفحات پر مشتمل ہے قیمت ہے



Marfat.com

**دوزخ کا کھٹکا** اس کتاب میں ان احادیث کا صاف اور شستہ اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے جن کا تعلق اعمال سئیہ سے ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان لوگوں کے لئے جو اعمال سئیہ اور خبیثہ کا ارتکاب کرتے ہیں جن الفاظ میں وعید فرمائی ہے اور خدا کے غضب سے ڈرایا ہے ان تمام احادیث کو مختلف عنوانات کے ماتحت جمع کر دیا ہے دوزخ کے کھٹکے میں تقریباً ۴۰۰ احادیثوں کا ترجمہ ہے۔ دوزخ کے کھٹکے کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے اردو میں آج تک اتنا بڑا ذخیرہ ترتیب کا سوائے اس کتاب کے اور کسی میں نہیں ملے گا اس کے متعلق کہا جا سکتا ہے جو شخص اس کتاب کا مطالعہ کرے وہ نواہی کے بہت بڑے حصہ سے واقف ہو سکتا ہے ہر حدیث کے نیچے کتاب کا حوالہ بھی دیا گیا ہے مذہبی کتاب ہونے کے ساتھ دلچسپ اس قدر ہے کہ شروع کرنے کے بعد چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا قیمت فی جلد دو روپے مجلد ۲ عہ

**پہلی تقریر سیرت** مولانا کی یہ وہ مشہور تقریر ہے جو آپ نے اٹاوے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر کی تھی۔ مولانا کی اس تقریر کے متعلق اخبارات و رسائل نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے ان کا شائع کر دینا کافی ہوگا۔

**معارف کی رائے۔** تقریر مجموعی حیثیت سے بے حد دلچسپ اور مطالعہ کے قابل ہے۔

**جامعہ کی رائے۔** مولانا نے نہایت شگفتہ اور اچھوتے انداز میں آنحضرت کی سیرت قوم کے سامنے پیش کی ہے۔ **مدینہ بجنور کے تاثرات۔** جو حضرات سیرت نبوی کے ساتھ حالات حاضرہ پر نہایت دلفریب تبصرہ ملاحظہ فرمانا چاہیں وہ اس تقریر کو منگا کر ضرور مطالعہ کریں۔

**خلافت کا اظہار خیال** ضرورت ہے کہ یہ کتاب ہر مسلمان کے گھر میں پہنچائی جائے۔ مذکورہ چند اخبارات و رسائل کی رائے اس امر کی ضامن ہے کہ یہ کتاب مسلمانوں کے لئے بیحد ضروری اور مطالعہ کے قابل ہے قیمت دو روپیہ آٹھ آنے مجلد (۲ عہ) علاوہ محصول ڈاک



Marfat.com

**دوسری تقریر سیرت** | مولانا کی یہ دوسری تقریر سیرت جو آپ نے ناگپور میں کی تھی اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور آپ کی تبلیغی مشکلات اور دلکش پیرایہ میں بیان کیا ہے جو دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے اس سلسلے میں بعض احادیث کی تشریح و توضیح قرآنی آیات کی تفسیر اور بعض تفسیری شبہات کا حل اور صدہا نکات و لطائف اور تصوف کے مسائل اس خوبی سے عام فہم اردو میں بیان کئے گئے ہیں قیمت دو روپے آٹھ آنہ (عہ/) علاوہ محصول ڈاک

**صلوٰۃ وسلام** | حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام کے بیشمار فضائل ہیں ان سے بہت کم لوگ واقف ہیں حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب سابق ناظم جمعیۃ العلمائے ہند نے قرآن حکیم اور احادیث صحیحہ کی وہ تمام ہدایات یکجا جمع فرمادی ہیں جو درود وسلام کے فضائل پر مشتمل ہیں۔ اس قسم کا مجموعہ اردو میں آجتک نہیں پیش کیا گیا ترتیب اور عبارت عام فہم اردو زبان میں نہایت شگفتہ ہے یہ کتاب مسلمان بچوں اور عورتوں کے لئے خاص طور پر مفید اور محبان رسول کے لئے حرز جان بنانے کے لائق ہے لکھائی چھپائی نہایت عمدہ قیمت ۱۲ر

**مضامین** | جس وقت آپ نظامت کے فرائض انجام دے رہے تھے اس وقت آپ کی نگرانی میں دہلی سے اخبار الجمعیۃ سہ روزہ شائع ہوتا تھا اس میں کبھی کبھی حضرت مولانا احمد سعید صاحب سابق ناظم جمعیۃ العلماء ہند کے عالمانہ مضامین بھی شائع ہوتے رہتے تھے اگرچہ اخبار کے بند ہونے اور اس کے فائل گم ہو جانے سے ایک بہت بڑا ذخیرہ مضامین کا ضائع ہو گیا مگر اس وقت جتنے مضامین ہم کو مل سکے ان کو ترتیب دیکر کتابی شکل میں شائع کیا جا رہا ہے سب سے پہلا مضمون جو آپ نے گجرات جیل میں لکھ کر اخبار کے لئے روانہ فرمایا تھا وہ ہے **شعبان اور اسراف**۔ اسراف کی مذمت اور برائی قرآن شریف سے ثابت کی ہے اور بہت سی قرآن شریف کی آیتیں اسراف کی مذمت میں پیش کی ہیں اسی طرح ایک مضمون ہے



Marfat.com

روزہ[2] صوفی کی نظر میں۔ فطرت[3] انسانی اور عید۔ مدینہ[4] طیبہ کے یتیم کی عید۔ محمد[5] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری خطبہ۔ حیات[6] خلیل پر ایک مضمون ہے۔ رحمۃ[7] اللعلمین۔ شاہان[8] مغلیہ کی اولاد۔ ان کے علاوہ اور کئی مضمون ہیں۔ محرم[8] اور بقر عید[9] وغیرہ پر آخری مضمون ہے۔ اسلام[10] میں عورت کا مرتبہ، اس میں تمام مذاہب سے مقابلہ کیا ہے۔ اور آخر میں یہ بتایا ہے کہ سوائے اسلام کے اور کسی مذہب میں عورت کی کوئی حیثیت نہیں ہے مضمون قرآن شریف اور احادیث رسول اللہ صلعم کی روشنی میں لکھا گیا ہے جا بجا قرآن شریف کی آیتیں اور حدیثیں بھی نقل کی گئی ہیں تمام مضمون نہایت دلچسپ اور پڑھنے کے قابل ہیں۔ کتاب کی ضخامت تقریباً دو سو صفحات سے بھی زائد ہے قیمت عہ

ہفت سورہ حضرت مولانا کم و بیش آٹھ دس سال سے قرآن شریف کا عام فہم اردو ترجمہ و تفسیر لکھ رہے تھے خدا کا شکر ہے ترجمہ تو پورا ہو گیا اور تفسیر اس وقت تک صرف چار پاروں کی لکھی جا چکی ہے بعض حضرات کا یہ تقاضہ تھا قرآن شریف بغیر تفسیر کے ہی شائع کیا جائے چنانچہ مناسب یہ سمجھا گیا حضرت مولانا کے عام فہم ترجمہ کا ایک ہفت سورہ شائع کیا جائے اور اس کے بعد پوری سورہ بقر مع تفسیر کے شائع کی جائے چنانچہ یہ ہفت سورہ حضرت مولانا کے عام فہم ترجمہ کے ساتھ شائع کیا گیا ہے اور ہر ہر سورۃ کا خواص اور اس کا نقش اور تعبیر خواب بھی مزید شامل کر دیا گیا ہے تاکہ اس ہفت سورہ سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جا سکے قیمت دو روپے (عہ)

تقاریر سیاسیہ یہ حضرت مولانا کی کچھ سیاسی اور کچھ مذہبی تقاریر کا مجموعہ ہے۔ جو آپ نے ہندوستان کے مختلف گوشوں میں کی ہیں۔ زیادہ تر یہ تقریریں ہندوستان کے آزاد کرانے کے سلسلہ میں ہیں جس میں آپ نے بتایا ہے کہ آزادی ہندوستان کا پیدائشی حق ہے



Marfat.com

اور اس کو لاٹھیوں، اور گولیوں و جیل میں ڈال کر ہندوستان کو اس نعمت سے محروم نہیں رکھا جاسکتا جو لوگ جیل میں بھوک ہڑتال کر دیتے ہیں ان کا شرعی حکم۔ سیاست کشمیر کے مظالم کے خلاف اور مجلس احرار کی تحریک کی حمایت میں ایک تقریر ہے۔ آخری تقریر حضرت مولانا انور شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال پر نہایت جامع تقریر ہے جس میں یہ بتایا ہے کہ آج مٹی میں ہم نے کتنی بڑی ہستی کو دفن کیا ہے۔

بہر کیف یہ چودہ تقاریر کا مجموعہ ہے۔ اگر سیاسی معلومات کے ساتھ ساتھ مذہبی معلومات چاہتے ہیں تو اس کو ضرور منگا کر ملاحظہ فرمایئے۔ قیمت دو روپے چار آنے ۴؍

**شوکت آرا بیگم** حضرت مولانا کا ایک مذہبی و سیاسی اور اصلاحی ناول جو اب سے بیس سال قبل خاموش تبلیغ کے نام سے شائع ہو کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوا تھا اور ایک عرصہ سے نایاب تھا اب اس کو دوبارہ شائع کیا گیا ہے اگر ہندو اور انگریزوں کے ساز باز اور ظاہر و باطن معلوم کرنا چاہتے ہیں تو اس کتاب کو ضرور ملاحظہ فرمایئے اس ناول میں بہت سے مسائل بھی زیر بحث آگئے ہیں۔ جن کو حضرت مولانا نے نہایت خوبی کے ساتھ حل کیا ہے۔ قیمت دو روپے عام

**رسول اللہ ص** نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی مختصر سوانح حیات جس کو حضرت مولانا نے خود اپنی نگرانی میں تصنیف کرایا ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام جنگوں میں شرکت اور عدم شرکت دونوں قسم کے صفحے لکھے گئے ہیں اور بتایا گیا ہے کہ آقائے نامدار نے کتنی جنگوں میں خود شرکت فرمائی اور کافروں کو خدا نے کس طرح ذلیل و خوار کیا اس مختصر کتاب میں جو مستند حالات آپ کو مل سکتے ہیں۔ وہ بڑی بڑی سیرت کی کتابوں میں بھی ملنا مشکل ہیں قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے ۱؍۸

ان کے علاوہ ہر قسم کی کتابیں ملنے کا پتہ

**دینی بک ڈپو۔ اردو بازار۔ دھلی**

PANJAB UNIVERSITY LIBRARY SECTION



Marfat.com

78885

# اِصلاح الرسوم

از

حضرت مولانا شاہ اشرف علی رحمۃ اللہ علیہ

ARABIC SECTION PANJAB UNIVERSITY LIBRARY

دہلی

Marfat.com